نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ فروری ۲۰۱۸ء

قیمت:- /۶۵ روپے

روحانی دنیا

شرف زہرہ

تثلیث زہرہ و مشتری

برنی
روزانہ کواکبی گائیڈ
2018
ہر روز کے نظرات معدان کے اثرات، مدت اثرات کواکب
ہر سعد و نحس نظر کا دورانیہ، کاروبار، فنانس، قانونی نکات، قمری دنوں کی مخصوص
سرگرمیاں، قمری عدم الحساب، ہر روز اپنے پروگرام ترتیب دیں
اس تقویمی گائیڈ کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ ڈائری کی طرح ہر صفحہ پر ۵ دن دیئے گئے ہیں تاکہ اس میں ہر خاص و عام بات لکھی جا سکے، پہلے سے اپنے پروگرام ترتیب دیں، کس دن کون سی خریداری کرنی ہو، شادی کب کریں، ملازمت کی درخواست کس دن یا نظر میں دینی ہے۔ پراپرٹی یا مکان کب خریدا یا بیچا جائے۔ لین دین، گفت وشنید، تحریری کام، پیشہ وارانہ کاروبار اور دیگر معاملات کب طے کئے جانے چاہئے، سفر کا دن کون سا بہتر ہے۔ ہر تاریخ میں اس دن کے نظرات، قمری دور، برج میں قمر کا داخلہ معہ وقت، برج میں کواکب کا داخلہ معہ وقت، ہجری و عیسوی تاریخیں، رجعت و استقامت، قمری خلل السیار شامل ہیں۔
۳۶۵ دنوں کے
ہر دن کے اثرات،
عملیات کے اہم
مواقعوں سے
فائدہ اٹھائیں
قیمت کتاب:- /۲۰۰+ ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com
Phone: 021-34949944
اوراق پبلشرز پی آئی بی کالونی کراچی نمبر ۷۴۸۰۰
اپنے قریبی بک اسٹور سے حاصل کریں
آپنا آڈر آج ھی ارسال کریں

شمارہ ھذا کے جملہ مضامین کے حقوق اشاعت محفوظ ھیں

علوم روحانی دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

جاری شدہ ۱۹۳۲ء
بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ماہنامہ روحانی دنیا

مینجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

بدل اشتراک

فی پرچہ:-/ ۶۵ روپے سالانہ چندہ:-/ ۸۰۰ بذریعہ رجسٹری:-/۹۵۰ روپے
میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:-/۱۴۰۰ روپے

غیر ممالک ایئر میل
ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:-/۳۲۰۰ روپے
افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ) :-/۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر ۸۵

شمارہ نمبر ۱۰

ماہ ماہ فروری ۲۰۱۸ء

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

رابطہ دفتر
فون نمبر: 021-34949944
021-32018699
0333-7202964

ای میل: ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

- مینجر سرکولیشن سہیل احمد
- کمپوزنگ اصغر نظامی

اس شمارے میں

۱	اسرار الٰہی	۳
۲	خواب اور اس کی حقیقت	۵
۳	شرف زہرہ	۷
۴	علم جفر	۸
۵	جسمانی بیماریوں پر دماغ کے اثرات	۹
۶	تربیع شمس و مریخ	۱۰
۷	ہاتوں کے راز	۱۱
۸	تثلیث زہرہ و مشتری	۱۴
۹	افادات علامہ دمیریؒ	۱۶
۱۰	لوح تحفظ	۱۷
۱۱	تثلیث شمس و مشتری	۱۸
۱۲	کلینڈر ماہ فروری	۱۹
۱۳	کیا آپ کا برج دلو ہے؟	۲۰
۱۴	تثلیث عطارد و مشتری	۲۲
۱۵	ماہ فروری کیسا گذرے گا؟	۲۳
۱۶	ماہ فروری کے ستارے	۳۴
۱۷	نظرات کواکب بمعہ عملی ہدایات	۳۵
۱۸	فالنامہ	۳۹

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ: مینجر رسالہ روحانی دنیا ابراہیم مارکیٹ پیر الٰہی بخش کالونی کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیاردیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	1600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزدُبریجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	450.00
لیمون	LEMON OIL	30	450.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	350.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روزمیری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	12500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	1800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	2280.00
گٹھیااور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاءاورنسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ فروری ۲۰۱۸ء

اسرار الٰہی

امیر المومنین صحیح فہم و ذوق سلیم کے مالک اپنے احوال و کوائف میں حق پر متحد و ایک ہوتے ہیں اور عدل و انصاف اور احسان وللّٰہیت و خدا ترسی کی فراخ و کشادہ سرزمین میں باہم جیتے ہیں- چنانچہ ان کا چھوٹا بڑا حاکم و محکوم آزاد غلام دین کے معاملہ میں سب یکساں ہوتے ہیں- ان میں ایک کا ایک مخصوص مقام و مرتبہ ہوتا ہے- باہم اختلاف و انشقاق کی آگ نہیں بھڑکتی اور نہ ان پر بداخلاقی و رشوت کی سلطانی و فرمانروائی ہوتی ہے- ان کے فیصلے اللہ کی نازل کردہ آسمانی احکام کے مطابق ہوتے ہیں اور ہمیشہ اللہ کی طرف سے امن و امان میں ہوتے ہیں اور اگر وہ فیصلوں میں حیلہ و سازش شروع کر دیں اور ظاہر میں حق کا ایک رخ پیش کر کے دروں خانہ باطل کو پوشیدہ رکھیں ان کے بارے میں انصاف پرور حکم سنا دیتا ہے-

(ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولیك ھم الفاسقون جو اللہ کے نازل کردہ احکام کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے دراصل وہی فاسق ہیں- سورہ مائدہ ۴۷) جب وہ باطل کا مظاہرہ کرتے ہیں اور اس کیلئے اپنی حکومت کی شان و شوکت اور قوت و غلبہ کے بل پر شریعت کی راہ ہموار کریں تو اللہ کا فیصلہ ہوتا ہے- (ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئك ھم الظالمون اور جو لوگ اللہ کے نازل کردہ احکام کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے دراصل وہی ظالم ہیں- سورہ مائدہ ۴۵) پھر جب باطل کا مظاہرہ کرنے کے اس کے جواز کے لئے اپنی من گھڑت رائے سے حکمت شریعت کو حقیر سمجھ کر اپنی سلطنت کی طاقت پر بھروسہ کر کے کوئی راہ تلاش کرتے ہیں اور اس کے مطابق فیصلہ کرتے تو زبردست انتقام لینے والا اللہ ان کو مخاطب کر کے کہتا ہے- (ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئك ھم الکافرون اور جو لوگ خدائی احکام کے مطابق فیصلے نہیں کرتے درحقیقت وہی کافر ہیں- سورہ مائدہ ۴۴)

امیر المومنین عمل کے محل خیال کے ہاتھوں تعمیر نہیں ہو پاتے اور نہ کسی ذی روح کی حفاظت بغیر ہمہ گیر قانون کے ممکن ہے- جو دونوں کو باہم یکجا کرے اور جوڑے اور نزاع و اختلاف کو مٹائے اور وہ بخدا صرف انصاف پر مبنی شریعت اور نبی کریم ﷺ کی پاک سنت ہے اور یہی اللہ کا حکم ہے جس نے طبیعتوں کو ڈالا اور اسے معلوم ہے جو انہیں سازگار ہے اور اسی کے ذریعہ ایک کمزور اپنے طاقتور مدمقابل سے اپنا حق حاصل کرنے پر سکون و راحت محسوس کرتا ہے اور امیر المومنین آپ کو تو معلوم ہی ہے کہ آپ کے چچازاد بھائی امام المسلمین و امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے اپنے چچازاد بھائی سید الخلائق نبی کریم ﷺ سے روایت کی ہے آپ نے فرمایا (لن تقدس امة لایوخذ للضعیف فیھا حقه من الوی غیر ممتنع رواہ الطرانی بکلمة (لا) والبز ارازعن عائشہؓ وابن ماجہ) وہ قوم معزز و بابرکت نہیں ہو سکتی جس میں کمزور کو زبردست زور آور مقابل سے اس کا حق نہ دلایا جاتا ہو اور اللہ کی قسم معاملہ بھی ایسا ہے امیر المومنین آپ کو بزرگ و برتر صحابی رسول حضرت عمر فاروقؓ کی سیرت بھی خوب معلوم ہے کہ انہوں نے فارس، ایران، روم، مغرب چین اور ہندو بربر (افریقہ) کے دلوں پر ریشمی قالینوں اور نرم و گداز گدوں جام گوہر اعلیٰ نسل کے گھوڑوں فلک بوس عمارتوں اور سنہری محرابوں کے ذریعہ رعب و دبدبہ نہیں بٹھایا بلکہ بے محابہ انصاف سے مرعوب کیا اور ان کے دلیر اور قدر آور پرنخو دلوگوں کو بے پایاں حکمت سے زیر کیا اور معلوم ہو کہ وہ حکمت حکماء کے سردار دانشوروں کے سرتاج امام الانبیاء ﷺ کی شریعت ہے-

لـــوح زحـــل

استحکام وجمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات، ناموری، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب وآلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اُس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔

۳۔ تسلط برخلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔

۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔

۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔

۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔

۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ برمخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جاسکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اُٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اُس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے چاندی کی لوح اور خاص اوقات میں اس لوح کے نقوش اس پر اُتارنے ہوں گے پھر اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے آپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

جو لوگ دفتر سے لینا چاہیں تو لوح کا ہدیہ علاوہ محصول ڈاک کے ارسال کردیں۔ ہدیہ نام مع والدہ لکھیں۔

اب سختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

اپنا نام معہ والدہ کا نام 0333-7202964 پر میسیج کریں۔ اور رقم منی آڈر حارث عثمانی البرنی کے نام کا ارسال کریں

خواب اور اس کی حقیقت

حضرت امام بخاریؒ نے بخاری شریف میں ایک باب کتاب التعبیر بھی تحریر فرمایا ہے۔ جس میں تمام روایات خوابوں کی اور تعبیروں کے متعلق ہے۔ آج ہم امام بخاری کی انہی روایات سے مستفیض ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

رات کو خواب دیکھنا

محمد بن سیرین نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا مجھے کلام کی کنجیاں عطاء فرمائی گئیں اور رعب کے ساتھ میری مدد فرمائی گئی اور میں رات کے وقت سویا ہوا تھا جب کہ میرے پاس زمین کے خزانوں کی کنجیاں لائی گئیں یہاں تک کہ میرے ہاتھ پر رکھ دی گئیں حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تو چلے گئے اور آپ حضرات ان خزانوں کو منتقل کر رہے ہیں۔

یعنی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے زمین کی کنجیاں عطاء فرمادی گئی ہیں معلوم ہوا کہ آپ ﷺ کو پروردگار عالم نے زمین کا مالک بنا رکھا ہے یہ ملکیت مجازی اور عطائی ملکیت ہے ورنہ حقیقی مالک تو خدا کے سوا کوئی نہیں اور نہ ہی کوئی ہوسکتا ہے۔ ہاں یہ عطائی ملکیت کے لئے ہی اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اے میرے محبوب ﷺ انا اعطینک الکوثر o ہم نے آپ ﷺ کو کوثر عطا فرمایا ہے نبی کریم ﷺ کے خداداد اختیارات کا انکار کرنا خدا کے دین کا منکر ہونا ہے اور اس کا سبب عداوت رسول ﷺ کے سوا اور کیا ہے۔ خدائے ذوالجلال رسول ﷺ دشمنی کی بیماری سے ہر مسلمان کو محفوظ رکھے اپنے دین کا منکر ہونے سے بچائے۔

نافع نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا مجھے رات کے وقت کعبۃ اللہ کے پاس خواب دکھایا گیا پس میں نے ایک گندمی رنگ کے خوبصورت آدمی کو دیکھا جیسے تم گندمی رنگ کے خوبصورت آدمی دیکھتے ہو اس کے بڑے خوبصورت گیسو تھے جیسے تم نے کسی آدمی کے دیکھے ہوں گے اس نے کنگھی کی ہوئی اور پانی ٹپک رہا تھا وہ دو آدمیوں کا سہارا لئے ہوئے یا دو آدمیوں کے کندھوں کا سہارا لئے خانہ کعبہ کا طواف کر رہا تھا۔ پس میں نے پوچھا کہ یہ کون ہے کہا گیا یہ مسیح ابن مریم ہیں پھر میں نے ایک گھنگھریالے بالوں والے آدمی کو دیکھا جو داہنی آنکھ سے کانا تھا گویا وہ پھولا ہوا انگور تھی میں نے سوال کیا یہ کون ہے چنانچہ کہا گیا کہ یہ مسیح دجال ہے۔

دن کے وقت خواب دیکھنا

ابن عون نے ابن سیرین سے روایت کی ہے کہ دن کا خواب بھی رات کے خواب کی طرح ہے۔ اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہؓ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ حضرت ام حرام بنت ملحان کے پاس تشریف لے جایا کرتے تھے اور وہ حضرت عبادہ بن صامتؓ کے نکاح میں تھیں بس ایک روز آپ ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے تو انہوں نے آپ ﷺ کو کھانا کھلایا اور وہ آپ ﷺ کے سر مبارک کو سہلانے لگیں تو رسول اللہ ﷺ کو نیند آ گئی۔ جب آپ ﷺ نیند سے بیدار ہوئے تو آپ ﷺ ہنس رہے تھے۔ حضرت ام حرام فرماتی ہیں کہ میں عرض گذار ہوئی یا رسول اللہ ﷺ آپ کو کس چیز نے ہنسایا ہے فرمایا کہ مجھے میری امت کے کچھ لوگ دکھائے گئے جو اللہ کی راہ میں جہاد کر رہے ہیں اور اس سمندر کے سینے پر اس طرح سوار ہیں جیسے بادشاہ تختوں پر یا بادشاہوں کی طرح جو تختوں پر ہوں (یہ اسحاق راوی کا شک ہے) فرماتی ہیں کہ میں عرض گذار ہوئی کہ یا رسول اللہ ﷺ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان میں شمار فرمائے۔

چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے لئے دعا کی اور سر رکھ کر سو گئے پھر جب بیدار ہوئے تو آپ ﷺ ہنس رہے تھے میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ کو کس چیز نے ہنسایا ہے۔ فرمایا مجھے میری امت کے کچھ لوگ دکھائے گئے۔ جو اللہ کی راہ میں جہاد کر رہے ہیں پھر اسی طرح فرمایا جس طرح پہلے فرمایا تھا۔ ان کا بیان ہے کہ میں عرض گذار ہوں یا رسول اللہ ﷺ دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان میں شمار فرمالے۔ فرمایا کہ تم پہلے گروہ میں ہو پس یہ حضرت معاویہ بن ابوسفیانؓ کے زمانے میں سمندری جہاز پر سوار ہوئیں اور جب سمندر سے باہر نکلیں تو اپنی سواری سے گر کر جاں بحق ہوگئیں۔

عورتوں کا خواب دیکھنا

ابن شہاب نے ابن زید بن ثابتؓ سے روایت کی ہے کہ انصار کی ایک عورت حضرت ام العلاءؓ جنہوں نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ مہاجرین کو قرعہ اندازی کے ذریعے تقسیم کیا گیا وہ فرماتی ہیں کہ حضرت عثمان بن مضمعون ہمارے حصہ میں آئے اور ہم نے انہیں اپنے گھر میں اتارا چنانچہ وہ اس بیماری میں مبتلا ہوگئے۔ جس میں انہوں نے وفات پائی تھی جب انہیں غسل دے کر ان کے کپڑوں کا کفن پہنایا گیا تو رسول اللہ ﷺ تشریف لے آئے۔ پس میں نے کہا اے ابوسائب آپ پر اللہ کی رحمت ہے۔ میں گواہی

دیتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو بزرگی عطاً فرمائی ہے پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں بزرگی عطاء فرمائی ہے- میں عرض گذار ہوئی کہ یا رسول اللہ ﷺ میرا باپ آپ پر قربان اللہ تعالیٰ اور کس کو بزرگی دے گا چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ تو خدا کی قسم وفات پاگئے اور خدا کی قسم میں ان سے بھلائی کی امید رکھتا ہوں لیکن قسم ہے خدا کی کہ اپنی عقل سے تو میں بھی نہیں جانتا حالانکہ میں اللہ کا رسول ہوں کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا- پس انہوں نے کہا کہ خدا کی قسم اس کے بعد میں کسی تعریف نہیں کروں گی-

ابوالیمان شعیب نے زہری سے اسی طرح روایت کرتے ہوئے کہا میں اپنی عقل سے نہیں جانتا کہ ان کے ساتھ کیا کیا جائے گا- وہ فرماتی ہیں کہ مجھے اس بات کا رنج ہوا اور میں سوگئی پس میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت عثمان کے لئے ایک چشمہ جاری ہے- میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ بات بتائی تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ ان کا عمل ہے-

برے خواب شیطان کی طرف سے ہیں جو ایسا دیکھے تو بائیں جانب تھتکار دے اور اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگے-

ابو سلمہ نے حضرت ابوقتادہ انصاریؓ سے روایت کی ہے جو نبی کریم ﷺ کے ایک اصحابی اور شہسواروں میں سے تھے ان کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور برا خواب شیطان کی جانب سے ہے- جب تم میں سے کسی کو پریشان خواب نظر آئے جس کو وہ پسند نہ کرتا ہو تو بائیں جانب تھتکار دینا چاہئے اور اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا چاہئے تو وہ خواب نقصان نہیں دے گا-

خواب میں قمیض دیکھنا

ابو امامہ سہل نے حضرت ابوسعید خدریؓ کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں سویا ہوا تھا تو میں نے دیکھا کہ لوگ میرے سامنے پیش کئے جارہے ہیں اور وہ قمیض پہنے ہوئے ہیں بعض کی قمیض تو سینے تک تھی اور بعض کی اس سے نیچے جب عمرؓ بن خطاب میرے پاس سے گذرے تو ان کی قمیض گھسٹ رہی تھی لوگ عرض گذار ہوئے کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ اس سے کیا مراد لیتے ہیں تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''دین''-

خواب میں سبزہ یا سبز باغ دیکھنا

محمد بن سرین کا بیان ہے کہ قیس بن عبادہ نے فرمایا میں اس مجلس میں تھا جس میں حضرت سعید بن مالک اور حضرت ابن عمرؓ بھی تھے تو وہاں سے عبداللہ بن سلامؓ عنہ گذرے تو لوگوں نے کہا یہ آدمی اہل جنت میں سے ہے میں پوچھا کہ لوگوں نے یہ کیا کہا ہے کیا سبحان اللہ لوگوں کو ایسی بات نہیں کہنی چاہئے تھی جس کا انہیں علم نہ ہو فرماتے ہیں میں نے خواب میں ایک ستون دیکھا جو کسی سرسبز شاداب باغ میں رکھا ہوا ہے اور اس میں نصب کر دیا گیا ہے- اس کی چوٹی پر کنڈا اور نیچے ایک ملازم ہے- منصف اور المنصف دونوں الوصیف سے ہیں- مجھ سے کہا گیا کہ چڑھو پس میں چڑا یہاں تک کہ میں نے اس کنڈے کو جا پکڑا پس میں نے رسول اللہ ﷺ کے حضور اس خواب کو عرض کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عبداللہ بن سلام ﷺ جب وفات پائیں گے تو دین کے کنڈے کو مضبوطی سے تھامے ہوئے ہوں گے-

خواب میں عورت کا چہرہ دیکھنا

عروہ بن زبیرؓ نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے تم خواب میں دو مرتبہ دکھائی گئیں کہ ریشمی کپڑے کے اندر تمہیں ایک آدمی نے اٹھایا ہوا تھا- پھر وہ کہتا ہے کہ یہ آپ ﷺ کی بیوی ہیں میں نے اس کے اوپر سے کپڑا ہٹا کر دیکھا تو وہ تم تھیں پس میں نے کہا کہ اگر یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو ہو کر رہے گا-

خواب میں ریشمی کپڑے دیکھنا

عروہ بن زبیرؓ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا مجھے تم دو مرتبہ خواب میں دیکھائی گئیں کہا گیا کہ آپ ﷺ ان سے شادی کریں گے- پہلی دفعہ دیکھا کہ فرشتے نے تمہیں ریشمی کپڑے میں اٹھایا ہوا ہے میں نے کہا کہ منہ کھول دو اس نے کپڑے کا منہ کھول دیا میں نے اس میں دیکھا تو وہ تم تھیں- پس میں نے کہا کہ اگر یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو ہو کر رہے گا- پھر دوسری مرتبہ مجھے تم دکھائی گئیں تو فرشتے نے تمہیں ریشمی کپڑے میں لپیٹا ہوا تھا- اٹھایا ہوا تھا میں نے کہا کہ اس کا منہ کھول دو اس نے منہ کھولا تو دیکھا کہ وہ تم تھیں پس میں نے کہا کہ اگر یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو ہو کر رہے گا-

ہاتھ میں کنجیاں دیکھنا

سعید بن مسیبؒ کا بیان ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ مجھے جامع کلمات کے ساتھ مبعوث فرمایا گیا اور رعب کے ساتھ میری مدد فرمائی گئی ہے اور میں سویا ہوا تھا کہ زمین کے خزانوں کی کنجیاں میرے پاس لائی گئیں- محمد نامی کسی بزرگ کا قول ہے کہ مجھ تک یہ بات پہنچی ہے کہ جوامع الکلم سے یہ مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بہت سے امور یعنی لمبے چوڑے مضامین جو پہلی کتابوں میں سمائے تھے اور وہ ہوتے ایک دو باتوں کے متعلق تھے وہ آپ ﷺ کے لئے جمع فرمادیئے تھے-

راولپنڈی میں

رسالہ کتب اور برنی تقویم حاصل کرنے کے پتے

اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک

اسلام آباد میں

Mr. Books Pvt Ltd,
Super Market

شرف زہرہ

زہرہ دورہ فلک طے کرتا ہوا جب برج حوت کے ۲۷ درجہ پر پہنچتا ہے تو اس میں ایک خاص تاثیر پیدا ہوتی ہے۔ پروردگار عالم نے وقت کے ہر موقعہ میں تاثیر رکھی ہے۔ حکمائے فلاسفر کا قاعدہ ہے کہ وہ حصول اثر کے لئے فاعل کو مہیا کرتے ہیں تا کہ عالم فلکی کی تاثیر کو عالم سفلی میں اتارا جا سکے اور جب ایسا مادہ مہیا کر لیا جاتا ہے جو اس کا اثر قبول کرے تو اس اثر کو لوح یا نقش پر اتار لیا جاتا ہے اور وہ سبب زمین پر ظہور صنعت قدرت خدا کا ہو جاتا ہے چنانچہ زہرہ کے ان درجوں پر فائز ہونے سے جو تاثیر پیدا ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ رجوع خلق اور تسخیر مستورات کے لئے بہت تیزی سے کام کرتی ہے نتیجہ اس کا یہ ہوتا ہے کہ جس شخص کے پاس یہ لوح ہو گی۔ لوگ واقف و ناواقف بڑے اور چھوٹے کسی نامعلوم کشش کے باعث متوجہ ہو جاتے ہیں اور پسند کرتے ہیں جوق در جوق آتے ہیں۔ شہرت، عظمت اور مقبولیت حاصل ہوتی ہے۔

لہذا اس وقت سے ان تمام لوگوں کو فائدہ اٹھانا چاہیے جن کا خلقت سے عام تعلق ہے مثلاً حکیم، ڈاکٹر، وکلاء، لیڈر، دکاندار اور دیگر ایسے تمام پیشہ ور لوگ جن کا ذریعہ آمدن عوام کی آمد سے متعلق ہے۔ کاروبار میں اضافہ کے لئے یہ ایک موثر وقت ہے۔ دکانداروں کے لئے خصوصاً" یہ وقت موثر ہے۔

تسخیر حکام، تسخیر خلق، رجوع خلق اور قوم یا خلقت پر بزرگی حاصل کرنے کے لئے سال بھر میں یہ ایک موثر وقت آتا ہے اور وہ لوگ جن کا خلقت کی آمد سے تعلق نہیں ان کے لئے تسخیر خلق کی ضرورت ہوتی ہے۔ یعنی اپنے حلقے، ساتھ کام کرنے والوں، افسران، خاندان اور قوم میں برتری ہو لہذا اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

زہرہ ۳ مارچ کو ۱۱ بجکر ۳۰ منٹ نصف شب سے ۴ مارچ کو ۶ بجکر ۴۵ منٹ شامتک شرف میں رہے گا۔ ۳ ساعتیں ملیں گی جن میں آپ نے کام کرنا ہے۔ ان ساعت میں کام باآسانی مکمل کر سکتے ہیں۔

ایک لوح چاندی کی بنوائیں اس میں آیت يَفْعَلُ اللّٰهِ مَايَشَآءِ وَ يَحْكُمُ مَّايُرِيْدُ کے اعداد ۹۵۸ پر کریں لیکن لوح ذوالکتاب ہو۔ جس کی شکل و رفتار ذیل میں دی جاتی ہے۔

رفتار

۱	۷	۱۳	۱۹	۲۵
۱۴	۲۰	۲۱	۲	۸
۲۲	۳	۹	۱۵	۱۶
۱۰	۱۱	۱۷	۲۳	۴
۱۸	۲۴	۵	۶	۱۲

اصل نقش

یفعل	اللہ	مایشاء	ویحکم	مایرید
۳۵۴	۸۵	۲۶۱	۱۹۱	۶۷
۲۶۲	۱۹۲	۶۸	۳۵۵	۸۱
۳۵۰	۳۵۱	۸۲	۲۶۳	۱۹۳
۸۳	۲۶۴	۱۹۴	۶۵	۳۵۲

نقش کے اوپر یا مجیدُ رفیعُ نعم النّصیر لکھیں۔ نیچے وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لکھیں اور پشت لوح پر اسمائے موکلات و عزیمت لکھیں۔

اُجبُ یا حفطیائیلُ یاحنظیائیلُ یا مولیائیل یاخنطائیلُ سَخِّرِ لِخَلْقِكَ مِنَ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَالْبَحْرِ وَالْبَرِّ وَالْجِنِّ وَالْاِنْس كَمَا سَخَّرَ لِدَاؤدَ وَ لِسُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

تیار کرتے وقت باوضو ہوں۔ علیحدہ کمرہ ہو۔ کپڑے صاف اور معطر ہوں۔ بخور زہرہ کا جلائیں۔ جو زعفران اور سفید صندل ہے۔ دونوں میں سے جو میسر ہو وہ جلائیں اگر لوح چاندی کی نہ بنوا سکیں تو کاغذ پر زعفران سے لکھیں اسے بازو بند بنائیں یا گلے میں ڈالیں اور ہمیشہ پاس رکھیں۔ تاثیر اس کی ظاہر ہو گی۔ اس مہر کی برکت سے جمیع خلق مطیع و مسخر ہو گی اور جماعت قوم، خاندان یا ماحول میں مقبولیت حاصل ہو گی۔ دکاندار لیڈروں، وکلاء، حکماء وغیرہ کے لئے یہ لوح اسباب رزق میں سے ہے۔ لوح باندھ کر حسب توفیق تصدق کریں اور ختم دلائیں۔ اس لوح یا نقش کو سفید ریشمی کپڑے میں سلوانا ہو گا۔

کوشش کریں کہ اپنی ضرورت کے لئے نقش یا لوح خود تیار کریں۔ جو بات سمجھ میں نہ آئے خط لکھ کر دریافت کر سکتے ہیں۔ جو کسی وجہ سے خود تیار نہ کر سکیں اور مدد کے خواہاں ہوں۔ ان کے لئے کاغذ پر تیار کرنے کا ہدیہ -/۹۷۰۱ روپے ہو گا۔ محصول ڈاک -/۶۵ روپے ہو گا۔ ہدیہ کم از کم پندرہ دن قبل ارسال کریں تا کہ آپ کا کام تیار ہو سکے۔ نام معہ والدہ ارسال کریں اور مقصد۔

وہ لوگ جو اس لوح کو رکھیں تو اسمائے الٰہی یا مجید رفیع نعم النصیر کا ورد کریں اس کے عدد ۹۵۸ ہیں اور آیت کے عدد بھی ۹۵۸ ہیں۔ اس کے ورد سے طالب بہت جلد عزیز خلق ہو جاتا ہے اور اس کا شہرہ دور و نزدیک پھیل جاتا ہے اور اس کی وجہ سے ترقی بہت ہوتی ہے۔ مال و دولت کے آسان ذرائع بھی ملتے ہیں۔

برقی فیتہ

یہ فیتہ صرف بچوں کے لئے ہے۔ اس کو گلے میں ڈالنے سے بچوں کے دانت بغیر کسی مشکل اور تکلیف کے نکلتے ہیں۔ - ہدیہ 100 روپے محصولڈاک ۵۵ روپے

(قسط۲)

علم جفر

گزشتہ شمارہ میں ابجد کے حروف کی دوسری زبانوں میں کمی بیشی کا ذکر کیا تھا- مروجہ ابجد کو مرکب کر کے سات جملے بنا لئے گئے ہیں- ابجد- ہوز- حطی- کلمن سعفص- قرشت- ثخذ ضظغ- یہ جملے بے معنی ہیں یا بامعنی- اس کے متعلق متکلمین کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ ان کے کوئی معنی نہیں- صرف مراتب اعداد ملحوظ رکھ کر جملے بنا لئے گئے ہیں- بعض کہتے ہیں کہ ابن مرہ جو عرب کا مشہور عالم تھا اس کے آٹھ بیٹے تھے یہ اس کے بیٹوں کے نام ہیں- میرے نزدیک یہ غلط بات ہے کیونکہ تمدن عرب سے پہلے یہودی چھ جملوں سے کام لیتے تھے اور ان کی زبان ۲۲ حرفوں سے مرکب تھی- بعد کے چھ حروف ث' خ' ذ' ض' ظ' غ- ان کی زبان میں نہ تھے اور ان کے عدد چار سو تک محدود تھے- یعنی قرشت کی ت تک- اور کہتے ہیں- ابجد سے قرشت تک مدائن کے چھ بادشاہوں کے نام تھے- مجھے یہ مفروضہ بھی غلط معلوم ہوتا ہے وجہ یہ کہ میرے پاس حضرت موسیٰ علیہ السلام کے احکامات کی کتابیں ہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے گھر میں پرورش پانے کی وجہ سے دنیوی اور سحری علوم کی پوری تعلیم ملی تھی اور ان کے مقابلہ میں اللہ تعالیٰ نے انہیں جو روحانی تعلیم دی- وہ چھٹے اور ساتویں احکام میں موجود ہے- اس میں ابجد بعینہ اسی ترتیب میں ہے جسے ہم استعمال کرتے ہیں اور ان کے جو اعداد اس وقت مقرر ہیں- وہی اعداد حروف کے ان احکامات میں درج ہیں- یہ ۳۳ حروف ہیں اور یہ کہنا درست ہے کہ حروف کے خواص ان کے اعداد اور ان کی ترتیب یعنی ابجد خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اتاری- انگریزی زبان بھی حروف ابجد کی ترتیب سے ہی بنی ہے- جس میں مرور زمانہ سے تبدیلیاں آ چکی ہیں- یا زبان کا لہجہ بدل کر کچھ کا کچھ ہو گیا ہے اور کچھ ترتیب بھی بدل گئی ہے ملاحظہ ہو

A B C D	ابجد
K L M N	کلمن
Q R S T	قرشت

یہ تو صحیح طور پر موجود ہیں- آخری چار حروف W X Y Z بھی ض ظ غ کی طرح ثقیل قسم کے ہیں توریت کے احکامات میں ساتویں حصہ کی آیت ۱۱۹ کو ملاحظہ کریں- تمام ابجد کے حروف اور خواص اور اعداد لکھے گئے ہیں اور یہی ابجد کی مروجہ ترتیب ہے لہذا یہ کلمات نہ ابن مرہ کے بیٹوں کے نام ہیں نہ مدائن کے بادشاہوں کے نام تھے- یہ جس قدر تحقیق پرانی کتب میں لکھی گئی ہے- موہوم ہے اور لغو ہے-

عبرانی حروف تہجی

عبرانی حروف	تلفظ	ابجد عبرانی	حروف مفرد	اعداد
	الف	الف	ا	۱
	بےتھ	بے	ب	۲
	جیمل	جیم	ج	۳
	دالتھ	دال	د	۴
	ھی	ھا	ھ	۵
	واؤ	واؤ	و	۶
	زاین	زا	ز	۷
	کیتھ	حا	ح	۸
	طیتھ	طا	ط	۹
	یود	یا	ی	۱۰
	کاف	کاف	ک	۲۰
	لامڈ	لام	ل	۳۰
	میم	میم	م	۴۰
	نون	نون	ن	۵۰
	سامک	سین	س	۶۰
	عین	عین	ع	۷۰
	فی	فا	ف	۸۰
	صادی	صاد	ص	۹۰
	قوف	قاف	ق	۱۰۰
	ریش	را	ر	۲۰۰
	شین	شین	ش	۳۰۰
	تاؤ	تا	ت	۴۰۰

اہل عرب نے بعد میں اپنی زبان کے مطابق چھ حروف بڑھا کر عددی تعداد ایک ہزار تک کر لی- عبرانی زبان میں ۲۲ حروف اور ۴۰۰ تک تعداد تھی- وہ جفر کے سوال کس طرح حل کرتے تھے- اس کی کوئی مثال اور نمونہ کسی کتاب سے نہیں مل سکا- چونکہ قدیم عرب کے لوگوں نے بعد کے دو جملے بڑھائے اور تعداد ایک ہزار تک مقرر کر لی- اس لئے جفر کے قواعد بھی انہوں نے مرتب کئے- ابن مرہ بھی انہی لوگوں میں ہوگا- صاحبِ قاموس نے پوری ابجد کا عربوں کو موجد قرار نہیں دیا آخری دو جملوں کا موجد تسلیم کیا ہے اور یہ موقف صحیح ہے اس لئے لازمی یہود اور عربوں کے طرز تکلم میں فرق ہوگا- اہل عرب نے یہود کے ۲۲ کلمات کے بعد ۶ حروف اور اضافہ کر کے ۲۸ حروف کا مجموعہ قائم کیا اور سات پر تقسیم مکمل کر لی- چار چار حروف کے جملے بنا لئے- ہر جملہ کی تقسیم ستاروں پر بھی تقسیم ہو گئی- اس رسم الخط سے قانون اعداد میں کوئی فرق نہ پڑا ہاں طرز تکلم کا فرق ضرور پڑا-

بہرحال علم جفر اسی علم کا نام ہے- جو زبان اور ثقافت سے ہٹ کر اس کے روحانی اثرات سے متعلق ہے اس میں علم الآثار تو قطعی روحانی علم ہے جو حروف اور اس کی قیمتوں یعنی اعداد سے تعلق رکھتا ہے- لیکن علم الاخبار محض حروف کا بعض قواعد کے ماتحت الٹ پھیر ہے جس کا حساب سے تعلق ہے- مستحصلہ اس علم کا خاص رکن ہے- اس کے قواعد پیچیدہ اور لاتعداد ہیں- جس کی وجہ سے مستحصلہ

کے قواعد بھی لاتعداد ہیں۔

یہ میں پہلے بتا چکا ہوں کہ مستحصلہ کے قواعد ۲۸ حروف سے متعلق ہیں۔ ہماری زبان میں ۳۵ حروف پر غلط ہو جائیں گے۔ اس لئے یہ بات عام پھیلی ہوئی ہے کہ یہ ایسا علم ہے جس کو حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے اور بعض اوقات تو قدرتی طور پر ایسا پوشیدہ ہو جاتا ہے کہ اچھوں اچھوں کے قوائے عملیہ بے کار ہو جاتے ہیں دماغ سوزی کوئی نتیجہ نہیں دیتی اس لئے یہ مشہور ہو گیا ہے کہ روحانی قوتیں اگر کسی کے اندر ہیں تو سطر مستحصلہ نکل آتی ہے۔ یعنی حروف مستحصلہ کی تبدیلی روح میں اترنے والی خبر کے مطابق کر لی جائے تو جواب نکل آئے گا۔ بعض اشخاص نے اس نظریہ کو اس طرح معنی پہنائے ہیں کہ جس کا واسطہ اماموں سے نہ ہو گا اس پر اس علم کا انکشاف نہ ہو گا۔ اگر کوئی مستحصلہ سیکھنا چاہے اور مستحصلہ سکھانے والا اپنے فن میں ماہر نہ ہو یا وہ سمجھانا نہ چاہے تو فوراً فتویٰ لگا دیتے ہیں کہ معلوم ہوتا ہے تیرا واسطہ اماموں سے نہیں ہے۔ اس لئے تو یہ علم نہیں سیکھ سکتا۔

میں اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ سطر سوال جواب دے سکتی ہے۔ مستحصلہ والوں نے اپنی تمام صلاحیتوں سے کام لے کر جفر جامع کتاب تیار کی ہے اب دور حاضر نے کمپیوٹر ایجاد کیا ہے جو بعینہ اسی طریقہ کار پر تیار کیا گیا ہے۔ اور فوراً جواب دیتا ہے۔

علم جفر کی بنیاد ۲۸ حروف پر ہے۔ اتنی ہی مرتبہ گردش کر سکتے ہیں۔ یعنی ۲۸ × ۲۸ کی ۷۸۴ قسمیں ایک ہو گئیں اور بھی ہو سکتی ہیں بہر حال یہ ابجدیں بے کار نہیں ہوتیں۔ سب کارآمد ہوتی ہیں۔ جب آپ کو اللہ تعالیٰ فکر رسا دے گا تو آپ ان ابجدوں کو آسانی سے تیار کر لیں گے۔ میں صرف ان ابجدوں کا ذکر کروں گا۔ جو میرے نفس مضمون کے لئے ضروری ہوں گی۔

دیپالپور میں
رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کیلئے
طاہر بک اسٹال نیوز پیپر ایجنٹ ہے۔

(قسط ۲)

جسمانی بیماریوں پر دماغ کے اثرات

کسی دباؤ، تکلیف یا خرابی کی صورت میں دماغ کا مخصوص نظام متحرک ہو جاتا ہے اس پر جسم کا مزاحمتی نظام خود کار طریقہ سے چوکس ہو جاتا ہے یہ دو نظام جسم کی اندرونی اور مستقل طور پر برقرار رہنے والی حالت کو جسے ہومیوا سٹیس کہتے ہیں قائم رکھتے ہیں۔ انسانی خلیات کی ایک خاص تعداد کا ایک خاص حصہ اس نظام کو چلاتا ہے جب ہومیوا سٹیس کو خطرہ لاحق ہو یا اس میں خلل واقع ہو تو بیک وقت مولیکولر خلیاتی اور حرکاتی ردعمل ہوتا ہے۔ یہ تینوں رد عمل خلل اور خطرہ پیدا کرنے والی قوتوں کے خلاف کارروائی شروع کرتے ہیں تا کہ جسم اپنی پرانی داخلی حالت پر واپس آ جائے اس سے پتہ چلتا ہے کہ دماغ اور جسم کے مزاحمتی نظام کا باہم ایک دوسرے پر انحصار ہے وہ ایک دوسرے کو چلاتے ہیں تا کہ دونوں صحت مند رہیں۔ ان دنوں کے افعال میں گڑبڑ ہو سکتی ہے جس سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔

اسٹریس یا دباؤ کی صورت میں جسم کا جو ردعمل ہوتا ہے اس سے جسمانی حالت اور رویوں میں تبدیلی پیدا ہوتی ہے اس کے نتیجہ میں مضر حالات سے بچاؤ ممکن ہوتا ہے۔

جسمانی مزاحمتی نظام کا کام یہ ہے کہ بیرونی سفر اجزاً کو جسم میں داخل ہونے سے روکے وہ جسم میں داخل ہو جائے تو اس کی شناخت کرے اور تباہ کر دے۔ یہی نظام جسم میں داخل ہونے والی زہریلے اجزاء کو ناکارہ بناتا ہے۔ جو ٹشوز خراب ہو جاتے ہیں ان کی مرمت کرتا ہے یا بیمار اور مردہ خلیات کو جسم سے نکال پھینکتا ہے۔ اس نظام کو مستقل ہدایات اور نظم وضبط کی ضرورت رہتی ہے۔ تا کہ یہ اندھا دھند اور بے دریغ کام نہ کرے۔ جب یہ قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے لگتا ہے تو متعدد عوارض جنم لیتے ہیں۔

جسم کا مدافعتی نظام اور دماغ کا مرکزی اعصابی نظام بظاہر بہت مختلف انداز سے منظم ہوتے ہیں۔ دماغ کو مرکزی کنٹرول روم سمجھا جاتا ہے۔ یہاں سے برقیاتی سگنل بھیجے اور وصول کئے جاتے ہیں یہ ٹیلی فون نیٹ ورک کی طرح ہوتا ہے اس کے برعکس جسم کا مدافعتی نظام عدم مرکزیت پر مبنی ہوتا ہے۔ اس کے اعضاء تلی، غدود، تھائی مس Thymus اور ہڈیوں کا گودا پورے جسم میں پھیلے ہوئے ہیں۔ اس ضمن میں نقطہ نظر یہ ہے کہ جسم کا مدافعتی نظام مخصوص خلیات کے ذریعہ پیغامات کی ترسیل کرتا ہے یہ خلیات خون کے بہاؤ میں چھوڑ دیئے جاتے ہیں اور کشتی کی طرح تیرتے ہوئے مقررہ مقام تک جا پہنچتے ہیں تا کہ وہاں اپنا پیغام پہنچا سکیں یا دیگر افعال انجام دے سکیں۔

لیکن مرکزی اعصابی نظام اور مدافعتی نظام درحقیقت سگنل وصول کرنے، انہیں شناخت کرنے اور عمل کرنے کے معاملہ میں یکساں ہیں۔ اس طرح وہ اپنے فرائض ادا کرتے ہیں۔ دونوں نظام حساس آلات سے لیس ہوتے ہیں۔ یہ حساس آلات بیرونی ماحول اور جسم کے دیگر حصوں سے اطلاعات وصول کرتے ہیں ان دونوں نظاموں میں موٹر ایلیمنٹ بھی پایا جاتا ہے جو فوری ردعمل ظاہر کرتا ہے۔

پورے جسم میں بچھا ہوا اعصاب کا جال دراصل وہ راستہ ہے جن کے ذریعے کوئی پیغام یا سگنل وصول کرتا ہے اور اپنی مطلوبہ منزل میں پہنچتا ہے مذکورہ بالا دونوں نظام بعض مرکزی اعصابی نظام اور مدافعتی نظام ابلاغ اور رابطہ کے لئے کیمیکلز پر انحصار کرتے ہیں اعصابی نظام سے گزرنے والے برقیاتی سگنل کیمیکلز کیمیائی سگنل میں تبدیل ہو جاتے ہیں کیمیائی پیغام رساں جو مدافعتی خلیات سے جنم لیتے ہیں مدافعتی نظام کے بعض حصوں اور دماغ و اعصاب کے ساتھ رابطہ رکھتے ہیں جسم میں پیدا ہونے والی ہارمونز دماغ تک جاتے ہیں کیونکہ یہ خون میں شامل ہوتے ہیں۔ خود دماغ بھی ہارمونز بناتا ہے بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ دماغ ہارمونز بنانے والا سب سے اہم عضو ہے یہ متعدد اقسام کے ہارمونز بناتا ہے جو دماغ اور پورے جسم کے ٹشوز پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

تربیع شمس و مریخ

۲۴ مارچ کو ۹ بجکر ۷ منٹ رات کو یہ تربیع قائم ہوگی۔ لہٰذا دوسری ساعت مریخ کی ملے گی جس میں یہ عمل ہوگا۔

جن دو شخصوں میں ناجائز محبت ہو تو ان کی مفارقت کے لئے یہ وقت اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔ ذیل کا عمل مفارقت کے واسطے ۹۹ فیصد مجرب ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ جن دو شخصوں میں باہمی مفارقت منظور ہو۔ ان دونوں کے نام معہ والدہ لکھیں۔ اگر والدہ کا نام نہ معلوم ہو سکے تو اس عمل کو نہ کریں۔ چاروں ناموں کے حروف علیحدہ علیحدہ ایک سطر میں لکھ کر مقلوب التکسیر کے معنی ہیں کہ ہر سطر کا ایک ایک حروف چھوڑتے جاؤ جب سطر ختم ہو تو پھر دونوں طرف سے ایک ایک حرف چھوڑ کر لکھتے جائے اور اسی طریقہ پر زمام حاصل کرو مقلوب التکسیر کے لئے محمود کے نام کی مثال دی جاتی ہے۔

م	ح	م	و	د
ح	و	د	م	م
و	م	م	د	ح
م	د	ح	م	و
د	م	و	ح	م
م	ح	م	و	د

جب زمام حاصل ہو جائے تو ان تمام حرفوں کو ڈیڑھ کی شکل میں قینچی سے کاٹو یعنی ہر ٹکڑے میں ایک حرف پورا آ جائے اور ایک حرف آدھا۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ نصف نصف مکمل ہو بلکہ دوسرے حرف کا کچھ حصہ آ جائے اگر آخر میں حرف نصف رہ جائے تو نصف رہنے دو۔ اگر سالم حرف رہ جائے تو ایک حرف کے ہی دو ٹکڑے کر دو۔ احتیاط رکھو کہ کوئی ٹکڑا ضائع نہ ہو جائے سب ٹکڑوں کو ایک لفافہ میں احتیاط سے رکھو اور ایک ٹکڑا اس میں سے لے کر اس ٹکڑے پر ستر مرتبہ سورہ شریف الم ترکیف پڑھو اس طرح کہ جب فجعلھم پر پہنچو تو دونوں کے نام معہ والدہ لے کر پھر باقی آیت ختم کر دو اور اس ٹکڑے کو آگ میں جلا دو اسی طرح روزانہ ایک ٹکڑا جلایا کرو۔ خدا چاہے تو ان ٹکڑوں کی تعداد ختم ہوتے ہوتے دونوں میں مفارقت ہو جائے گی۔ پہلا ٹکڑا ۱۷ اگست کو جلانا ہوگا۔ روزانہ جلانے کا وقت طلوع آفتاب سے لے کر ۱۲ بجے تک ہے۔ پڑھتے وقت منہ مغرب کی طرف ہو کوئی پرہیز اس عمل میں نہیں مگر پاک صاف اور باوضو ہونا شرط ہے۔ عمل پڑھتے وقت (نیب) کے پتوں کی دھونی کیا کرو تو بہتر ہے۔ مگر کوئی خاص ضرورت بھی نہیں۔

برنی روزانہ کوا کی گائیڈ ۲۰۱۸ میں سال کے سارے عملیات کے اوقات دیئے جاتے ہیں
اپنا آڈر لکھوائیں

اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف

علاؤں کی حکومت

حصہ اول

اس کتاب میں اعداد کی سائنس کے حیرت انگیز نتائج بیان کئے گئے ہیں۔ ہر شخص اپنی تاریخ پیدائش کے عدد، نام کے عدد اور دیگر مختلف اعداد کے ماتحت کام کرتا رہتا ہے۔ یہ نمبر اس کی قسمت، قوت عمل، کام، کاروبار اور تمام دنیاوی کاموں میں کیسے دخل انداز ہوتے ہیں؟ کیسے مدد کرتے ہیں؟ ان کو مفصل طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔ استخراج آسان ہیں۔ حکم لگانا آسان ہے اور تجربہ کرنا آسان ہے۔ اس میں سات باب ہیں۔

پہلا باب	اعداد اور کواکب
دوسرا باب	عدد ذات
تیسرا باب	اعداد کے تعلقات
چوتھا باب	آپ کی زندگی کے مخصوص نمبر
پانچواں باب	اعداد سے جواب برآمد کرنا
چھٹا باب	مستقبل کے حالات معلوم کرنا
ساتواں باب	اعداد کے اسرار

موافق رنگ، موافق ادویات، موافق جگہ، موافق نمبر، موافق لوگ معلوم کرنا، ملکی نتائج، مقاموں کے نتائج، مقابلہ کے نتائج، قیمتوں کے نتائج، شیئرز کے نتائج، ریس کے نتائج وغیرہ معلوم کرنا۔

ستر عنوانات میں ایسی کارآمد معلومات دی گئی ہیں۔ جو زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرتی ہیں۔ کم تعلیم یافتہ آدمی بھی پورا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

قیمت =/۴۵۰ روپے

علاوہ محصولڈاک =/۶۵ روپے علاوہ

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

ہاتھوں کے راز

علم الید

ہتھیلی کے ابھاروں اور شکل کا مطالعہ کرنے کے بعد ایک دست شناس ہتھیلی کے سب سے اہم حصہ کا مطالعہ کرتا ہے اس حصہ میں اہم اور خاص لکیریں ہوتی ہیں۔ ہتھیلی کی یہ لکیریں بہت زیادہ اہمیت کی حامل ہوتی ہیں۔ اچھی گہری اور واضح لکیریں جو کہیں سے ٹوٹی ہوئی نہ ہوں۔ خوش قسمتی کی علامت ہیں۔ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی لکیریں یہ ظاہر کرتی ہیں کہ متعلقہ شخص میں اپنا مقصد حاصل کرنے کی کتنی صلاحیت ہے۔ جب کہ بائیں ہاتھ کی لکیریں یہ ظاہر کرتی ہیں کہ اسے کیا صلاحیتیں ورثے میں ملی ہیں۔ دائیں ہاتھ کی لکیروں سے متعلقہ شخص کے عمل کا اور بائیں ہاتھ کی لکیروں سے اس کے رجحانات کا پتہ چلتا ہے۔ ہلکی لکیریں تندخوئی اور زود رنجی کو ظاہر کرتی ہیں۔

عمر کی لکیر

یہ لکیر کلمہ شہادت یا پہلی انگلی کے نچلے حصے سے شروع ہوتی ہے اور زہرہ کے ابھار کو اپنے حلقہ میں لیتی ہے۔ اگر یہ لکیریں کہیں سے ٹوٹی پھوٹی نہ ہوں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ متعلقہ شخص کی صحت بہت اچھی ہے اگر یہ لکیر کسی مقام پر اچانک ختم ہو جائے تو حساب کر کے یہ اندازہ لگانا چاہئے کہ اس لکیر کو مکمل کرنے کے لئے کتنا عرصہ درکار ہوگا اور اس عرصہ کو اس کی عمر سے گھٹا دینا چاہئے۔ بقیہ حصہ متعلقہ شخص کی عمر ہوگی۔ اگر عمر کی لکیر کے متوازی دوسری لکیر ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ کسی قسم کی کوئی علالت نہیں ہوگی۔ اگر عمر کی لکیر پر کسی مقام پر شاخیں سی ہوں اور ان سے کوئی شاخ قمر کے ابھار تک گئی ہوئی ہو تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ موت غیر ملک میں واقع ہوگی۔ بعض اوقات ایسا ہونا غیر ملکی سفر کی علامت بھی ہوتا ہے۔ اگر عمر کی لکیر کی کوئی شاخ مشتری کے ابھار کی طرف گئی ہو تو ایسے شخص میں پیش گوئی اور پیش بینی کی بہترین صلاحیت ہوگی۔ عمر کی لکیر پر کسی جزیرے کا ہونا اس بات کی علامت ہے کہ عمر کے اس حصہ میں صحت بہت خراب ہوگی۔ عمر کی لکیر کی کوئی شاخ اگر زحل کے ابھار کی طرف گئی ہو تو ایسا ہونا بہترین مالی کامیابی کی علامت ہے۔

عمر کی لکیر سے نکلی ہوئی کوئی شاخ اگر سورج کے ابھار کی جانب ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ متعلقہ شخص کو عظمت حاصل ہوگی۔ اسے عوام الناس اور مملکت دونوں طرف سے اعزاز اور تعریف و تحسین حاصل ہوگی۔ عمر کی لکیر کی اگر کوئی شاخ مریخ کے ابھار کی طرف گئی ہو تو ایسا ہونا کاروباری کامیابی کی علامت ہے۔

اگر قمر کے ابھار سے نکلی ہوئی کوئی لکیر زندگی کی لکیر تک پہنچتی ہے تو ایسا ہونا اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص کو لمبا بحری سفر نصیب ہوگا اگر عمر کی لکیر سے نکلی ہوئی چھوٹی چھوٹی لکیریں اوپر (انگلیوں کی طرف) گئی ہوئی ہوں تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص کو زندگی کے ہر شعبہ میں کامیابی نصیب ہوگی۔ عمر کی ایک اچھی لکیر جو انگوٹھے اور انگشت شہادت کے درمیان سے شروع ہو کر کلائی تک گئی ہو اور کہیں سے ٹوٹی پھوٹی نہ ہو یا اس پر کوئی دھبہ، جزیرہ یا کراس نہ ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص اچھی طویل زندگی پائے گا۔

قسمت کی لکیر

زندگی کی لکیر کے بعد یہ دوسری اہم لکیر ہے یہ مختلف مقامات سے شروع ہوتی ہے کبھی یہ قمر کے ابھار سے شروع ہوتی ہے۔ کبھی یہ عمر کی لکیر سے شروع ہوتی ہے اور کبھی یہ ہتھیلی کے وسط سے شروع ہوتی ہے۔ اگر آپ کسی شخص کے ہاتھ میں قسمت کی لکیر دیکھیں (خواہ کہیں سے شروع ہوتی ہو) تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص خوش قسمت اور خوشحال ہوگا۔ اس لکیر کے شروع ہونے کے مقام سے صرف یہ ظاہر ہوتا ہے کہ خوشحالی اور مالی کامیابیاں کس انداز سے نصیب ہوں گی۔ جب قسمت کی لکیر عمر کی لکیر سے شروع ہو تو اس سے ملازمت ظاہر ہوتی ہے۔ بڑی منفعت بخش ملازمت، نیز یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ آمدنی کا ذریعہ بہت زیادہ ذاتی جدوجہد اور صلاحیتوں کا نتیجہ ہوگا۔ جب قسمت کی لکیر قمر کے ابھار سے شروع ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ روپیہ پیسہ، شادی، سفر یا عوامی خدمات کے ذریعے ملے گا۔ یوں سمجھئے کہ قسمت کا انحصار بالعموم پبلک پر ہوتا ہے۔ جب قسمت کی لکیر کلائی سے شروع ہو تو اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص کی صلاحیتیں اس کے مقدر کو سنوارنے میں اضافہ کریں گے۔ خاص طور سے ادھیڑ عمر کے بعد اس کی قسمت بہت اچھی ہو جائے گی۔ جب قسمت کی لکیر ہتھیلی کے وسط سے شروع ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص کا بڑھاپا خوشحالی میں بسر ہوگا اور ابتدائی زمانہ آزمائشوں اور تشخیصوں کا ہوگا۔

اگر قسمت کی لکیر مشتری کے ابھار تک جاتی ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص کی تمام خواہشیں اور آرزوئیں پوری ہوں گی۔ اگر یہ لکیر زحل کے ابھار تک جاتی ہے (یہ اس لکیر کا صحیح مقام ہے) جہاں یہ بالعموم جاتی ہے تو یہ اس بات کی

علامت ہے کہ متعلقہ شخص کی زندگی میں شاندار دور آئیں گے۔ قسمت کی لکیر کا مریخ کے ابھار کی طرف جانا اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص ایک نمایاں کاروباری شخصیت کا مالک ہوگا۔

عام طور سے ہتھیلی پر قسمت کی لکیر کے متوازن بعض لکیریں ہوتی ہیں۔ قسمت کی لکیر کے متوازی لکیروں کا ہونا اس بات کی علامت ہے کہ عمر کے اس حصہ میں متعلقہ شخص کی آمدنی کے متعدد ذرائع ہوں گے۔

قسمت کی لکیر کو اگر کوئی دوسری لکیر کاٹتی ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس حصہ عمر میں رکاوٹ اور پریشانی ہوگی۔ جن لوگوں میں ایثار کا رجحان ہوتا ہے۔ ان کی قسمت کی لکیر بیچ کی انگلی کی جڑ تک جاتی ہے بعض اوقات یہ لکیر درمیانی انگلی کے درمیانی حصہ تک پہنچ جاتی ہے مگر ایسا ہونا اچھی علامت نہیں ہے۔ کیونکہ ایسا شخص بہت زیادہ محتاط ہوتا ہے۔ قسمت کی لکیر پر کسی مثلث یا مربع کا ہونا اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص کو اعلیٰ طاقتوں کی مدد سے بہت زیادہ تحفظ اور سلامتی حاصل رہے گی۔

دماغ کی لکیر

یہ لکیر انگشت شہادت اور انگوٹھے کے درمیان سے شروع ہوتی ہے۔ بالکل اسی مقام سے جہاں سے زندگی کی لکیر شروع ہوتی ہے۔ عام طور سے زندگی کی لکیر اور دماغ کی لکیر ایک ساتھ شروع ہوتی ہیں۔ اگر یہ علیحدہ ہوں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ متعلقہ شخص اپنے والدین اور اعزاء سے الگ تھلگ رہ کر بالکل آزاد زندگی گزارنا چاہتا ہے۔ یہ لکیر بالعموم تیسری انگلی کے نیچے ختم ہو جاتی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ متعلقہ شخص کافی سوجھ بوجھ کا مالک ہے لیکن اگر یہ لکیر دوسرے کنارے تک پہنچ جائے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص اپنی خفیہ صلاحیتوں کو منظر عام پر لائے گا۔ وہ شاعر، ناول نگار اور کسی شعبہ میں طبع زاد تحقیقاتی کام کرنے والا بنے گا۔ حتیٰ کہ روحانیت کے عظیم ماہرین کے ہاتھ میں اس قسم کی دماغی لکیر ہوتی ہے۔

دماغی لکیر اگر کسی مقام پر بہت زیادہ ٹوٹی ہوئی ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص کو کوئی دماغی حادثہ ہوگا۔ اس پر جنونی کیفیت طاری ہو گی۔ دماغی لکیر کو ہتھیلی کو عبور کرنا چاہئے۔ اگر دماغی لکیر زندگی کی لکیر کی طرف مڑنا نہیں چاہئے۔ اگر دماغی لکیر زندگی کی لکیر کی طرف مڑی ہوئی ہو تو یہ حماقت، جنون، ضد، ہٹ دھرمی اور خود غرضی کی علامت ہے۔ اسے مریخ کے ابھار نیز قمر کے ابھار سے گزرنا چاہئے۔

دوہری دماغ کی لکیر کا ہونا اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص کو بڑی حد تک والدین کی طرف سے ورثہ ملے گا یا اراضی و املاک کا مالک ہو گا۔ یہ بات میرے مشاہدے میں آئی ہے کہ دوہری دماغی لکیر تقریباً" جنونی کیفیت اور دوہری شخصیت کی علامت بھی ہے۔ اگر دماغی لکیر زندگی کی لکیر سے قدرے ہٹ کر شروع ہوتی ہو تو متعلقہ شخص خود غرضی اور انانیت سے چھٹکارا حاصل کرنے کی وقتاً فوقتاً کوشش کرتا رہتا ہے اس کی فطرت آزاد ہوتی ہے وہ دوسروں کا ماتحت ہونا پسند نہیں کرتا۔

قدیم علوم کا سائنٹیفیک نظریہ
ان کے ذاتی تجربات اور اصل حقائق و اثرات
سعادت و نحوست کا حساب، حیرت و تجسس پر مبنی ناول

ناشون

تحریر: شازلی سعید مغل

برصغیر میں علمِ تسخیر کے بانی حضرت کاش البرنیؒ کی
عاملیت و کاملیت، روحانیت، محبت، تصوف اور دوسری دنیا
کے تجربات و مشاہدات پُراسراریت کے نت نئے راز کھولتا ایک
سحر انگیز ناول جس کے مرکزی کردار حضرت کاش البرنیؒ ''بنام''
''ناشون'' ہیں

۴۵۰ صفحات

Postage
Rs: 50

اپنا آڈر ان نمبروں پر بک کروائیں
021-34949944
021-32018699
0333-7202964
یا قریبی بکسٹال سے خرید فرمائیں



قیمت: ۵۰۰ روپے

ابھی رابطہ کر کے اپنی کاپی بک کروائیں یا اپنے قریبی بکسٹال پر اپنا آڈر بک کروائیں۔

Auraq Publishers, Ibrahim market, PIB Colony, Karachi 74800

اگر دماغ کی لکیر مشتری کے ابھار سے شروع ہوتی ہو تو متعلقہ شخص اپنے نظریات میں اتنا آزاد خیال ہوتا ہے کہ اسے اپنے معاملات میں سخت محتاط ہونے کی ضرورت ہے۔ اسے آسانی سے بیوقوف بنایا جاسکتا ہے اگر زندگی کی لکیر اور دماغی لکیر بہت پاس پاس ہوں بلکہ عملاً ایک دوسرے کو عبور کر رہی ہوں اور غیر معمولی فاصلہ تک مشترک ہوں تو اس بات کی علامت ہے کہ ایسا شخص ''اشرفیاں لٹیں اور کوئلوں پر'' مہر کرنے والا ہوگا۔

اگر دماغی لکیر کے سرے پر کانٹے کی طرح دوسری دماغی لکیر ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص عقل مند اور خوشحال ہوگا۔ وہ سیاسی معاملات میں ضرور بالضرور کامیاب ہوگا اور اس شعبہ میں بہت زیادہ ترقی کرے گا۔

دماغی لکیر پر ایک بڑا کانٹا ہونا اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص بڑا نٹ کھٹ اور بدمعاش ہوگا۔ دیگر علاقوں کے ساتھ مثلاً چوڑی ہتھیلی اور لمبی انگلیوں وغیرہ کے ساتھ ایک لمبی گہری اور طاقتور دماغی لکیر متعلقہ شخص کو ایسی چیزوں کھجول کی طرف راغب کرتی ہے جو کسی فرد کی صلاحیتوں سے باہر ہوں لیکن فطرت کے عجائبات اس کی مدد کرتے ہیں اور ایسے لوگ ان چیزوں کو جو بظاہر ناممکن نظر آتی ہیں۔ حیرت انگیز طریقے پر حاصل کر لیتے ہیں۔ ایسے لوگ چیزوں کا تجزیہ کرنے اور تفصیلات پر خاص طور سے غیر معمولی توجہ دیتے ہیں۔

اگر دماغی لکیر پر کوئی جزیرہ بنا ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص کو جسمانی زخم آئیں گے۔ تین قسم کی بیماریاں ہونے کا بھی امکان ہے۔ اگر جزیرہ مریخ کے ابھار کے قریب ہو تو ایسی بیماریوں کا اندیشہ ہے جو جسم میں بہت زیادہ حرارت سے پیدا ہوتی ہیں۔ اگر یہ جزیرہ زحل کے ابھار کے قریب ہو تو معیادی تپ ہونے کا اندیشہ ہے اور اگر یہ جزیرہ عطارد کے ابھار کے قریب ہو تو ذہنی پریشانیوں اور دماغی امراض کا اندیشہ ہوتا ہے۔

اعداد متحابہ کے سری قوانین
کے نادر عملیات

جذب القلوب

اعداد کی قوت جاذبہ اور ان کی طلسمی قوتیں محبت، جذب اور حاضری مطلوب کے اعمال اس کتاب میں علم جفر کے مشہور قانون اعداد متحابہ کا حسابی نظام اور ان کے عملیات درج کئے گئے ہیں۔ جس طرح مقناطیس لوہے کو کھینچتا ہے اسی طرح اعداد متحابہ میں انسانی قلب کو کھینچنے کی قوت ہے یہ جاننا کہ دو اعداد میں قوت کشش کتنی ہے؟ اور کشش ہے بھی یا نہیں!

کون اعداد طالب ہیں، کون مطلوب، معشوق کے اعداد کو عاشق کیسے کیا جاتا ہے۔ مغلوب اعداد کو غالب کیسے کیا جاتا ہے۔ وہ کونسے اعداد ہیں جو قلب انسان کو متوجہ کرتے ہیں اور ان سے کام لیا جاتا ہے۔ جب آپ محبت یا حاضری مطلوب کا نقش بنائیں تو یہ معلوم کریں کہ ان کے اعداد میں قوت ہے یا نہیں۔ اگر نہ ہوگی تو آپ کا عمل ضائع ہو جائے گا۔

اس کتاب میں صرف محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال ہیں اگر آپ نے اس قانون کو سمجھ لیا اور حل کر لیا تو جان لیں کہ مطلوب ایک لمحہ میں حاضر ہوگا۔

قیمت =/۱۸۰ روپے۔

اوراق پبلشرز، کراچی

تبدیلی پتہ

پتہ کی تبدیلی کی فوری اطلاع دیا کریں ورنہ رسالہ گم ہو جانے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ تبدیلی پتہ کی اطلاع کے ساتھ خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

علم نجوم کے مبتدیوں کیلئے
آسان ابتدائی کتاب

اسباق النجوم

اس وقت جس قدر کتب نجوم آپ کو ملیں گی۔ ان میں ابتدائی قواعد اس صورت میں مجموعی طور پر نہیں ملتے کہ کوئی شخص اس سے سیکھ سکے۔ پرانے اور فرسودہ طریقہ پر ہندوانہ اصطلاحوں سے بھرپور کتابیں ملیں گی۔ اس اہم کمی کو مدنظر رکھ کر ''اسباق النجوم'' کو مرتب کیا گیا ہے۔ یہ مبتدیوں کے لئے بہترین کتاب ہے۔ اس کائناتی سائنس کی تعلیم کے لئے میں نے مشرق و مغرب کے قدیم و جدید طریقوں سے کام لے کر ان اسباق کو ترتیب دیا ہے۔ ہمارے ملک میں ایک عرصہ سے ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو علم نجوم کے ابتدائی اصول و قوائد جاننے میں مدد دے۔ نہایت غور و خوض سے آسان طریقہ اختیار کیا گیا ہے واقفان نجوم کو بھی اس سے اہم اور جدید معلومات ملیں گی۔ اس میں ۲۳ مندرجہ ذیل اسباق ہیں۔

(۱) کواکب (۲) بروج (۳) دائرۃ البروج (۴) بارہ گھروں کی تفصیل (۵) تشریحات بروج (۶) بروج کے منسوبات (۷) تقسیم کواکب کا نظریہ (۸) کواکب کی خاصیتیں (۹) شمسی طالع پڑھنا (۱۰) تقویم سے کام لینا (۱۱) ارضی وقت کیا ہے (۱۲) کواکبی وقت کیا ہے (۱۳) تسویۃ البیوت (۱۴) زائچہ کا پڑھنا (۱۵) کواکب کے درجات معلوم کرنا (۱۶) جدول یومیہ اعداد متناسب (۱۷) زائچہ میں کواکب کو پر کرنا (۱۸) نظرات (۱۹) کواکب زائچہ کے گھروں میں (۲۰) احکام لگانے کا طریقہ (۲۱) پیشینگوئیاں کرنا (۲۲) آثار البیوت (۲۳) بارہ بروج کی فلاسمی اور ان کے معانی۔

قیمت =/۴۷۵ روپے * محصول ڈاک علاوہ

طالع وقت کے جدید نقشے - جدید منسوبات اگر اس کتاب پر حاوی ہو گئے تو آثار النجوم کے حصص کو آسان سے سمجھ سکیں گے۔

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

تثلیث زہرہ و مشتری

زہرہ اور مشتری کو سعدین کہتے ہیں زہرہ عورت سے متعلق ہے اور عیش وعشرت سے متعلق ہے۔ مشتری ادراکی ارفع قوتوں سے متعلق ہے۔ جب ان کا قران واقع ہوتا ہے تو ارضی پہنائیوں میں ایسی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ جس کو اگر مادہ مناسب مہیا ہو جائے تو وہ سعادت جلب وقلب یعنی تسخیر قلب کا کام دیتی ہے۔ یکم مارچ کو ۴ بجکر ۲۲ منٹ پر سہ پہر یہ وقت ہوگا۔ دونوں ستارے طلوع ہیں۔ زہرہ کی ساعت ہوگی اس لئے اس وقت کا انتخاب بہتر ہے۔ عاملین کے نزدیک ایک ایسا موثر وقت ہے جو ایک سال کے انتظار کے بعد ملتا ہے۔ یہ دوستوں کو ملانے کے لئے موثر ہے۔ (خواہ وقف ہوں یا نا واقف) دو ناراض دلوں کو ملانے، محبوب کو تسخیر کرنے، میاں بیوی کی ناراضگی کو دور کرنے، افسران کی تسخیر کرنے، دشمن کو دوست بنانے، روٹھے ہوئے کو منانے اور گئے ہوئے کو بلانے کے لئے یہ تثلیث سریع التاثیر ہے۔ اس وقت جو بھی عمل کیا جائے گا تو فرد یا خلقت کسی مخفی طاقت کے زیر اثر خود بخود کھچی چلی آئے گی۔ لیڈر، حکام، حکماء، طبیب، ڈاکٹر، معلم اس وقت فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو محبوب کو تسخیر کرنا چاہیں کہ قید و بند کو توڑ کر کھچی چلی آئے یا ناراض میاں بیوی سے کوئی فرد واپس آ کر قدموں میں گرے۔ تو اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ البتہ جائز صورتوں کو مدنظر رکھیں، ورنہ موکلات کا عمل ہے۔ اس کی ناراضگی اچھا اثر نہ دے گی۔ چونکہ ہر شخص عملیات کے فہم کو نہیں پہنچتا۔ اس لئے میں اس جفری طریقہ کو وضاحت سے بیان کرتا ہوں۔ جس میں چلہ کی ضرورت نہیں سب کو عام اجازت ہے۔ تیاری تنہا جگہ ہو جہاں لوبان وصندل کی خوشبوئیں روشن کریں۔

۱ - اگر کسی عورت یا آدمی کی تسخیر مطلوب ہو۔ تو آیت **یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ** کے عدد لیں۔ اس کے اعداد ۱۴۹۳ ہیں۔

۲ - اگر تسخیر خلق مطلوب ہے تو **لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ** کے عدد لیں۔ اس کے اعداد ۲۸۹۸ ہیں۔

۳ - اول نام طالب معہ والدہ اور نام مطلوب معہ والدہ کے اعداد نکالو اور آیت **يُحِبُّوْنَهُمْ** کے اعداد اس میں شامل کرو۔ اب کل مجموعہ سے ۴۱ عدد تفریق کرو۔ جو عدد باقی بچے ان کے حروف بنا کر آگے کلمہ ایل لگا دیں۔ موکل ہوگا۔

۴ - اگر تسخیر خلق مطلوب ہے تو اپنا نام معہ والدہ لے کر اس میں آیت **لَقَدْ جَاءَكُمْ** کے اعداد شامل کریں۔ کل سے ۴۱ عدد تفریق کر کے حروف بنا کر آگے کلمہ ایل لگا لیں۔ یہ موکل ہوگا۔

۵ - اب موکل حاصل کرنے کے بعد تکسیر سطور کرنی ہے ایک سطر لکھو پہلے نام معہ والدہ پھر آیت بعد میں نام مطلوب معہ والدہ۔ اب نئی سطر میں علیحدہ علیحدہ حروف میں یہ سطر لکھو اور اس کی تکسیر جفری کرو۔ تکسیر جفری کا مطلب ہے ایک حرف بائیں سے ایک دائیں سے لے کر ایک نئی سطر تیار کی جائے۔ پھر اس سطر پر ہی عمل دہرایا جائے۔ بلکہ ہر نئی آنے والی سطر پر یہ بائیں دائیں سے حروف لینے کا دہرایا جائے۔ حتیٰ کہ سطر اول آخر میں ظاہر ہو جائے۔ اسے تکسیر جفری کہتے ہیں۔ مثلاً میں علی محمد کی تکسیر کرتا ہوں۔

مثالی تکسیر

ع	ل	ی	م	ح	م	د

سطر اول

د	ع	م	ل	ح	ی	م
م	د	ی	ع	ح	م	ل
ل	م	م	د	ح	ی	ع

زمام

ع ل ی م ح م د

سطر آخر

جب سطر اول پھر آخر میں ظاہر ہو جائے تو تکسیر مکمل ہوگئی۔ اس میں سطر آخر چونکہ مکرر ہے۔ اس کو نہ لیں۔ باقی تکسیر میں سے پہلوئے راست کے حروف اور پہلوئے چپ کے حروف علیحدہ علیحدہ لکھو۔ اگر حروف جفت ہوں تو چار چار یا دو دو ملا لو۔ اگر طاق ہوں تو تین تین یا پانچ پانچ ملا کر آگے یوش لگا دو یہ اس عمل کا اعوان ہوگا۔ اسے اعوان العمل کہتے ہیں۔

۷ - اب تمام تکسیر کے اعداد نکالو۔ جو سطر زمام تک ہوں۔ سطر اول کے اعداد کو کل سطر تکسیر سے ضرب دے دو گے تو کل تکسیر کے عدد معلوم ہو جائیں گے۔ ان اعداد کو مخمس میں پر کرنا ہوگا۔ نقش مخمس پر کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ کل اعداد سے ۶۰ عدد تفریق کر کے ۵ پر تقسیم کرو اور جو حاصل قسمت آئے اسے خانہ اول میں رکھ کر ایک ایک کر کے اضافہ سے بمطابق چال پر کرتے جاؤ۔ اگر تقسیم کرنے کے بعد ایک باقی بچے تو خانہ ۲۱ میں ایک کا اضافہ کرو باقی ۳ ہو تو خانہ ۱۱ میں ایک کا اضافہ کرو۔ اگر باقی ۲ ہو تو خانہ ۱۶ میں ایک کا اضافہ کرو۔ باقی ۴ ہوں تو خانہ ۶ میں ایک کا اضافہ کرو۔ نقش پر ہو جائے گا۔

چال کا نقش

۱۱	۲۴	۷	۲۰	۳
۴	۱۲	۲۵	۸	۱۶
۱۷	۵	۱۳	۲۱	۹
۱۰	۱۸	۱	۱۴	۲۲
۲۳	۶	۱۹	۲	۱۵

نقش پر ہو جانے کے امتحان کا طریقہ یہ ہے۔ کہ چاروں طرف سے میزان وہ آئے گی۔ جس کو نقش

ملتان

رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے

ملک نیوز ایجنسی، مخدوم شہید

میں پر کرنا ہے- کسی ایک طرف سے بھی میزان غلط ہوئی تو نقش درست نہ ہوگا- عامل کامل حصہ دوم میں مفصل طریقہ دیکھیں-

۸ - تمام تکسیرے اعداد جس کا نقش پر کیا گیا ہے- ان میں سے ۳۱۹ عدد خارج کر کے باقی اعداد کے حروف بنا کر آگے کلمہ طیش لگا دیں- یہ جنات العمل پیدا ہوجائے گا-

۹ - نقش مخمس کے جانب چپ طالب کی تصویر فرضی بنا کر اوپر موکل کا نام لکھو- جانب راست مطلوب کی تصویر بنا کر اوپر جنات العمل کا نام لکھ دو- یہ دونوں تصویریں فرضی ہوں گی اور ایک دوسرے کے ساتھ ان کا ہاتھ ملا ہوا ہوگا- (تسخیر خلق میں تصاویر کی ضرورت نہیں) اب نقش کے جانب راست وہ اعوان العمل لکھو- جو سطر تکسیر کی سیدھی جانب سے نکلا اور جانب چپ وہ اعوان العمل لکھو جو سطر تکسیر کے جانب چپ کے حروف سے نکلا- نقش کے نیچے یہ عزیمت لکھو- **بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم - اقسمت علیکم یاایّھا الارواح العُلویّات والسُّفلیات** یا (موکل کا نام لو- پھر اعوان العمل پھر جنات العمل) **اُحضروا** (نام مطلوب معہ والدہ) **فی المحبّت وَالمُوَدَّۃِ** (نام طالب معہ والدہ) **العجل الساعہ الدحا-**

۱۰ - ایسے تیرہ نقش تیار کرلو- اس میں سے ایک نقش پاس رکھو- ایک مطلوب کی گزرگاہ میں دفن کردو- باقی گیارہ نقوش کی بتیاں بنالو- ایک بتی رات کو جلاؤ اور باقی دس راتوں میں ہر رات ۹ بجے ایک بتی جلایا کرو- یا بعد کا وقت کوئی رکھ لو- لیکن مقررہ وقت کا روزانہ خیال رکھو- نقوش زعفران سے لکھے جائیں- بخور درات کو بھی جلانا ہوگا- تیل خوشبودار چراغ میں ڈالو- چراغ نیا ہو- کمرہ تنہا ہو- منہ چراغ کا مطلوب کے گھر کی طرف ہو- جب تک بتی جلتی رہے- اس کے سامنے بیٹھ کر یوں پڑھتے رہو- یا (موکل کا نام) **اُحضُروا** (نام مطلوب معہ والدہ) **اَلعَجَلَ السَّاعَۃ** اگر درمیان عمل میں کوئی ٹوکے تو مت بولو مطلوب کے علاوہ کوئی اور عورت آئے قطعی توجہ مت دو تسخیر افسر یا حاکم یا دشمن مطلوب ہو تو حاضری کا عمل نہ کرو بلکہ اَحضروا کی جگہ **سَخِّر قلب** پڑھو- مثلاً **یاموکل سخر قلب** (نام) **العجل السَّاعۃ** انشاءاللہ گیارہ دنوں میں مقصد ہاتھ آجائے گا-

۱۱ - اگر کسی دشمن کا افسر تسخیر مطلوب ہو تو نام دشمن کا باپ کے نام کے ساتھ بھی لے سکتے ہیں- افسر ہو تو نام عہدہ کے ساتھ لکھ سکتے ہیں- تکسیر میں بھی اسی طرح لکھنا ہے- یعنی پہلے نام اپنا معہ والدہ پھر آیت شریف پھر نام افسر معہ عہدہ یا دشمن-

۱۲ - اگر تسخیر خلق مطلوب ہو تو تین نقش لکھو- لکھنے کے بعد آیت **ولقد جاءَکم** کو ۹۲ مرتبہ پڑھو اور نقوش پر دم کرو- اس آیت کو بھی نقش کے چاروں طرف لکھ لو اور نقوش کو لپیٹ کر ایک بازوئے راست پر باندھ لو- ایک اپنے دفتر یا دکان میں شیشے کے فریم میں جڑوا کر لگا دو- ایک اپنے گھر کی چھت پر کسی اونچی جگہ لٹکا دو- اگر گھر میں درخت ہو تو اس پر لٹکا دو- یا کسی اور جگہ کسی پھلدار درخت پر اونچا لٹکا دو کہ ہوا چلنے سے ہلے- نقوش کو موم جامہ ضرور کرواؤ تاکہ بارش وغیرہ سے خراب نہ ہوں- نیز صرف جمعرات یا جمعہ کو نقوش استعمال کرو- مثلاً لٹکانا ہو تو جمعرات یا جمعہ کا دن انتخاب کرو- بس کام ختم ہے- مگر آیت روزانہ ۹۲ مرتبہ کسی وقت بھی پڑھ لیا کریں- اول آخر درود شریف ہوتا کہ تسخیر خلق کی روحانیت جلد کھل جائے دکانداروں، کاروباری لوگوں کو جن کی آمدن خلقت کی آمد سے وابستہ ہو ان کو اس وقت فائدہ اٹھانا چاہئے-

وہ لوگ جو نقوش کو ایک معمولی کام تصور کرتے ہیں ان کو معلوم ہوگا کہ عمل تیار کرنا معمولی کام نہیں چند خانوں کا نقش بڑی محنت اور مشکلوں کے بعد تیار ہوتا ہے- آپ محنت کریں گے تو ضرور فائدہ ہوگا- چند گھنٹے حل کرنے میں لگ جائیں گے- مگر اس کا نفع وہ ہوگا جو کوئی نہیں دے سکتا- قسمت عجیب و غریب طریقہ سے کھل جائے گی-

اس طریقہ میں ابھی ایک بات اور واضح کرنا ہے کہ نئے لوگوں کو یا جنہوں نے میری کتابوں کا مطالعہ نہیں کیا ان کو حروف سے اعداد بنا کر موکل بنانے میں الجھن پیش آئے گی- لہٰذا اس بات کو سمجھایا جارہا ہے- مثلاً ۳۷۴۲ کے حروف بنا کر موکل بنانا ہے- تو ۴۱ عدد تفریق کئے- باقی ۳۷۰۱ رہے- اب اس کے حروف بنائیں- اس میں ایک ہے- سات سو ہے، تین ہزار ہے، ایک کا الف، سات سو کا ذ، تین ہزار کے تین غ غ غ ہوں گے- حروف ہوئے- اذ غ غ غ موکل بنا- اذغغغائیل- اگر غین زیادہ ہوں تو ان کو فروکر کے غین لگایا جاسکتا ہے- مثلاً تین غ ہیں- تو ج بنالیں- اس لحاظ سے موکل اذجغائیل ہوگا- دونوں موکل درست ہیں- اگر ۳۷۴۲ سے ۳۱۹ عدد خارج کردیں تو باقی ۳۴۲۳ رہ جائیں گے- اس کے حروف ج ک ت غ غ غ ہوں گے- اعوان کے لئے طیش لگانا ہے- اس لئے جکتغغغطیش اعوان ہوگا-

آپ حل کرنے کی محنت کریں- ممکن ہے ایک گھنٹہ میں حل کرلیں- ممکن ہے ایک ہفتہ حل کرنے میں لگ جائے یہ آپ کی صلاحیت پر منحصر ہے- مگر یہ یاد رکھیں کہ آپ کی اس محنت کا صلہ کتنا بڑا ہوگا- اور کتنا بڑا ہوگا اور کتنا بڑا فیض ملے گا- دفتر سے کام کروانے والوں کو خود کوشش کرنی چاہئے- یا جو وقت کا صلہ دے سکتے ہوں تو ہم حل کر کے روانہ کردیں گے-

اپنا زائچہ بنوائیے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ زائچہ پیدائش بنوا کر رکھیں- تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، اور مقام پیدائش لکھیں- زائچہ میں دی گئی معلومات

۱- گھروں کے درجات معہ کواکب، برج درجہ و دقیقہ ۲- طول بلد اور ارض بلد
۳- عدد پیدائش، موافق پتھر
۴- ادوار کواکب
۵- عنصر اور ماہیت
۶- کواکب کے شرف، اوج، فرح، ہبوط، زوال، طرح، حضیض
۷- نظرات معہ برج اور کوکب کا درجہ و دقیقہ

انتہائی دلکش اور خوبصورت، ہر سطر واضع، لیزر پرنٹ- ہدیہ : =/۲۰۰۰ روپے

مینیجر روحانی دنیا کراچی

افادات علامہ دمیریؒ

دین اسلام پر ثابت قدمی

اور اگر تم دین پر ثابت قدمی کے طلب گار ہو تو حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمودہ دعا کو ورد زبان بناؤ۔ اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ اور ایک حدیث میں یہ روایت بھی ہے۔ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰی دِیْنِكَ

ظالم حاکم کی درازدستی سے حفاظت

جس شخص کو کسی ظالم حاکم کی شرارت سے حفاظت مطلوب ہو تو اس کے لئے ایک نہایت مجرب عمل ہے کہ اس کے سامنے جاتے وقت یہ کلمات پڑھے۔ تو انشاءاللہ اس کے ظلم سے نہ صرف محفوظ رہے گا بلکہ عزت اور کامیابی سے واپس ہوگا۔

الذین امنوا وعلی ربھم یتوکلون۔ الذین قال لھم الناس ان الناس قد جمعوا لکم فی خشوھم فزادھم ایمانا وقالو حسبنا اللہ ونعم الوکیل فانقلبو بنعمہ من اللہ وفضل لم یمسسھم سوء وتبعوا رضوان اللہ واللہ ذوالفضل العظیم

کثرت خیر اور رزق کی وسعت

اور اگر تم خیر و برکت اور رزق میں فراخی اور کثرت چاہتے ہو تو سورت الم نشرح اور سورۃ کافرون ہر نماز کے بعد کثرت سے پڑھا کرو۔

اپنے عیوب پر پردہ پوشی

جس شخص کو اپنے عیوب و نقائص پر پردہ پوشی مطلوب ہو تو وہ کثرت سے یہ دعا پڑھا کرے۔

اللھم استرنی بسترک الجمیل الدین سترت بہ نفسک فلا عین تراک

بھوک پیاس اور غربت و افلاس کیلئے

اور اگر تم پر بھوک اور فاقہ سایہ ڈالے ہوئے ہے اور تم فراخ دستی کے طلب گار ہو تو سورہ لایلاف قریش کو بہت پڑھا کرو۔ اس سورت کی کثرت تلاوت اس سلسلے میں بے شمار مرتبہ تجربہ میں آچکی ہے۔ سورت لایلاف کے متعلق مجھے بھی ایک عامل نے فراخ رزق کے لئے تعلیم کی تھی اور یہ عمل اکثر سجادہ نشین قسم کے بزرگوں کا معمول ہے اور ہر نماز کے بعد سات یا دس مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ (سعیدی)

مال مویشی اور مال تجارت میں خیر و برکت

مال مویشی اور مال تجارت اور کاروبار میں برکت کے لئے سورت شعراء کو مشک و زعفران سے لکھ کر مقام تجارت یا دکان وغیرہ میں لٹکا دیں تو خرید و فروخت میں حیرت انگیز اضافہ ہو جاتا ہے۔

مال تجارت وغیرہ کی حفاظت

اور جو شخص سورت قصص کو بطریق مذکور لکھ کر اپنے مال تجارت یا دکان یا مال مویشی کے مقام پر رہائش میں لٹکا دے تو ہر قسم کے نقصان اور خسارہ اور چور وغیرہ سے حفاظت کا سامان اللہ تعالیٰ کر دے گا۔

دردسر کا ایک تجربہ شدہ عمل

حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ بنی امیہ میں سے ایک گھر میں سے ایک صندوقچہ برآمد ہوا جس پر سونے کا قفل لگا ہوا تھا اور اس صندوقچہ کے اوپر یہ الفاظ لکھے ہوئے تھے۔ شفاء من کل داء یعنی ہر مرض سے شفا اور جب اس صندوقچہ کو کھولا گیا تو اس کے اندر سے یہ کلمات لکھے ہوئے پائے گئے۔

بسم اللہ الرحمان الرحیم بسم اللہ وباللہ ولاحول ولاقوۃ الاباللہ والعلی العظیم اسکن ایما الوجع سکنتک بالذی یمیک السماء ان تقع علی الارض الا باذن ان اللہ بالناس لرئوف رحیم۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم بسم اللہ وباللہ ولاحول ولاقوۃ الاباللہ والعلی العظیم اسکن ایما الوجع سکنتک بالذی یمیک السموات والارض ان تزولا ولن زالت ان امسکھما من احد من بعدہ انہ کان حلیماً غفورا۔

امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ یہ خزانہ بے بہا مل جانے کے بعد میں کبھی کسی طبیب کا محتاج نہیں ہوا (فائدہ) یہ کلمات پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے یا لکھ کر باندھ دیا جائے۔ مگر دم کرنا زیادہ نفع بخش ہوگا اور ہر قسم کے مرض کے ازالہ میں یہ عمل ہو سکتا ہے۔

تحفظ جان

جس شخص کے پاس یہ تعویذ ہوگا۔ وہ جادو، نظر بد، جنات، بھوت، پری، سوتے میں ڈر، وسواس شیطانی، دہشت اور حادثات سے محفوظ رہے گا۔ گھر کی نااتفاقیاں، جو بداثرات کی وجہ سے ہونگی وہ بھی ختم ہو جائیں گی۔

ہدیہ نقش =/۲۵۷۱ روپے۔

مینجر روحانی دنیا کراچی

لوح تحفظ

رجب کی پہلی تاریخ وہ ہوتی ہے جس میں باغبان حقیقی نورانی باغ کا دروازہ کھول دیتا ہے- رجب شعبان اور رمضان روحانی سال کے موسم بہار ہیں- جس شخص کو روحانی پھلوں کی ضرورت ہے- اس کو ان مہینوں میں تماشائی نہ رہنا چاہئے بلکہ بڑھ کر اپنی قسمت کے پھل پھول حاصل کرے ورنہ موسم خزاں میں ان پھلوں کی ضرورت پڑی تو کف افسوس کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا-

رجب کی پہلی تاریخ کو روحانی باغ کے جس درخت میں پھل آتا ہے وہ ہوتا ہے تحفظ کا! قرآن مجید کا تحفظ حروف نورانی سے کیا گیا ہے جو چودہ ہیں- ہم انہیں حروف سے اللہ پاک کی اس نعمت سے اپنا تحفظ کر سکتے ہیں- اللہ پاک نے تحفظ کے لئے حروف نورانی کے موکلات کو مقرر فرمادیا- اب زمانہ ایسا ہے کہ ہر وقت جان و مال کا خطرہ لگا رہتا ہے- خواہ امیر ہو یا غریب ہر دو کے ساتھ یہ خطرہ ہر دم سایہ کی طرح موجود رہتا ہے- اس خطرہ سے بچنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ حروف نورانی کی لوح اپنے پاس رکھی جائے- یہ لوح یکم رجب کو تیار کی جاتی ہے- جن احباب نے حروف نورانی کی زکات ادا کی ہوئی ہے وہ بھی اس لوح کو لکھ کر دوسروں کو دے سکتے ہیں- یہ لوح والد بزرگوار جناب کاش البرنی ؒ صاحب کی وضع کردہ ہے- خواص اس کے یہ ہیں-

اگر کوئی شخص رجب کی پہلی تاریخ کو ساعت اول میں کندہ کرے اور پہلے- ڈرپوک ہو تو حوصلہ مند ہو- اگر کسی سے ڈر ہو تو امن میں ہو جائے اگر کسی امیر وزیر کے پاس جائے تو وہ اس کی خاطر کرے- اگر غصہ کی حالت میں کسی کے سر پر رکھے تو اس کا غصہ دور ہو- اگر بارش کے پانی سے دھو کر سات دن پیئے تو حافظہ اور فہم قوی ہو- ایک دفعہ ایک ایسے شخص کو یہ لوح پینے کے لئے دی گئی جس کو غلط انجکشن لگنے سے بے ہوشی اور ناطاقتی ہو گئی تھی وہ اچانک گر پڑتا تھا اور دوائیاں اس پر الٹا اثر کرتی تھیں- وہ چند دن پانی میں ڈال کر پانی پیتا رہا تو تندرست ہو گیا- اگر کوئی کنواری لڑکی باندھے تو بہت سے لوگ اس کی شادی کی طرف راغب ہوں-

اگر مرگی والے پر یہ لوح رکھ دی جائے تو اسی وقت افاقہ ہو- اگر دردِ زہ کی حالت میں عورت کو دیں تو فوراً بچہ پیدا ہو- اگر لوح پر بخور رکھ کر سحر زدہ کو دھونی دیں تو فوراً سحر زائل ہو یا سحر کا اندیشہ ہو تو پاس رکھنے سے سحر و جادو کا وار نہ ہو گا- اگر جسم کے کسی بھی حصہ سے خون جاری ہو اسے پہنا دیں فوراً خون بند ہو جائے گا-

موجودہ دور میں یہ ایک عظیم تحفہ ہے- ہر گھر میں ایک لوح ضرور ہونی چاہئے بلکہ ہر فرد کے پاس ہونی چاہئے- اس کی برکت سے حادثہ سے انسان محفوظ رہتا ہے- بچے اغواء سے محفوظ ہو جاتے ہیں- سامان میں رکھیں تو چوری نہیں ہوتا- زہر خورانی اتفاقیہ ہو جائے تو اس سے موت واقع نہیں ہوتی- اگر کسی آسیب زدہ کو پہنا دی جائے تو جن بھاگ جائے گا- ہوائی جہاز میں سفر کرنے والا عملہ اور لوگ اکثر آتے ہیں اور اپنے جسم کی حفاظت کے لئے اسے بنواتے ہیں- حادثہ ہوا بھی تو جان کو نقصان نہ پہنچے گا جس شخص کے دشمن ہوں اور اسے جان کا خوف ہو اسے بھی گلے میں ڈالنا چاہئے- دشمن کچھ کر نہ سکے گا- آج کل سڑکوں کے حادثات سے تو کوئی بھی محفوظ نہیں- اس لئے ہر شخص اپنی حفاظت اس سے کر سکتا ہے- ایسی جگہ رہائش ہو- جہاں حشرات الارض یا جنات کا بسیرا ہو تو بھی اس لوح سے تحفظ ملے گا- موٹر سائیکل یا دوسری سواری کو حادثہ سے بچانے کے لئے اس لوح کو اس میں رکھتے ہیں- غرضیکہ تحفظ کی تمام قوتیں ہر جگہ آپ کی حفاظت کریں گی- زکات ادا کی ہو اجازت لینا ضروری ہے-

اس نقش پر پہلے اندر کے خانے لکھیں- پھر ضلع بنائیں- پہلے بسم اللہ سے پھر قولہ الحق والـه الملك سے- پھر موکلات پھر خدام- پھر اوپر مجیب الدعوات والاکرام- پھر نیچے ن والقرآن المجید والقلم و مایسطرون لکھیں- پھر چاروں طرف سے بند کر دیں- لوبان کی دھونی جلائیں- وضو کر کے لکھیں- کمرہ میں تنہا ہوں- چاندی کی تختی پر لوح تیار کریں- اگر کاغذ پر لکھیں تو سرخ سیاہی سے لکھیں- ساعت اول میں تیار کریں- یعنی سورج نکلنے کے بعد لکھیں اور حسب توفیق نیاز دلا کر پہن لیں- دفتر سے تیار کرانا مقصود ہو تو کاغذ کا ہدیہ =/۳۵۰۰ روپے ہو گا اس میں نام معہ والدہ لکھیں- جس کے پاس ہو گی اس کو کام دے گی-

۷۸۶

جبرائیل

مجیب الدعوات و الاکرام

الم العین	المص	حمعسق	کھیعص
نعم المولیٰ	حم محصی	الر	یٰسین محمد
طه الله معز	مجید اکبر	طس ملك	طلسم سبحان
ن علی	ق لطیف	ص حق	الله باری

ق والقرآن المجیدن والقلم مایسطرون میکائیل

تثلیث
شمس و مشتری

۱۴/۱۳ مارچ کو نصف شب ایک بجکر ۵ منٹ پر عین تثلیث کا وقت ہوگا- اس لئے اگر کسی زبردست آدمی نے کمزور کا حق دبا کر یا اس کی زمین قبضہ میں کی ہوئی ہے یا مکان و جائیداد کو دبا کر بیٹھ گیا ہے- یا کسی نے سازش کر کے روزگار سے الگ کرا دیا ہے اور وہ روزگار دوبارہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو یہ عمل انشاء اللہ کامل کامیابی دے گا اور حقوق واپس دلائے گا اور مخالف کو مجبور کرے گا کہ وہ حق دار کو حق واپس کردے-

طریقہ اس کا یہ ہے کہ ایک سکہ (سیسہ) کی لوح بنائیں دشمن یا مخالف کا نام معہ والدہ لے کر اعداد نکال کر اس میں ۵۶۴۴ کا اضافہ کریں- اگر افسر ہو تو اس کا پورا نام جو مشہور ہو لیں جس سے اس کو پکارا جاتا ہے ان اعداد کو جو حاصل ہوں گے- مربع معکوس کندہ کریں- سیسہ کی تختی پر کسی بھی نوکدار چیز سے لکھا جاسکتا ہے- جب نقش مکمل ہو جائے تو اس کے اردگرد الٹی سورۃ فاتحہ لکھنی شروع کردیں یعنی والضالین سے لے کر الحمد تک الٹی لکھیں- مثلاً والضالین کا الٹ نیلا ضلاو ہوگا- اس کو پہلے سے الٹا کر کے کسی کاغذ پر لکھ لیں- تاکہ عین وقت پر غلطی نہ ہو- نقش تیار ہونے پر نیچے نام مخالف کا لکھیں- پھر لکھیں برایں زور فتح شوح فتح شوح فتح شوبحق کلام پاک مجھے میرا حق (اپنا نام اور اپنے حق کا نام لکھیں) واپس دینے پر مجبور کرو بحق یا اسرافیل یا عزرائیل یا میکائیل یا جبرائیل پھر اس لوح کو کسی وقت سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر اس مکان یا جائیداد میں دفن کردیں جو غاصب کی گئی ہو افسر ہو تو اس کے کمرے میں کسی جگہ پوشیدہ کردیں- انشاء اللہ کامیابی ہوگی اور ایسے اسباب پیدا ہوں گے جن سے مطلب حاصل ہوگا-

لوح کے دوسری طرف اپنے مطلب کی تصویر بھی بنانی ہے مثلاً واپسی ملازمت کا ہو تو ایک آدمی جس کے ہاتھ میں قلم ہو کپڑے کی دکان ہو تو ایک آدمی جس کے ہاتھ میں کپڑا ہو- مکان ہو تو مکان کی تصویر بنائیں علی ہذا القیاس شکل و شباہت ضروری نہیں محض علامات کی ضرورت ہوتی ہے-

نقش کی رفتار ذیل میں دی جارہی ہے-

۱۳	۲	۳	۱۶
۱۲	۷	۶	۹
۸	۱۱	۱۰	۵
۱	۱۴	۱۵	۴

نقش پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد میں سے ۳۰ عدد تفریق کر کے باقی کو ۴ پر تقسیم کریں- حاصل منتخب کو خانہ اول میں رکھ کر پر کریں باقی ۱ ہو تو خانہ ۱۳ میں ایک کا اضافہ کریں ۲ ہو تو خانہ ۹ میں ایک کا اضافہ کریں- اگر باقی ۳ ہوں تو خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کریں- نقش پر ہو جائے گا-

حل المقاصد

میں قواعد کی تشریحات جن سے سطر مستحصلہ استخراج کی جاتی ہے- مکمل طور پر واضح بیان کی گئی ہے اور فلک ہشتم کے عامل فرشتہ میططرون کے اسماء کے پوشیدہ حروف کو ۳۲ دائروں میں مقید کیا گیا ہے- جن میں سطر مستحصلہ پوشیدہ ہے اور جو نا قابل فہم اور نا قابل عمل رہی ہے- اس مستحصلہ سے تین زبانوں

عربی، فارسی، اردو

میں ایک واضح جواب ایک ہی طریقہ سے برآمد ہوتا ہے- جس کی مثال ساتھ دی گئی ہے- قواعد و ضوابط تو اکثر لوگوں کو معلوم ہیں- مگر اس کو حل شدہ حاصل کرنا مدتوں خدمت کے بعد ہی ممکن تھا-

ہدیہ =/۱۵۰ روپے- علاوہ محصول ڈاک

اوراق پبلشرز کراچی

علم النقوش پر جامع اور مستند کتاب

عامل کامل

(حصہ دوم)

علم الواح ☆ علم تکسیر اعداد ☆ وفق اعداد ☆ علم النقوش مع خواص ☆ وضع اور قواعد معہ امثال

اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی- جس سے یہ معلوم ہو کہ یہ علم کیسے کام کرتا ہے- عمل کیسے وضع کیا جاتا ہے اور کیسے مختلف مقاصد کا مخصوص نقش بنتا ہے-

- مثلث کہاں کام کرتی ہے- مربع کہاں، مخمس کہاں، غرضیکہ ہر نقش کے متعلق یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مقصد کے موافق چال کونسی ہے اور نقش کونسا ہے-
- ہر قسم کے نقش پر کرنے کے طریقے، مخصوص دور اور مخصوص مقاصد کے لئے وضعی اعداد یہ تمام طریقے کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں گے- یہی نقوش کے راز ہیں-
- وہ راز جس سے نقش کے اندر اسم، آیت، مقصد اور نام طالب و مطلوب قائم ہو جائیں-
- نقوش کے موکلات، اسمائے الٰہی، اعوان اور عزیمت بنانے کے قواعد-
- طریقہ زکات و اصلاح عددین-
- مثلث، لوح سلیمانی، مثلث ہندی، مثلث دو پایہ، مربع، مخمس، مسدس، مربع، عشر، اثنا عشر، صدر صد نقوش، ان کی چالیں، خواص اور عملیات-
- اعمال وحب و بغض، حاضری مطلوب، ترقی، سربلندی، حصول رزق، امراض وغیرہ کی الواح تیار کرنے کے طریقے، اسمائے الٰہی کی الواح اور ان کے فوائد-
- مخصوص اوقات کے مخصوص اور سریع التاثیر درجات-

صفحات ۴۴۰ * ابواب ۱۸ * عملیات و قواعد ۵۲۰

ہدیہ =\۵۵۰ روپے محصول ڈاک =\۶۵ روپے

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

ماہ فروری

نام ایام	فروری ۲۰۱۸ء	جمادی الاول ۱۴۳۹ھ	ماگھ ۲۰۷۴ب	متروی نمبر	توقیعات	درجہ برج	عین وقت	شمس در دلو	مواضع قمر: برج	مواضع قمر: اوقات داخلہ	مواضع قمر: منازل	مواضع قمر: اوقات داخلہ	مواضع قمر: اشکال	مواضع قمر: حالت
جمعرات	۱	۱۴	۲۰	۵				۱۳			صرفہ	۱۰:۱۵		
جمعہ	۲	۱۵	۲۱	۶				۱۴	سنبلہ	۰۰:۱۲	عوا	۷:۱۵		اوج
ہفتہ	۳	۱۶	۲۲	۷				۱۵			سماک	۴:۴۲		
اتوار	۴	۱۷	۲۳	۸				۱۶	میزان	۲:۴۶	غفرہ	۲:۴۶		
پیر	۵	۱۸	۲۴	۹	کشمیڑے			۱۷			زبانہ	۱:۲۸		
منگل	۶	۱۹	۲۵	۱	قمر در عقرب			۱۸	عقرب	۸:۵۶	اکلیل	۰۰:۵۷		ہبوط
بدھ	۷	۲۰	۲۶	۲				۱۹			قلب	۱:۰۷	◒	تربیع دوم
جمعرات	۸	۲۱	۲۷	۳				۲۰	قوس	۱۸:۵۳	شولہ	۲:۰۰		طرح
جمعہ	۹	۲۲	۲۸	۴				۲۱			لغائم	۳:۲۴		
ہفتہ	۱۰	۲۳	۲۹	۵				۲۲			بلدہ	۵:۱۳		
اتوار	۱۱	۲۴	۳۰	۶	زہرہ در حوت			۲۳	جدی	۷:۲۰	ذابح	۷:۲۰		وبال
پیر	۱۲	۲۵	پھاگن	۷				۲۴			بلعہ	۹:۲۸		
منگل	۱۳	۲۶	۲	۸	عرس پیر سید بشیر احمد سوہدرہ			۲۵	دلو	۲۰:۱۰	سعود	۱۱:۳۲		
بدھ	۱۴	۲۷	۳	۹				۲۶			اخبیہ	۱۳:۲۱		
جمعرات	۱۵	۲۸	۴	۱				۲۷			مقدم	۱۴:۵۴		
جمعہ	۱۶	۲۹	۵	۲	سورج گرہن ✹			۲۸	حوت	۷:۴۱	موخر	۱۶:۰۰	●	حضیض اجتماع
ہفتہ	۱۷	۳۰	۶	۳	نیا چاند ☾			۲۹			رشا	۱۶:۴۴		
اتوار	۱۸	جمادی الثانی	۷	۴	عطارد در حوت، شمس در حوت، یکم جمادی الثانی ۱۴۳۹ھ			حوت	حمل	۱۷:۰۴	شرطین	۱۷:۰۴		
پیر	۱۹	۲	۸	۵				۲			بطین	۱۶:۵۷		
منگل	۲۰	۳	۹	۶				۳			ثریا	۱۶:۲۶		
بدھ	۲۱	۴	۱۰	۷	شرف قمر			۴	ثور	۰۰:۱۱	دبران	۱۵:۳۰		شرف
جمعرات	۲۲	۵	۱۱	۸				۵			ہقعہ	۱۴:۱۲		
جمعہ	۲۳	۶	۱۲	۹				۶	جوزا	۵:۰۷	ہنعہ	۱۲:۳۰	◒	فرح تربیع اول
ہفتہ	۲۴	۷	۱۳	۱				۷			ذراعہ	۱۰:۲۶		
اتوار	۲۵	۸	۱۴	۲	ہبوط عطارد			۸	سرطان	۸:۰۵	نثرہ	۸:۰۵		ترفع
پیر	۲۶	۹	۱۵	۳				۹			طرفہ	۵:۲۷		
منگل	۲۷	۱۰	۱۶	۴				۱۰	اسد	۹:۴۱	جبہۃ زبرہ	۲:۳۹ ۲۳:۴۴		
بدھ	۲۸	۱۱	۱۷	۵				۱۱			صرفہ	۲۰:۵۰		

کیا آپ کا برج دلو ہے



اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

شمس جب برج دلو میں داخل ہوتا ہے تو ہم دائرۃ البروج کے ایک عظیم برج تک پہنچ جاتے ہیں۔ یہ دائرۃ البروج کا گیارہواں برج ہے۔ جو دوستوں، امیدوں اور خواہشات سے منسوب ہے۔ یہ ثابت بادی برج ہے اور آئیڈیل اور تعلقات کی دنیا میں انسان کے آئیڈیل کی نشاندہی کرتا ہے۔

تمام بادی برج دوسرے انسانوں کے ساتھ تعلقات کی نمائندگی کرتے ہیں جوزا بھائی بہنوں سے منسوب ہے میزان شوہر، بیوی اور ہر قسم کی شراکت سے منسوب ہے اور دلو کا تعلق دوستی کے معاملات سے ہے۔ جو عموماً سوسائٹیوں، انجمنوں اور کلبوں سے کسی نوعیت کی وابستگی کا رویہ دھار لیتی ہے۔ دلو سے متعلقہ افراد ایک ایسے گروہ کا لیڈر بننا چاہتے ہیں۔ جس کا مقصد کسی خاص مضمون کا مطالعہ یا علم حاصل کرنا ہوتا ہے اور یہ چیز ان کے لئے بے حد موزوں ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ اس کے ذریعے ہم مزاج لوگوں سے مستحکم اور ایسا رشتہ استوار ہوتا ہے جو اپنے عوض کوئی مطالبہ نہیں کرتا۔ انسانی رشتوں میں یہ واحد ایسا رشتہ ہے جس میں مطالبات بالکل نہیں ہوتے۔ شاید اسی وجہ سے یہ رشتہ دیرپا ثابت ہوتا ہے۔

اگر دلو سے متعلقہ فرد کو آپ اس کی شرائط پر قبول کرلیں اور اگر حالات بھی اجازت دیں تو وہ ساری زندگی آپ کا دوست رہے گا اور اگر غیر جذباتی وجوہات کی بناء پر علیحدگی ہو جائے تب بھی وجوہات کے خاتمے پر دلو سے متعلقہ فرد آپ سے دوستی کا دوبارہ آغاز کردے گا اور یہ دوستی بالکل اسی نوعیت کی ہوگی جیسی کہ پہلے تھی۔ علیحدگی کے وقت کو با آسانی پر کیا جاسکے گا۔

جب کہ دوسری جانب یہ ان لوگوں کو سخت ناپسند کرتے ہیں جو ان پر قابو پانا چاہتے ہیں۔ آپ ان کا ''بہترین'' دوست بننے کی کبھی توقع نہ رکھیں۔ ورنہ یہ جلد ہی آپ سے تعلقات ختم کرلیں گے۔ ان کے دوستوں کے حلقے میں آپ کا شمار ہوگا۔ لیکن آپ یا ان میں سے کوئی بھی ان کا خاص الخاص دوست کہلانے کا مستحق نہ ہوگا۔ دلو سے متعلقہ افراد قریبی تعلقات کی پرواہ نہیں کرتے اور جب کوئی ان پر قبضہ کرنا یا قابو پانا چاہتا ہے تو ان کا دم گھٹنے لگتا ہے۔ یہاں تک کہ شادی بھی ان کے نزدیک کسی قدر غیر ذاتی رشتہ ہوتا ہے۔ یہ اپنے بے حد ذاتی قسم کے خیالات کو اپنی ذات تک ہی محدود رکھنا چاہتے ہیں۔

لیکن دلو سے متعلقہ بیشتر افراد سماجی اور فلاحی ذوق رکھتے ہیں یہ دیگر انسانوں کو کسی نہ کسی لحاظ سے بہتر بنانا چاہتے ہیں اگر دلو سے متعلقہ کوئی شخص آپ کا دوست ہے تو اپنے کسی دوست کی بدقسمتی کا ذکر کرکے ان کا دل ہر گز نہ توڑیں۔ یہ اس میں بالکل دلچسپی نہ لیں گے بلکہ اس کے بجائے انہیں افریقہ کے قحط زدہ قبائل یا یورپ یا ایشیا کے مظلوم لوگوں کے بارے میں بتائیں تو یہ ان کی مدد کے لئے فوری طور پر کوئی طریقہ سوچنے لگیں گے۔ ان کی ہمدردیاں اور دلچسپیاں مقامی نہیں بلکہ بین الاقوامی ہوتی ہیں۔

دلو سے متعلقہ افراد کسی بھی نوعیت کے یکساں معمول کو سخت ناپسند کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب دفتری کام میں بھی یکسانیت پیدا ہو جاتی ہے تو یہ اس میں کسی طرح تبدیلی لانے کی کوشش کریں گے اور وہ کوشش اس طرح کریں گے کہ دفتر جانے کا راستہ بدل دیں گے یا کام کی ترتیب بدل دیں گے۔ یعنی کوئی نہ کوئی کام ایسا ضرور کریں گے جس سے انہیں کچھ تبدیلی کا احساس ہوگا۔ دفتر کے ٹائم کے خاتمے تک یکساں معمول کا احساس ہی انہیں ناپسند ہوتا ہے۔

دلو برج اسد کا مقابلے کا برج ہے۔ اسد دل پر حکومت کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دلو سے متعلقہ افراد ذاتی جذبات سے بے حد خوفزدہ رہتے ہیں۔ لہذا جہاں جذباتی معاملہ آجاتا ہے۔ وہاں کوشش کرکے واپس پلٹ جاتے ہیں اور اگر ہو سکے تو اس معاملے کو انٹیلیکچوئل بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ شادی کے معاملے میں گھریلو بالکل نہیں ہوتے۔ دلو سے متعلقہ آدمی کا گھر ایسا ہوتا ہے کہ جہاں افریقہ کے مسائل سے متعلق سارا مواد مل جائے گا یا پھر مزدوروں کے تعلقات سے متعلق بحث ہوگی۔ یعنی گھر کے علاوہ وہ ہر معاملے کا علم اور دلچسپی رکھتا ہے اور گھر کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا بلکہ گھر کے تمام کام بیوی بچوں کے سپرد ہوتے ہیں۔

دلو سے متعلقہ افراد نوجوانی کے زمانے میں شادی کے حق میں قطعی نہیں ہوتے تاہم جب شادی میں کشش محسوس کرتے ہیں تو شادی کے لئے کسی پرانے دوست کا انتخاب کرتے ہیں یا پھر شاید کوئی ایسا شخص جس سے دفتر یا کام کے دوران ملاقات ہوئی ہوگی اور اس سے یہ پورے طور پر واقف ہوں گے۔ اس لئے کہ یہ طریقہ انہیں تحفظ کا احساس دیتا ہے۔

دائرۃ البروج	یہ گیارہواں برج ہے۔
عرصہ پیدائش	۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری (اندازاً)
عنصر	بادی
ماہیت	ثابت
حاکم ستارہ	یورنس، زحل
برج کی علامت	پانی لے جانے والا برتن

دلو سے متعلقہ شادی شدہ عورت بھی گھریلو نہیں ہوتی۔ گھر کے کام اسے پریشان کر دیتے ہیں۔ یہ کوشش کرتی ہے کہ کوئی شخص ایسا مل جائے جو اس کے لئے گھر کے سارے کام کر دیا کرے۔ اسی طرح یہ بالکل چھوٹے بچوں کے کاموں میں بالکل دلچسپی نہیں رکھتی بلکہ اپنے بچوں سے اس وقت محبت کرتی ہے جب وہ اس عمر کو پہنچ جائیں کہ اس سے بات چیت کر سکیں اس عمر میں پھر یہ بچوں پر اپنے خیالات کا اظہار کرنے لگتی ہے اور اپنے خیالات کے ذریعے ان پر اثر انداز ہونا چاہتی ہے۔ یہ بچوں کو خاصی چھوٹی عمر ہی میں اسکول میں داخل کرا دینا چاہتی ہے تاکہ وہ بھی اپنے دوست بنا سکیں۔

دلو کی علامت ایک آدمی ہے جس کے ہاتھ میں پانی لے جانے والا برتن ہے اور وہ پانی زمین پر گرا رہا ہے تاکہ بیج پودوں کی شکل اختیار کر سکیں اور دلو سے متعلقہ تمام افراد کا مشن بھی یہی ہوتا ہے اور ایک اہم مگر غیر ذاتی انداز میں دوسرے انسانوں کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے کام آنا چاہتے ہیں۔ یہ برج سال میں اس وقت آیا ہے جب موسم بہار کی فصل کی کٹائی کے آغاز کے لئے دریائے نیل کے پانی میں طغیانی آ جاتی ہے۔ چنانچہ دلو سے متعلقہ افراد بیج بوتے ہیں اور جب وہ بڑے ہونے لگتے ہیں تو ان کی دیکھ بھال کی ذمہ داری ہماری ہوتی ہے۔

اس برج سے متعلقہ افراد کے مزاج کا ایک پہلو بے حد ڈرامائی ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس برج سے متعلقہ اکثر افراد تھیٹر، ٹی وی اور فلم میں نظر آتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب یہ کوئی سین مکمل کروا لیتے ہیں تو اپنا کوٹ پہن کر گھر کی یوں راہ لیتے ہیں گویا چائے پی کر باہر نکل رہے ہوں اور سین سے کسی بھی قسم کی جذباتیت یا لگاؤ کا انہیں قطعی احساس نہیں ہوتا ہے مزید یہ کہ وہ کمپنیاں جو کسی گروہ کے لئے کسی سفر کا انتظام کرتی ہیں یا پھر وہ تھیٹر کمپنیاں جو جگہ جگہ رک کر ڈرامے دکھاتی ہیں اس میں کام کرنے والے لوگ جس انداز میں ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہیں۔ تعلقات کا یہی انداز ان کا پسندیدہ ہوتا ہے - کیونکہ اس میں کوئی جذباتیت یا لگاؤ نہیں ہوتا۔ بلکہ جب تک سفر یا تھیٹر کے مکمل پروگرام کا اختتام نہیں ہو جاتا لوگ ایک دوسرے کے ساتھ اچھے انداز میں رہتے ہیں اور خاتمے پر خوش دلی سے خدا حافظ کہہ کر اپنے اپنے گھروں کو لوٹ جاتے ہیں اور دلوں پر کوئی بوجھ نہیں ہوتا۔

اس کے علاوہ دلو سے متعلقہ افراد پارلیمنٹ اور مقامی حکومت میں بھی نظر آتے ہیں۔ یہاں وہ اپنے خیالات کا اظہار کر سکتے ہیں۔ اپنے نظریات کی آزمائش کر سکتے ہیں۔ یہ کہا جاتا ہے کہ دنیا کا سب سے بہترین کلب پارلیمنٹ ہے کیونکہ اس کی زندگی میں پابندیاں انتہائی کم ہوتی ہیں۔ اس وجہ سے یہ ان کا پسندیدہ کیریئر ہوتا ہے۔

دلو سے متعلقہ لڑکیاں پرکشش اور ملنسار ہوتی ہیں۔ دعوتیں اور پارٹیاں دینا اور سہیلیوں کے ساتھ تفریحی پروگرام ترتیب دینا پسند کرتی ہیں۔ یہ شادی کی زیادہ شوقین نہیں ہوتیں اس لئے کہ یہ تعلق انہیں باندھ دیتا ہے۔ بلکہ جب تک ممکن ہو سکے اسے ٹالتی رہی ہیں۔ یہ عموماً کوئی نہ کوئی کام کرتی ہیں جو ان کا بے حد پسندیدہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی اور کام کے لئے ان کے پاس وقت نہیں ہوتا۔ یہ مادہ ذہنیت بھی نہیں رکھتیں بلکہ یہ جو کام کرتی ہیں اس کی اہمیت ہوتی ہے اور جو پیسہ اس کام سے ملتا ہے وہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ یہ تھیٹر کی بے حد شوقین ہوتی ہیں اور عموماً تھیٹر میں کام کر کے ہی خوش بختی حاصل کرتی ہیں۔ تھیٹر کی دنیا میں بے حد خوبصورت نظر آتی ہیں اس برج سے متعلقہ افراد کا چہرہ عموماً لمبا اور آنکھیں گول ہوتی ہیں۔ کشادہ مسکراہٹ ان کے چہرے پر نظر آتی ہے یہ نئے لوگوں سے ملنے کے بے حد شوقین ہوتے ہیں بلکہ یہ جو کام بھی کرتے

ہیں اس میں تنوع اور جدت کے خواہاں ہوتے ہیں تاہم کچھ عرصے بعد یہ پرانے دوستوں اور اپنے ابتدائی زمانے کے خیالات کی طرف لوٹ آتے ہیں۔

دور جدید کے ماہرین نجوم کے نزدیک دلو کا حاکم یورنس ہے۔ جب کہ قدیم زمانے کے ماہرین نجوم زحل کو اس کا حاکم قرار دیتے ہیں۔ دراصل ان دنوں کو اکب کو ایک برج سے منسوب کرنے کی کوئی نہ کوئی وجہ ہے۔ دلو سے متعلقہ افراد کی شخصیت کی سرد مزاجی اور منطقی پہلو بالکل زحل کے اس عمل کی مانند ہے کہ انسان جو بوتا ہے وہی کاٹتا ہے۔ ان کی شخصیت کا تنوع اور انسان دوستی یورنس کی مانند ہے جو کسی قسم کے قانون کو تسلیم نہیں کرتا لیکن دلو سے متعلقہ افراد بالکل اچانک اور بجلی کے کڑکے کی مانند عمل نہیں کرتے بلکہ ان کے افعال دراصل عقلمندانہ سوچ اور منطق کا نتیجہ ہوتے ہیں اپنی دلچسپی کے موضوعات اور معاملات میں بڑی ثابت قدمی سے دلچسپی لیتے رہتے ہیں۔ جبکہ ایک مثالی یورنسی شخص ایسا نہیں کرتا۔ لیکن دلو سے متعلقہ افراد کے خیالات کی جدت زحل کے عمل سے میل نہیں کھاتی۔ اس لئے کہ زحل قدامت پسند اور لکیر کا فقیر ہوتا ہے۔

بنی نوع انسان کی فلاح کے خیالات بھی زحل سے میل نہیں کھاتے۔ زحلی آدمی دوسرے انسانوں سے متعلق اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کا احساس ضرور رکھتا ہے۔ لیکن ذاتی مفاد کے علاوہ کسی اور وجہ سے کوئی قدم اٹھانا پسند نہیں کرے گا۔ جب کہ دلو سے متعلقہ افراد جب اپنی جدت پسند اسکیموں پر عمل شروع کرتے ہیں تو ذاتی مفاد کو فراموش کر دیتے ہیں۔ لیکن جب یہ ایک بار کسی خیال پر عمل کر لیتے ہیں تو زحل کے انداز میں دوبارہ اپنے پرانے معمول پر لوٹ آتے ہیں۔ اس لئے کہ یہ بہرحال ثابت برج سے تعلق رکھتے ہیں۔ جب کہ دوسری جانب کوئی بھی مثالی زحلی شخص کبھی بھی اپنے ذاتی مفاد کو فراموش نہیں کرتا۔

شمس اور قمر کے علاوہ دیگر کواکب دو دو بروج پر حکومت کرتے ہیں۔ یعنی عطارد جوزا اور سنبلہ پر حکومت کرتا ہے۔ زہرہ ثور اور میزان پر مریخ حمل اور عقرب پر مشتری قوس اور حوت پر حکومت کرتا ہے چنانچہ زحل کا جدی کے علاوہ دلو پر بھی کرنا درست ہے۔

تثلیث عطارد و مشتری

یہ وقت ۲ مارچ کو شام ۶ بجکر ۴۱ منٹ پر ہو گا۔ یہ دن اور وقت بے حد سعد ہے۔

یہ وقت حصول علم و کامیابی امتحان، رکاوٹ، شادی بیاہ، ترقی نہ ہونا، حصول ملازمت یا ملازمت میں سعی کا قبول نہ ہونا۔ (بشرطیکہ ملازمت ٹرانسپورٹ یا نوشت وخواند سے متعلق ہو) ان تمام امور کے لئے یہ وقت پرتاثیر ہے اور اس وقت کی روحانیت سے فائدہ اٹھا کر مقاصد حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ نام طالب معہ والدہ کے اعداد ابجد قمری سے نکالیں۔ پھر اس میں مطلوب کے اعداد بھی شامل کریں۔ مطلوب اگر افسر ہے تو اس کا نام معہ عہدہ لیں اور اگر ترقی ملازمت وغیرہ کوئی مطلوب ہے تو اس کے اعداد لیں اور کل اعداد جمع کر کے اس میں ۳۵ عدد کا اضافہ کر دیں اور ۳ مربع نقش پر کریں پہلے دو لکھے ہوئے دریا میں بہا دیں۔ گولیاں بنانے کی ضرورت نہیں۔ تیسرا نقش معطر کر کے موم جامہ کر کے سیدھے بازوں پر باندھ لیں اور نیاز حسب توفیق حضرت خواجہ خضر اور رسول خدا □ کی دلائیں۔ انشاء اللہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔

مثال:۔ طالب احمد دین، مطلوب ترقی، احمد دین کے اعداد ۱۱۷ ہوئے۔ مطلوب ''ترقی'' ہے۔ اس کے اعداد ۷۱۰ ہوئے۔ ۳۵ عدد قانون کے اور جمع کئے تو کل اعداد ۸۶۲ ہوئے جس کا نقش یہ بنا۔

۷۸۶

۲۱۵	۲۱۸	۲۲۱	۲۰۸
۲۲۰	۲۰۹	۲۱۴	۲۱۹
۲۱۰	۲۲۳	۲۱۶	۲۱۳
۲۱۷	۲۱۲	۲۱۱	۲۲۲

اس نقش کی چال یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۲	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یہ نقش آلتی چال کا ہے۔ ہر شخص اپنے نام کے حروف اول کے عنصر کے مطابق نقش پر کرے۔ نقش پر کرنے کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ کل تعداد سے ۳۰ تفریق کریں۔ باقی کو ۴ پر تقسیم کریں جو حاصل قسمت ہوا سے خانہ نمبرا میں رکھ کر نقش کو چال کے مطابق پر کریں۔

اس مثال میں کل اعداد ۸۶۲ میں سے ۳۰ منہا کئے تو باقی ۸۳۲ بچے اسے ۴ پر تقسیم کیا تو ۲۰۸ خارج قسمت ہوا۔ اسے خانہ اول میں رکھ کر ترتیب وار خانوں میں لکھتے گئے۔ نقش پر ہو گیا۔ بعض اوقات ۴ پر تقسیم کرنے سے کچھ اعداد باقی بچ رہتے ہیں اگر ایک باقی بچے تو خانہ ۱۳ میں ایک کا اضافہ کر دیں۔ اگر باقی ۲ بچے تو خانہ ۹ میں۔ باقی ۳ ہوں تو خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کر دیں۔ نقش پر ہو جائے گا۔

جو شخص بھی اپنے لئے یہ عمل تیار کرے اپنے نام کے حرف اول کے عنصر کے مطابق نقش پر کرے۔ اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو خط لکھ کر دریافت کر لیں۔

چاندی کا ہدیہ۔/۹۵۰۰ کاغذ پر۔/۶۰۷۱ روپے ہوگا علاوہ محصول ڈاک اور ۱۵ دن قبل لکھیں۔

برنی تقویم ۲۰۱۸ء کے لیے اپنا آڈر بک کروائیں

ماہ مارچ کیسا گزرے گا؟

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل۔ستارہ مریخ

حروف:- ا۔ل ۔ع ۔ی

پیدائش:- مارچ ۲۱ تا اپریل ۲۰

اس ماہ آپ کے اردگرد کام اور کاروباری حالات میں ٹھہراؤ نہیں رہے گا- کیریئر، تعلیم اور سفر کے معاملات میں بے چینی، الجھاؤ، ذہنی پریشانی کی سی کیفیت سے دوچار ہونگے۔

ستارہ مریخ سارا ماہ زائچے کے نویں گھر میں رہے گا- یہ آپ کے کاروباری سفر، قانونی اور آفیشل کاموں میں بہتری لائے گا- اس ماہ روحانی علوم سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کی بہتر نشوونما کرسکیں گے- اس ماہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرون ملک سفر کر رہے ہیں تو جوش و امنگ خوشی دے گی- اپنی باقوت صلاحیتوں پر اعتماد کریں اور اعلیٰ منزلوں کی طرف گامزن ہوں- یہ ماہ اثاثوں میں اضافے اور کاروبار کو وسعت دینے اور نئے راستوں کی تلاش کرنے کے لئے موافق ثابت ہو گا- اس کے علاوہ معاملات کو نفع بخش اور کارگزار بنیادوں پر قائم کرنے کے لئے بھی موافق ثابت ہو گا- مریخ ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہو گا- اپنے اہم کام اور قانونی و آفیشل معاملات کو حل کرنے کے لئے مشورہ کریں- تاہم ۲، ۷، ۲۴ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا- جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا-

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کی تسدیس ہوگی- اس دن کے نزدیک لوگوں کا تعاون حاصل کرنے کی کوشش کریں- روزگار اور ترقی کے کام کو آگے بڑھانے کے لیے تعاون حاصل کریں- سماجی سرگرمیوں کے لئے امداد یا چندہ کے حصول کے لئے ملاقات کریں یا کسی پروا گرم کے ذریعے امداد حاصل کریں- روپیہ کے حصول میں آسانی رہے گی- تبدیلی مقام کے لئے پیش رفت کریں- اس دن کے نزدیک ایسے لوگ بھی ملیں گے جو آپ کے مقاصد کو دیکھتے ہوئے خفیہ امداد بھی کریں-

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی- کیریئر کے معاملے اور والدین کی صحت کے معاملے میں پریشانی بڑھ جائے گی- اس وقت عزت و وقار کا مسئلہ درپیش ہوگا گھر کے معاملات بے سکونی کا شکار ہوں گے- شریک زندگی کے ساتھ بھی معاملات جھگڑے کا باعث بنیں گے- ہر شخص اپنی اہمیت کو بڑھانے کی کوشش کرے گا- اور انا کا مسئلہ بنے گا-

زہرہ زائچے کے گیارہویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۱ تاریخ کو بارہویں گھر میں داخل ہوگا- دوست اور قریبی جاننے والے افراد آپ کے معاملات میں بہت سرگرم اور اہم کردار ادا کریں گے - اس مدد آور رجحان کے تحت آپ کی امیدیں، خواہشات اور اہم مقاصد کو فائدہ پہنچے گا- جن دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا- ان دنوں آپ کی زندگی میں جو واقعات رونما ہونگے وہ آپ میں خوش امیدی پیدا کردیں گے- چنانچہ نوٹ کرلیں کہ زہرہ اس ماہ کی ۵، ۱۱، ۱۶، ۲۲، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا- غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں حادثاتی ملاقات محبت میں تبدیل ہو جانے کا امکان ہے اور محبت کے معاملات سے متعلق ان کے خواب پورے ہوسکتے ہیں- صحت، جسمانی بیماری پر بہتر اثر پڑے گا- اس وقت دوستوں کے ساتھ کوئی ذمہ داری اٹھانا پڑے گی- شاید کسی کی زندگی میں خوشیاں کا حصول آپ کے لیے بہت بڑی خوشی کا سبب بنے - ایسے معالات جو دشمنی اور حسد کی وجہ سے تعلقات دم توڑ چکے تھے ان کو دوبارہ ابھرنے کا موقع ملے گا- ماحول میں ہم آہنگی پیدا ہوگی کیونکہ اس ماہ زہرہ محبت کے بندھنوں کو مزید مضبوط کرنے کی پوزیشن میں ہے-

۲۲ تاریخ کو عطارد زحل کی تسدیس ہو گی - کاروباری معاہدات' قانونی مشورہ حاصل کرنے' تحریری کاموں کو مکمل کروانے اور باحیثیت لوگوں سے رابطہ قائم کرنے میں مدد آور ثابت ہوگا- ایسے کام جن میں خاندانی جائیداد اور روپیہ لگا ہوا ہے- اس سے متعلقہ حساب اور منافع سے متعلق معلومات رکھیں- رسل و رسائل اور پبلشنگ کے کاموں کے لئے موزوں' گھر اور زمین کی خریداری یا اس سلسلے میں معلومات اکھٹی کریں- لوگ آپ کی خواہشات کا احترام کریں گے دوستی فائدہ دے گی- روحانی علوم اور مطالعہ سے ذہنی سکون حاصل ہوگا-

عطارد زائچے کے گیارہویں گھر میں رہنے کے بعد ۱۹ تاریخ کو بارہویں گھر میں داخل ہوگا- سماجی سرگرمیوں' کلب یا دیگر سوشل سرگرمیوں میں نئے دوستوں کا اضافہ ہوگا- خفیہ کام یا امداد سے خوشی حاصل ہوگی- دوستوں کے ساتھ کاروباری شراکت فائدہ مند رہے گی- سیر و تفریح یا سفر خوشی کا احساس اجاگر کرے گا- دنیا کو جاننے اور سفر کے لیے بے چین ہونگے- اس کے علاوہ رشتہ داروں کے یہاں بھی زیادہ آنا جانا رہے گا- ہر وہ کام جس سے اپنی صلاحیتوں کو ابھار سکیں ان میں حصہ لیں- تحریری کام' خط و کتابت اور رابطے سے حالات کو بہتر کریں- وہ افراد جن کی اپنی فلاحی تنظیمیں ہیں یا اپنے کلب ہیں اور لوگوں کا تعاون درکار ہوتا ہے- اس سلسلے میں شوز' پارٹی یا دیگر تفریحی پروگرام میں لوگوں کو مدعو کرنا اور ان سے اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے مدد حاصل کرنا آسان ہوگا- عطارد ۴' ۱۰' ۱۵' ۲۱' ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا-



اس ماہ ثوری افراد اپنی زندگی سنوارنے اور گھر بنانے کی طرف زیادہ توجہ دیں گے- رشتہ داری کے معاملے میں احتیاط رکھیں- دوستوں پر زیادہ خرچ نہ کریں- اس ماہ قانونی معاملات بھی آپ کی موافقت میں ہونگے وہ معاملات جو کافی عرصے سے پریشان کئے ہوئے تھے ان میں بہتری محسوس ہوگی-

زہرہ وتد السماء پر موجود ہوگا اور ۱۱ تاریخ کو گیارہویں گھر میں داخل ہوگا- یہ ماہ جاہ طلب اور مہم جو افراد کی موافقت میں ہوگا- دراصل یہ ماہ ان عورتوں اور لڑکیوں کے لئے بھی بے حد خوش قسمت ثابت ہوگا جو کسی خاص کیریئر میں ترقی کے لئے کوشاں ہیں- وہ افراد جو ملازمت کی تلاش میں ہیں یا اپنی دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں ان کے لئے زہرہ کے سعد نظرات موافق ثابت ہونگے- زہرہ محبت کے معاملات پر بھی حکومت کرتا ہے- والدین اور بڑی عمر کے افراد کے ساتھ وقت گزاریں گے- اس وقت ان کے مشورے بہت اہم ہونگے- تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ ماہ ٹھوس نوعیت کے فوائد لائے گا- وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت کے حامل ہیں ان کے لئے ۵' ۱۱' ۱۶' ۲۲' ۲۶ تاریخ موافق ثابت ہو گی-

اس برج سے متعلقہ افراد عموماً" ایسی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کو بے حد پسند کرتے ہیں جن کے نتیجے میں انہیں کسی کلب' گروپ' لائبریری یا ادارے میں شریک ہونا پڑے- انہیں اپنی معاشرتی فلاح سے بھی بے حد دلچسپی ہوتی ہے-

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کی تسدیس ہوگی- اس دن کے نزدیک دوستوں یا رشتہ داروں کے ساتھ سفر کا پروگرام بنائیں گے جس سے خوشی ملے گی- اس وقت آپ میں جوش و جذبہ بڑھا ہوگا- کام چاہے وہ بہن بھائیوں سے متعلق ہو یا ان کی تعلیمی سرگرمیوں سے اس سلسلے میں خط و کتابت یا ذہن کو وسعت دینے والی سرگرمی میں حصہ لینے کے لئے سفر بھی موافق رہیں گے- یہ ماہ نئے تعلقات بنائے گا- ان دنوں اپنی خواہشات کے مطابق قریبی لوگوں سے فائدہ اٹھائیں گے- عزیز و اقارب مدد کریں گے- علوم روحانی یا دنیاوی علوم کو سمجھنے کا بہتر وقت ثابت ہوگا-

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی- اپنے آپ کو کسی بھی غلط کام میں ملوث ہونے سے بچانا ہوگا- غیر ارادی طور پر معاملات قانونی شکل اختیار کر سکتے ہیں اور آپ کے لئے عزت و وقار کا مسئلہ بنے گا- کاروباری سطح پر بھی ضرورت سے زیادہ روپے کا نقصان ہوگا اور آپ کے ذرائع آمدن بھی روک جائیں گے جس کے باعث ذہنی اور جسمانی تکالیف ابھر سکتی ہیں- اپنے آپ پر بھرپور توجہ دیں اور ٹینشن اور ڈپریشن نہ لیں-

عطارد وتد السماء پر موجود ہوگا اور ۱۹ تاریخ کو گیارہویں گھر میں آجائے گا- ہر قسم کے رابطے' گفت شنید' دوستوں کے درمیان ملاقاتیں اور ذہنی سکون حاصل کرنے کے پروگرام بنائیں- یہ وقت تحریری کام' لکھنے لکھانے اور پبلشنگ کے کام میں تعاون ہوگا اور دوسرے کی تعاون سے کام کو بہتر طور پر انجام دے سکیں گے- ان دنوں جو سفر ہوگا وہ خوش گوار ہوگا اور ایسے لوگوں سے ملاقات ہوگی- جو معلومات کا نیا ذریعہ ثابت ہونگے- تاہم صحت کے معاملات اور غیر ضروری ذہنی ٹینشن سے اعصابی و ذہنی بیماری ہوسکتی ہے- ایسے خیالات سے دور رہنا ہوگا جو ایسے غیر ضروری کاموں سے دور رہیں جس سے ذہنی و جسمانی قوتوں میں کمی آئے گی- عطارد ۴' ۱۰' ۱۵' ۲۱' ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا-

۲۲ تاریخ کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی- یہ وقت خاص طور پر معاہدات' سرمایہ کاری کے سلسلے میں رابطے' پیشہ وارانہ معاملات اور ملازمت میں ترقی حاصل کرنے اور لوگوں سے رجوع کرنے کے لئے بہتر وقت ثابت ہوگا- اس وقت سسرالی رشتہ داروں' گھر کے افراد کے درمیان غیر ضروری لوگوں ملوث ہونگے- جس سے بننے والے نئے تعلقات میں نقصان ہوسکتا ہے- اگر کسی شخص کے اوپر بھروسہ کیا ہے تو اس پر ذمہ داری ڈالیں تاکہ معاملات جو طے کئے ہیں اس میں نقصان کا احتمال نہ ہو- تاہم اپنے سرمایہ کو تحفظ دینے کی کوشش کرنی ہونگی-

ستارہ مریخ سارا ماہ زائچے کے آٹھویں گھر میں موجود ہوگا- لہذا میراث اور ترکہ اور شراکت داری کے معاملات میں بہتری آئے گی- اس ماہ کئی امور میں احتیاط رکھنی ہوگی- اس ماہ اخراجات خلاف معمول زیادہ رہیں گے- تاہم آپ اور آپ کے

شریک کے لئے یہ رجحان مالی لحاظ سے ترقی پذیر ثابت ہوگا۔ مگر ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ آپ بجٹ بنا کر عمل کریں۔ مریخ ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۲، ۷، ۱۷، ۲۴ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ ان دنوں لاپرواہی اور فضول خرچی کی طرف مائل ہونگے۔ ان دنوں روپیہ قرض لینے اور دینے میں خاص طور پر احتیاط کریں۔ انعامی اسکیموں، سٹہ بازی، سرمایہ کاری اور ایسی اسکیموں میں روپیہ ہرگز نہ لگائیں جن سے خطرے کا امکان ہو اور یہ بھی خیال رکھیں کہ آپ کا کوئی قریبی فرد کسی غیر عملی اسکیم میں ملوث نہ ہو جائے۔

برج جوزا۔ ستارہ عطارد

حروف:۔ ک۔ق

پیدائش:۔ مئی ۲۲ تا جون ۲۱

اس ماہ جوزاوی افراد گھریلو معاملات میں تبدیلی لانے کا خواہاں ہوں گے۔ بانڈز، انعامی اسکیم یا کسی سرمایہ کاری میں حصہ لینے کے لیے مشورہ کرنا بہتر رہے گا۔

عطارد نویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۹ تاریخ کو زائچے کے وتد السماء پر داخل ہوگا۔ چنانچہ وہ افراد جو تدریسی سرگرمیوں یا قانونی معاملات میں ملوث ہیں یہ ماہ ان کے لئے تسلی بخش ترقی لائے گا۔ لمبے سفر اور دور دراز خط و کتابت کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ عطارد ۴، ۱۰، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ یہ تاریخیں کاروباری قانونی اور آفیشل معاملات کے ساتھ ساتھ تفریحی نوعیت کے سفر کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر کسی معاملے سے متعلق گفت شنید کرنے والوں میں آپ بھی شامل ہیں یا کسی جگہ تقریر یا اظہار خیال کے لئے آپ کو مدعو کیا ہے تو ان تاریخوں کا انتخاب کریں کیونکہ عطاردی نظرات آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کریں گی اور آپ کی حاضر جوابی کو کئی گنا بڑھا دیں گی۔ تاہم اگر آپ ۱، ۷، ۲۳ تاریخ کو سفر کر رہے ہیں تو ان دنوں بے حد محتاط رہیں اگر پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کر رہے ہیں تو سفر کے آغاز کے وقت کو دوبارہ چیک کر لیں۔ قانونی یا آفیشل نوعیت کی بحث میں حصہ لینا ہے تو شارٹ کٹ اختیار کرنے سے گریز کریں۔

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کی تسدیس ہوگی۔ اس دن خاص طور پر شراکت داری کے معاملات اہم ثابت ہونگے۔ پیشہ وارانہ معاملات کے لئے یا کاروبار کو وسیع کرنے سے متعلق جو بھی شرائط ہونگی وہ پوری ہونگی۔ ان ملاقاتوں سے خاطر خواہ فائدہ حاصل ہوگا۔ یہ وقت کاروباری آمدن کے ذرائع بڑھانے اور نئے راستوں سے متعلق معلومات حاصل کرنا بہتر رہے گا۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ جائیداد اور شریک کار کے روپیہ کو کسی کے کہنے میں آ کر جلد منافع والی اسکیموں میں نہ لگائیں۔ وہ لوگ جو آپ کے قریب ہونگے ان کے مشورہ پر بغیر کسی ٹھوس ثبوت کے آگے نہ بڑھیں گے۔ اس وقت قرضہ حاصل کرنے کے لئے ملاقات اور اہم معاملات طے نہ کریں کیونکہ کچھ باتیں آگے چل کر اختلافی مسائل پیدا کریں گی۔

زہرہ ۱۱ تاریخ تک زائچے کے نویں گھر میں رہنے کے بعد دسویں گھر میں داخل ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت لمبا سفر اختیار کرنے کے لئے خواہ وہ کاروباری غرض سے اختیار کیا گیا ہو یا تفریحی نوعیت کا ہو، موافق ثابت ہوگا۔ درحقیقت یہ وقت ملک سے باہر چھٹیاں گزارنے کے لئے بے حد موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ کوئی لمبا سفر اختیار نہیں کر رہے ہیں تب بھی مقامی لحاظ سے آپ خاصا فاصلہ طے کریں گے۔ اگر آپ تعلیمی سرگرمیوں، کاروباری سفر یا عمرہ وغیرہ کے لے جا رہے ہیں تو آپ کا سفر خوشگوار ثابت ہوگا۔ اس وقت مشتری بھی آپ کی موافقت میں ہے۔ زہرہ اس ماہ کی ۵، ۱۱، ۱۶، ۲۲، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

لہذا قیمتی اشیاء کی خریداری سیر و تفریح، محبت کے معاملات اور کسی اسکیم میں روپیہ لگانا بہتر ثابت رہے گا۔ قانونی امور میں بھی یہ تاریخیں اہم رہیں گی۔ آپ کے نزدیک اگر محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں تو یہ ماہ ان معاملات کے لحاظ سے بھی موافق ثابت ہوگا۔ اس سلسلے میں سفر بھی کریں گے۔ کچھ خوشگوار نوعیت کی خبریں اور واقعات رونما ہو سکتے ہیں۔

۲۲ تاریخ کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی۔ یہ وقت قانونی معاملات کو سلجھانے اور معاہدات کو قانونی شکل دینے کے لئے بہتر ثابت ہوگا۔ دور دراز کے سفر اور کاروباری امور اور خط و کتابت میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔ اس وقت مسائل کا حل آسانی سے نکال سکیں گے۔ بیرون ملک سفر میں زائد اخراجات ہونگے اور کسی اہم شخصیت سے رابطہ ہوگا۔ مالی وصولیابی کے لئے جا رہے ہیں تو بہتری کی توقع رکھیں۔ تعلیمی سرگرمیوں، مطالعہ یا روحانی علوم میں دلچسپی لے کر عقل و شعور میں وسعت پیدا کریں۔

مریخ سارا ماہ طالع کے مقابل رہے گا۔ لہذا نئے تعلقات کا انجام تیزی سے منگنی اور شادی کی صورت میں بھی نکل سکتا ہے۔ وہ افراد جو پہلے ہی سے شادی شدہ ہیں انہیں شریک زندگی سے جذباتی سکون اور خوشی کے ساتھ ساتھ مادی اقبال مندی بھی حاصل ہوگی۔ کواکبی رجحانات تخلیقی اور آٹسٹک سرگرمیوں کی موافقت میں ہونگے۔ چنانچہ اگر آپ نئے خیالات کے اظہار کے لئے وسیع میداں کے خواہاں ہیں تو اب خوش قسمت مواقع حاصل ہونے کا وقت آ پہنچا ہے۔ وہ افراد جو بہت چمک دمک رکھنے والے پیشوں یا فلم اور تھیٹر کی دنیا میں ترقی کے خواہش مند ہیں اس ماہ کامیابی حاصل کریں گے۔ مریخ ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم مریخ طالع کے مقابل ۲، ۷، ۱۷، ۲۴ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ آپ کو کسی نوعیت کی مخالفت سے سابقہ پڑے تو آپ کو خاص لوگوں کا ساتھ دینا چاہیے۔ آپ دوسروں کے جھگڑے اور جذباتی مسائل سے الگ رہیں۔

برج سرطان۔ستارہ قمر

حروف:۔ ح۔ہ

پیدائش:۔ جون۲۲ تا جولائی۲۳

اس ماہ سرطانی افراد کو کاروباری شراکت داری کے معاملات میں بہتری محسوس ہوگی۔ لوگوں سے رابطے بھی مطلوبہ کام میں مددفراہم کریں گے۔ یہ وقت سسرالی رشتہ داروں اور خاندانی جائیداد کے امور میں ہم آہنگی لائے گی۔

مریخ سارا ماہ زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا جس کا تعلق کام اور صحت کے معاملات سے ہے چنانچہ اس ماہ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات بہت نمایاں رہیں گے۔ بہت سے محنتی افراد کی کوئی خواہش پوری ہو جائے گی۔ روزگار اور کام میں آپ کی پوزیشن اچھی ہے اور اپنے کام سے مطمئن بھی ہیں تو ترقی یا مرتبے اور حیثیت میں اضافہ لازمی ہے جب کہ وہ افراد جو کاروباری ہیں یا وہ جو کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔ جو اطمینان بخش ترقی لائے گا ان معاملات کے لئے۴'۹'۱۴'۱۹'۲۸ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔لہذا ان دنوں اہم معاملات اور دلچسپیوں کو تیزی سے آگے بڑھائیں۔اس رجحان کے تحت صحت بھی اچھی رہے گی۔۲'۷'۲۴ تاریخ کو محتاط رہیں زیادہ محنت والا کام نہ کریں کیونکہ ان دنوں حادثہ پیش آسکتا ہے۔اس ماہ کو یقیناً حوصلہ افزاء اور موافق پائیں گے۔

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کی تسدیس ہوگی۔ اس دن کے نزدیک بیرون ملک سرگرمیوں سے متعلق آپ کا رجحان رہے گا۔ بیرون ملک لوگوں کے ساتھ رابطے کریں۔تعلیمی یا کاروباری سفر کے پروگرام بنائیں۔ یہ وقت محبت کے معاملات کے علاوہ ذاتی خواہشات کو پورا کرنے میں مددگار ہو گا اور شریک زندگی کے ساتھ سفر خوشگوار اور ذہنی سکون دے گا۔ تاہم غیر ضروری اخراجات سے بچنا ہوگا۔ یہ وقت دینوی کاموں کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ تعلیمی سرگرمیوں، روحانی علوم کی طرف راغب ہوکر ذہنی شعور اور سوچ کو بہتر بنا سکیں گے۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ اپنے آپ کو کسی بھی غلط کام میں ملوث ہونے سے بچانا ہوگا۔ غیر ارادی طور پر معاملات قانونی شکل اختیار کر سکتے ہیں اور آپ کے لئے عزت و وقار کا مسئلہ بنے گا۔ کاروباری سطح پر بھی ضرورت سے زیادہ روپے کا نقصان ہوگا اور آپ کے ذرائع آمدن بھی روک جائیں گے جس کے باعث ذہنی اور جسمانی تکالیف ابھر سکتی ہیں۔ اپنے آپ پر بھرپور توجہ دیں اور ٹینشن اور ڈپریشن نہ لیں۔

زہرہ ۱۱ تاریخ تک آٹھویں گھر میں رہنے کے بعد نویں گھر داخل ہوگا۔ جس کا تعلق شراکتی معاملات اور مالی معاملات سے ہے۔ اس ماہ مالی معاہدات پر زبردست دباؤ پڑے گا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ زیادہ تر افراد اپنے ذرائع آمدنی کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے۔ اس ماہ شادی یا نسبت کی بات چل پڑی ہے تو قسمت ساتھ دے گی۔شریک زندگی کے قدم آپ کی خوش بختی کی راہیں کھول جائیں گی۔وہ افراد جو کاروباری شراکت رکھتے ہیں ان کے لئے یہ وقت خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔ امکان ہے کہ آپ کو کسی بڑی فرم سے ٹھیکہ ملے گا۔ اس ماہ بڑی تبدیلی سے واسطہ پڑے گا۔حالات جو بھی ہوں بہرحال ۵'۱۱'۱۶'۲۲'۲۶ تاریخ کو زہرہ سعد نظرات کے تحت ہوگا آپ کو کسی ایسی بات کا پتہ چلے گا جس کی عرصے سے خوشی سننے کے منتظر تھے۔ وہ افراد جن کی شریک زندگی سے تعلقات کشیدہ ہیں تو ان کے دوبارہ ملنے کا امکان ہے۔اس قسم کی بات اس دن ہوسکتی ہے جس دن زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۲ تاریخ کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی۔ ایسے تمام معاملات جن میں خاندانی یا لوگوں کی مہربانیاں شامل ہوں ان میں موافقت ملے گی۔ کچھ افراد روزگار یا مالی امور میں رکاوٹیں ڈالیں گے۔ لوگ کاروباری امور میں آپ کے متعلق غلط قسم کا پروگنڈا کرنے کی بھی کوشش کریں گے۔ عقل و شعور اور اپنی صلاحیتوں سے کام لیا تو ہر معاملے کو خوش اسلوبی سے حل کر لیں گے۔ اپنے راستے خود بنائیں گے ان کے ذریعے کامیابی حاصل ہوگی۔

عطارد آٹھویں گھر میں موجود ہو گا اور ۱۹ تاریخ کو زائچے کے نویں گھر میں آجائے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور دینوی مقاصد کی طرف رجحان رہے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت شنید یا قانونی پیچیدگیوں کو سلجھانے اور مشورہ کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔اس ماہ خط و کتابت یا دور دراز علاقے جانا یا بیرون ملک کاروباری یا تعلیمی نوعیت کا سفر ہو ہر طرح سے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ وسط ماہ کے بعد اپنے کام اور کاروبار کے سلسلے میں معاہدات، تحریری امور یا رابطے کئی طرح سے فائدہ دیں گے۔ لوگوں کے تعاون سے بہتر رہنمائی حاصل ہوگی۔ یہ وقت بہتر ملازمت حاصل کرنے کے سلسلے میں خط و کتابت یا دوسرے کے ذرائع سے اپنا راستہ بنانے اور رابطے کرنے بھی فائدہ مند ثابت ہونگے۔ والدین اور خاندان والوں کے ساتھ ہم آہنگی پائی جائے گی۔ عطارد ۴'۱۰'۱۵'۲۱'۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج اسد۔ستارہ شمس

حروف:۔ م

پیدائش:۔ جولائی۲۴ تا اگست۲۳

اس ماہ اسدی افراد کو مالی لین دین وملازمین کے معاملات میں احتیاط رکھنی ہوگی۔ اس ماہ آپ کی کوئی خواہش پوری ہوگی۔محبت کا برملا اظہار ہوگا۔

ستارہ زہرہ طالع کے مقابل موجود ہوگا اور ۱۱ تاریخ کو آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔اس گھر کا تعلق ہر قسم کی شراکتی معاملات اور قریبی تعلقات

سے ہے۔ چنانچہ یہ وقت محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے ان کے لئے آنے والا وقت موافق ثابت ہوگا اس وقت محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تمام بندھن مزید مضبوط ہو جائیں گے۔ اگر کسی بھی معاملے میں مسائل کا سامنا ہے تو ان کے حل کے لئے ۵، ۱۱، ۱۶، ۲۲، ۲۶ تاریخ کا انتخاب کریں کیونکہ زائچے میں ساتویں گھر میں زہرہ کی موجودگی ہر قسم کی گفت شنید اور بحث مباحثے کے لئے موافق ثابت ہوگی۔ اگر آپ کسی اہم کاروباری معاملے کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں تو آپ کے حق میں بہتر پالیسی یہ ہے کہ آپ حکمت عملی سے کام لیں اور بڑے ڈپلومیٹک انداز میں کام کریں ویسے لوگوں کو ہم رائے بنانا اور ان کا دل جیتنا اتنا مشکل نہ ہوگا۔ مالی لحاظ سے یہ ماہ آپ اور آپ کے شریک دونوں کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ مالی طور پر غیر ضروری خطرات مول نہ لیں اپنا حساب کتاب بالکل درست رکھیں۔

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کی تسدیس ہوگی۔ اس وقت غیر متوقع لوگوں سے فائدہ حاصل ہوگا۔ ایسی سرگرمیاں میں حصہ لیں تاکہ ذہنی شعور کو وسعت مل سکے۔ کام اور کاروبار کے ذرائع کو بڑھانا آسان ہوگا۔ تحریری کام و پبلشنگ کے کام آسانی سے ہونگے۔ مالیاتی امور میں معاہدات موافق رہیں گے۔ سوشل تعلقات بنا کر کلب یا ادارے سے منسلک ہونا ہو کر لوگوں سے فایدہ اٹھانے کا ذریعہ بنے گا۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ والدین کے ذریعے میراث اور ترکہ کے معاملات کی طرف توجہ دیں اور حکمت عملی کے ذریعے ہر شخص کے حساب کرنے کی کوشش کریں۔ تاکہ غصہ اور انتشار سے بچا جا سکے۔ سرمایہ کاری غیر ضروری نہ کریں۔ روپے کا حصول اس وقت تکلیف دہ ہوگا جس کے باعث جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔

مریخ زائچے کے پانچویں گھر میں سارا ماہ موجود رہے گا۔ اس کی موجودگی پیشہ وارانہ سرگرمیوں اور طویل المعیاد منصوبوں کی موافقت میں ہوگی۔ مریخ ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو انعامی اسکیموں، کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں۔ تاہم ۲، ۱۷، ۲۴ تاریخ کو محتاط رہنا چاہئے کیونکہ ان دنوں حادثات پیش آنے کے امکان ہیں اور غلطیاں بھی کر سکتے ہیں۔ مریخ محبت کے معاملات میں بہتری کی نشاندہی کر رہا ہے۔ غیر شادی شدہ افراد اور خاص طور پر لڑکیوں اور عورتوں کے لئے شادی و نسبت کے لئے موافق لائے گا۔ یہ وقت گوں ناگوں بہتری کے واقعات لائے گا۔ کوئی دعوت، مختصر سفر یا اتفاقیہ ملاقات بہت اہمیت کی حامل ثابت ہوسکتی ہے۔ اس سلسلے میں ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۸ تاریخ اہم ثابت ہوگی اور یہ تاریخیں خوشگوار اور تعجب انگیز باتیں لاسکتی ہیں۔ اس ماہ پڑوسیوں، قریبی ملنے جلنے والوں اور رشتہ داروں کے معاملات کی جانب زیادہ توجہ رہے گی اور زیادہ وقت انہی پر صرف ہوگا۔ اس کی وجہ سے آپ کو روزمرہ کے معمولات میں تبدیلی لانے کا موقع مل جائے گا۔

۲۲ تاریخ کو عطارد و زحل کی تسدیس ہوگی۔ کام اور ملازمت کے سلسلے میں تبدیلی مقام بھی ہوگا یعنی دوسرے شہر ملازمت کے لئے جانا ہوگا۔ سفر مفید ثابت ہوگا۔ زمین یا مکان کی خرید و فروخت کر رہے ہیں تو اس میں خاطر خواہ مالی منافع حاصل ہوگا۔ روحانی و دینی علوم سے متعلق مطالعہ کر کے ذہنی سکون حاصل کریں۔ آگے بڑھنے کے لئے اپنی سوچ کو مثبت زاویے میں رکھنا ضروری ہوگا۔

عطارد طالع کے مقابل ہوگا اور ۱۹ تاریخ کو زائچے کے آٹھویں گھر میں آجائے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور دینوی امور کی طرف رجحان رہے گا اس سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ آگاہی فراہم کرے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت شنید یا قانونی پیچیدگیوں کو سلجھانے اور مشورہ کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ خط و کتابت یا دور دراز علاقے جانا یا بیرون ملک کاروباری یا تعلیمی نوعیت کا سفر ہر طرح سے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اس ماہ کام اور کاروبار کے سلسلے میں معاہدات، تحریری یا رابطے کئی طرح سے فائدہ دیں گے۔ لوگوں کے تعاون سے بہتر رہنمائی حاصل ہوگی۔ والدین اور خاندان والوں کے ساتھ ہم آہنگی پائی جائے گی۔ عطارد ۴، ۱۰، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہو گا۔

برج سنبلہ۔ ستارہ عطارد

حروف: ب۔ ع

پیدائش:۔ اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

سنبلی افراد اپنے اندر بے پنہاں قوت محسوس کریں گے۔ یہ قوت ان کی شخصیت کی خوبیوں کو باہر لے آئے گی۔ بچوں کی خوش قسمتی سے فائدہ ہوگا۔

زہرہ زائچے کے چھٹے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۱ تاریخ کو طالع کے مقابل آجائے گا۔ اس ماہ روزگار کی سرگرمیوں کو اہمیت حاصل رہے گی۔ تبدیلیاں آپ کے کام اور ملازمت کو واضع کر دیں گی جس سے اپنی سمت کا بہتر تعین کر سکیں گے۔ آپ کی صلاحیتیں اور قابلیت نئے کیریئر کی بنیاد ڈالیں گی۔ وہ افراد جنہیں حال ہی میں کام اور روزگار کے معاملات میں مشکل حالات کا سامنا رہا ہے وہ حالات میں بہتر تبدیلی دیکھیں گے۔ چنانچہ اس ماہ کی ۵، ۱۱، ۱۶، ۲۲، ۲۶ تاریخ محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی۔ دراصل بہت سے غیر شادی شدہ افراد کے کام کا ماحول ان کی زندگی میں محبت کا عنصر لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس ماہ آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کی طرف رہے گی۔ اگر ان دلچسپیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا ان میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں تو یہ وقت اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ سوشل زندگی میں بھی بہت سرگرمی اور جوش پیدا ہو جائے گا۔ باہر جانے اور لوگوں سے ملنے، نئے دوست بنانے اور زندگی سے لطف اندوز ہونے کے زائد موقع ملے گا۔

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کے ساتھ تسدیس بنائے گا۔ یہ وقت خاص طور پر حالات کو سمجھنے، لوگوں کے ساتھ تعلقات بڑھانے، تحریری کاموں اور

معلومات اکھٹی کرنے کے لئے سازگار ثابت ہوگا۔ دوستوں کے ساتھ مل کر کسی بھی ایسے کام میں حصہ لیں جس سے ذہنی وسعت ملے اور جس سے سوچ اور خیالات کو باقوت بنا سکے۔ شریک زندگی کے ساتھ سفر کرنے اور ایک دوسرے کو سمجھنے کے لئے ذہنی ہم آہنگی بھی ہونی ضروری ہے۔ ایک دوسرے کی سوچ اور خیالات کو جاننا ضروری ہے۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ اس وقت لین دین کے معاملات میں آپ کو احتیاط رکھنی ہوگی۔ سرمایہ کاری اور پیشہ وارانہ معاملات میں تحریری امور کو زیادہ اہمیت دیں۔ زبانی بھروسہ کسی پر نہ کریں۔ قانونی معاملات اس وقت کسی قسم کی مدد فراہم نہ کریں گے۔ جن لوگوں سے تعاون کے خواہاں ہونگے وہ اس وقت مددگار نہ ہوں گے۔ والدین کے ساتھ بھی معاملات میں صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں اس وقت ان کی سوچ آپ کے کام پر اثر انداز ہوگی جس سے آپ میں غصہ کا عنصر بڑھ جائے گا۔ شادی اور نسبت سے متعلقہ امور میں اس وقت بات چیت موثر ثابت نہ ہوگی۔

عطارد چھٹے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۹ تاریخ کو ناتویں گھر میں داخل ہوگا۔ کاروبار یا روزگار سے متعلق آپ کو کسی معاملے نے الجھن میں ڈال رکھا ہے تو اب وہ واضع ہو جائے گا اور افواہوں یا لوگوں کی باتوں کی وجہ سے جو پریشانی تھی وہ بھی اب دور ہو جائے گی۔ عطارد کی موجودگی کی وجہ سے آپ کی زیادہ تر توجہ روزگار اور کام کے معاملات پر مرتب ہوگی۔ اگر آپ کا اپنا کاروبار ہے یا نیا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ ہے تو نئے مواقع میسر آئیں گے معمولی نوعیت کی رکاوٹوں پر باآسانی قابو پا سکیں گے اور آنے والا وقت زیادہ حوصلہ افزاء ثابت ہوگا۔ تمام افراد کے لئے بہتر یہ ہے کہ اس ماہ وہ اپنی کامیابیوں کو مزید مستحکم بنائیں اور پھر ایک مضبوط اور مستحکم بنیاد قائم کرنے کی طرف توجہ دیں تاکہ اسی بنیاد پر مستقبل میں منصوبوں کی تعمیر کر سکیں۔ تاہم عطارد ۴، ۱۰، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخوں میں سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ وہ افراد جو نئی ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔

۲۲ تاریخ کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی۔ کاروباری گفت شنید، بینک سے قرضہ، انعامی اسکیموں میں شامل ہونا بہتری پیدا کرے گا۔ کوئی شخص آپ کی زندگی میں اہم تبدیلی لائے گا اس کے تعاون سے نمایاں کامیابی حاصل کریں گے۔ یہ وقت معاہدات، نئی تبدیلی لانے اور معلومات سے نئے راستے اختیار کرنے سے بہتری آئے گی۔ اس دن قانونی مشورہ طلب کریں اور تحریری کام کو مکمل کریں۔ روحانی علوم کا مطالعہ اور رفاہ عامہ کے کاموں میں حصہ لے کر ذہنی سکون حاصل کریں۔

مریخ سارا ماہ زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا۔ کچھ مشکلات اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا مگر یہ باقوت انداز میں مسائل کو سلجھانے میں مدد آور ثابت ہوگا۔ مریخ کی اس گھر میں موجودگی سے گھر میں حادثات پیش آنے کا بھی خطرہ ہے۔ لہذا اگر گیس یا بجلی کے آلات میں کچھ خرابی ہے تو کسی بھی قسم کا خطرہ ہرگز مول نہ لیں مریخ کی اس گھر میں موجودگی گھریلو اور خاندانی تعلقات کو مضبوط بنا دے گی۔ اگر گھر میں کوئی دعوت کرنی ہے یا کسی فنکشن کا انعقاد کرنا ہے تو اس مقصد کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ مریخ ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۸ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ یہ وقت ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو گھریلو حالات میں اہم تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جائے رہائش کی تبدیلی کے متعلق سوچ رہے ہیں مگر شک و شبے اور تذبذب کا شکار ہیں تو مثبت رویہ اختیار کریں اور جو بھی فیصلہ کرنا ہے واضح سوچ کے ساتھ کریں۔

برج میزان۔ ستارہ زہرہ

حروف:- ت۔ ٹ۔ ر۔ ط

پیدائش:- ستمبر ۲۴ تا اکتوبر ۲۳

اس ماہ قریبی افراد کی وجہ سے آپ کے ہاتھوں سے روپیہ نکل جائے گا۔ ذہنی بوجھ محسوس ہوگا، کسی بھی طرح سے روپیہ جمع کرنی کی کوشش کریں گے۔ جائیداد کے معاملات، گھر کی تبدیلی یا گھر کی خریداری کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت خوشی کا باعث ہو گا۔

زہرہ ۱۱ تاریخ تک زائچے کے پانچویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد چھٹے گھر میں داخل گا۔ محبت کے معاملات، سوشل زندگی اور سیر وتفریح سے متعلقہ معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ زہرہ ۵، ۱۱، ۱۶، ۲۲، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا اس دن اتفاقیہ ملاقاتیں دیرپا نوعیت کے تعلق کا سبب بن سکتی ہیں کیونکہ ان دونوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تعلقات میں ہم آہنگی لائے گا۔ زہرہ ان افراد کو بھی فائدہ پہنچائے گا جو آرٹسٹک اور تخلیقی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے۔ وہ افراد جو تھیٹر، ڈرامے یا فلم کی دنیا سے منسلک ہیں ان کے لئے بھی یہ وقت خوش بختی لائے گا۔ اگر آپ انعامی اسکیموں یا ایسے کھیلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش بختی کی ضرورت ہوتی ہے تو مندرجہ بالا موافق تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں۔

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کی تسدیس ہوگی۔ کیریئر کے معاملات، روپے کے لین دین، قانونی معاہدات کے لئے زیادہ سوچ بچار کی ضرورت پڑے گی۔ ان دنوں سرمایہ کاری کے معاملے میں بہتری آئے گی اور اخراجات کو کنٹرول کرنے کی ترغیب ملے گی۔ ذہنی واعصابی کمزوری کئی طرح سے صحت پر اثر انداز ہوگی اور اسی سلسلے میں گھر کے کسی فرد یا والدین کی صحت کے سلسلے میں کئی جگہ آنا جانا رہے گا۔ ان دنوں قانونی امداد اور مہربانیاں بھی مدد آور ثابت ہونگی۔ حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے خود کو باقوت بنانا ہوگا۔ ہر معاملے کو ایک چیلنج سمجھ کر آگے بڑھنا ہوگا۔ اگر کسی بھی معاملے کو آسان جانا تو یہی معاملہ آگے بڑا مسئلہ پیدا کرے گا۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ لہذا اپنے قریبی لوگوں کے ساتھ ہر طرح کے معاملات میں محتاط رہنا ہوگا لین دین، بینک کے کام، حساب

کتاب اور اہم لوگوں کے ساتھ ملاقات میں حد درجہ احتیاط کی ضرورت پڑے گی- کوئی بھی غلط بات یا نظریہ تعلقات کو خراب کرے گا- قریبی رشتہ داروں کے ساتھ بھی تمام معاملات میں احتیاط رکھیں- سفر کے معاملات میں احتیاط رکھیں- اس وقت آپ کے پاس جو روپیہ موجود ہے محتاط رہ کر خرچہ کریں-

عطارد زائچے کے پانچویں گھر میں ہو گا اور اس کے بعد ۱۹ تاریخ کو چھٹے گھر میں آئے گا چنانچہ یہ وقت سوشل ملاقاتوں، روزمرہ کے معمولات میں تبدیلی لانے اور پرانے دوستوں سے تعلقات کی تجدید کے لئے موافق ثابت ہو گا۔ اس وقت آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں کی طرف رہے گی اگر ان سرگرمیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا نئے خیالات پر عمل کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت ان مقاصد کے لئے موافق ثابت ہو گا۔ پانچویں گھر میں موجودگی زائد خوش بختی لائے گی۔ اگر انعامی اسکیموں، کھیلوں اور ایسے مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جتنے کے لئے خوش قسمتی کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ وقت ان معاملات کے لئے موافق ثابت ہو گا ۴، ۱۰، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہو گی۔ وہ افراد جو تعلیم اور تدریسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اس وقت ترقی کا موقع ملے گا۔ بچوں کی صحت اور بہتری سے متعلقہ تمام معاملات کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہو گا۔

۲۲ تاریخ کو عطارد زحل کی تسدیس ہو گی- سرمائے کو بہتر اسکیموں میں لگانے کے لئے کوشش کریں- اس میں کامیابی ملے گی- اپنے کام کو وسیع بنیادوں پر بنانے کے لئے قانونی مشورے حاصل کریں- قریبی افراد یا رشتہ داروں کا تعاون حاصل کریں تاکہ باہمی گفت شنید کے ذریعے بہتری پیدا ہو- اہم افراد کے تعاون سے کام کو بڑھا کر اپنی قسمت کو تبدیل کرنے کی کوشش کریں- مطالعہ اور معلومات حاصل کر کے ہی آگے بڑھنا زیادہ سودمند ثابت ہو گا- یہ وقت روحانی علوم کی طرف بھی رغبت دلائے گا-

مریخ سارا ماہ زائچے کے تیسرے گھر میں موجود رہے گا۔ لہذا کاروباری معاملات اور تمام تجارتی سرگرمیاں سبک روی سے جاری رہیں گی۔ مالی امور سے متعلق مشکلات آئیں تو ان پر آسانی سے قابو پا لیں گے۔ اس ماہ کی چند تاریخیں مالی معاملات کے لئے خوش قسمت ثابت ہونگی۔ مریخ ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۸ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ اس ماہ گھر میں خوشی دیکھنے کو ملے گی۔ دوستوں اور بہن بھائیوں کے ساتھ سیر و تفریح سے ذہنی و جسمانی سکون اور تعلقات میں رشتے مضبوط ہونگے۔ اس ماہ خرید و فروخت اور مکینکل اور مشینری کی خریداری یا کسی انعامی اسکیم میں حصہ لینا بھی بہتر ثابت رہے گا۔ تاہم مریخ ۲، ۷، ۱۷، ۲۴ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں محتاط رہ کر کام کرنا ہو گا۔ ان دنوں روپے سے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری نہ لیں اور نہ ہی کسی کو رقم ادھار دیں۔ اگر آپ کی اپنی سواری ہے تو ان دنوں محتاط طریقے سے گاڑی چلائیں۔ حادثہ ہونے کا امکان ہے۔

برج عقرب۔ ستارہ مریخ، پلوٹو

حروف:- ذ۔ ز۔ ض۔ ظ۔ ن

پیدائش:- اکتوبر ۲۴ تا نومبر ۲۲

اس ماہ سماجی سرگرمیوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ فلاحی کاموں میں چندہ یا امداد حاصل کر کے اپنی پوزیشن بہتر کر سکیں گے- یہ وقت خواہشات کو بڑھا دے گا اور دوستوں سے ذرائع آمدن کو بڑھانے کے لئے نئی سوچ اور خیال پیدا کرے گا-

مریخ خانہ مال میں سارا ماہ رہے گا۔ یعنی کاروباری روپیہ کے لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہو گی۔ روپیہ کمانے کی جستجو اور لگن موجود ہو گی۔ خریداری میں خوشی محسوس کریں گے ذہنی سکون ملے گا۔ زائد اخراجات کا بھاری بوجھ بھی آ سکتے ہیں۔ اس ماہ لین دین اور حساب میں جلد بازی سے غلطیاں ہونگی۔ غیر ضروری اخراجات سے جلد عصہ آیا کرے گا۔ تاہم تحمل مزاجی سے کام لیں۔ یہ وقت مشکلات کا باعث بنے گا جس پر مکمل قابو پا سکیں گے۔ اگر کھیل میں حصہ لے رہے ہیں تو جسمانی طور پر فٹ رہیں گے۔ مریخ ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہو گا۔ ان دنوں مکینکل اور ٹیکنیکل کام کروانا بہتر رہے گا۔ تاہم ۲، ۷، ۱۷، ۲۴ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کی تسدیس ہو گی- دوستوں یا رشتہ داروں کے ساتھ سفر کا پروگرام بنائیں تو کسی بھی تبدیلی کے لیے لچک رکھیں- بہن بھائیوں کے ساتھ سفر خوشگوار رہے گا یا ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر ذہن کو وسعت دینے میں مدد کریں گے- یہ ماہ نئے تعلقات بنائے گا- ان دنوں اپنی خواہشات کے مطابق قریبی لوگوں سے فائدہ اٹھائیں- عزیز و اقارب مدد کریں گے- خرید و فروخت برائے مشینری یا دیگر الیکٹریکل مصنوعات کے رابطے اور خط و کتابت مفید رہے گی۔ علوم روحانی یا دنیاوی علوم کو سمجھنے کا بہتر وقت ثابت ہو گا-

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہو گی- کیریئر کے معاملے اور والدین کی صحت کے معاملے میں پریشانی بڑھ جائے گی- اس وقت عزت و وقار کا مسئلہ درپیش ہو گا گھر کے معاملات بے سکونی کا شکار ہوں گے- شریک زندگی کے ساتھ بھی معاملات جھگڑے کا باعث بنیں گے- ہر شخص اپنی اہمیت کو بڑھانے کی کوشش کرے گا- اور انا کا مسئلہ بنے گا-

عطارد زائچے کے چوتھے گھر میں موجود ہو گا اور ۱۹ تاریخ کو پانچویں گھر میں آ جائے گا اس دوران یہ آپ کو ذہنی لحاظ سے مستعد کر دے گا- نئے خیالات اور نظریات عطاء کرے گا- آپ خلاف معمول زیادہ نقل و حرکت کریں گے اور زیادہ تر وقت گھر سے باہر گزرے گا- اس وقت رسل و رسائل اور خط و کتابت آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کرے گی- اس سلسلے میں ۴، ۱۰، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ خاص طور پر اہم ثابت ہو گی یہ تاریخیں اہم قانونی اور آفیشل معاملات طے کرنے کے لئے بھی موافق ثابت ہو گی- ادبی محفل یا تحریر و تقریر یا مقابلہ وغیرہ

کے لحاظ سے تسلی بخش نتائج لائے گا اور اگر آپ نئی قسم کی مشینری اور محنت و وقت بچانے والے آلات کی خریداری کا ارادہ رکھتے ہیں تو گھوم پھر کر ان سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ نیا کاروباری معاملہ ہو یا اس سے متعلق گفت شنید یا اپنے نئے دفتر کی خریداری یا اسے بنانے سے متعلق کسی تعمیراتی افراد سے اہم معاملے پر گفتگو کرنا بے حد مدد آور ثابت ہوگا۔ عطارد ۱۷، ۲۳ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا ان تاریخوں میں کسی بھی نئے کام یا معاملے کو آگے بڑھانے سے قبل خوب اچھی طرح سوچیں اور التواء یا مشکلات کا سامنا کرنے کے لئے تیار رہیں۔

۲۲ تاریخ کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی۔ آپ کا زیادہ تر وقت رشتہ داروں کے مطالبات پورے کرنے اور ان کے کاموں کے لئے صرف کرنا پڑے گا۔ تحریری کام، پبلشنگ، رسل و رسائل کے امور بھی زائد وقت لیں گے بلکہ اخراجات بھی کرنے پڑیں گے۔ نیا کام شروع کرنا ہو تو اس سے متعلقہ معاہدات کو تشکیل دیں۔ معلومات اکٹھی کرنے کے لئے بہتر وقت ثابت ہوگا۔ ان دنوں قانونی مشورہ، باحیثیت افراد، رشتہ داروں یا بھائیوں کا تعاون آسانی پیدا کرے گا۔

زہرہ ۱۱ تاریخ کو زائچے کے پانچویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس ماہ زیادہ تر وقت گھر کے افراد کو دیں گے۔ گھر کی تبدیلی سے نئے تعلقات بنیں گے اور کسی نئے شخص کی آمد خوشیاں لائے گی۔ یہ ماہ والدین کے ساتھ معاملات میں ہم آہنگی لائے گا۔ وہ افراد جو سیر و تفریح کی غرض سے چھٹیاں لے رہے ہیں۔ انہیں خوشگوار وقت میسر آئے گا۔ سوشل زندگی ہو یا سماجی زندگی لوگوں سے ملنے ملانے اور ان کے ذریعے نئے لوگوں سے متعارف ہونے کا موقع ملے گا۔ ذرائع آمدن بڑھانے کے لئے نئے راستے تلاش کرنے ہونگے۔ وہ افراد جو آرٹسٹک امور، فیشن، ڈیزائننگ، کھانے پکانے میں دلچسپی رکھنے والے افراد اپنی اعلیٰ صلاحیتوں کے ذریعے کھانے کے شوقین افراد کو نئے ذوق سے روشناس کرا دائیں گے۔ زہرہ ۵، ۱۱، ۱۶، ۲۲، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

برج قوس۔ستارہ مشتری

حروف:- ف

پیدائش:- نومبر ۲۳ تا دسمبر ۲۲

اس ماہ قوسی افراد کی زندگی میں تیزی سے تبدیلیاں آئیں گی۔ سفر میں موجود رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔ تعلیمی نوعیت کے سفر موافق رہیں گے۔

مریخ سارا ماہ طالع میں رہے گا۔ اس ماہ کے شروع ہی سے اپنی صحت کی طرف توجہ دینے کی ضرورت پڑے گی۔ سستی اور اعصابی دباؤ اور کام میں مشکلات کی وجہ سے سر اور آنکھوں پر اس کا اثر پڑے گا۔ قریبی افراد سے دیرینہ تعلقات سے کام نکلوانے میں آسانی رہے گی تاہم جلد بازی یا غیر ذمہ دارانہ طرز عمل سے تعلقات میں فرق آ سکتا ہے۔ صحت کے لئے کسی کلب میں شامل ہونا بہتر رہے گا اور اپنی غذا کی طرف توجہ دیں۔ کام اور کاروبار میں بے جا اخراجات آئیں گے۔ اگرچہ روپے کا حصول آسان ہو جائے گا۔ مگر لوگ آپ سے زائد روپیہ نکالنے کی کوشش کریں گے۔ اگر آپ کی جائیداد ہے تو اس سے متعلقہ قانونی کام کرنے بہتر رہیں گے۔ اس کے علاوہ حسابات کا از سر نو چیک کرنا بھی کسی غلطی کو سامنے لا سکتا ہے۔ مریخ ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۲، ۷، ۱۷، ۲۴ تاریخ کو محتاط رہنا ضروری ہو گا۔ جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کی تسدیس ہوگی۔ آپ کو تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لئے مواقع حاصل ہونگے۔ سیر و تفریح کے لئے نکلیں۔ دور دراز مقامات جانے کا پروگرام بھی بنائیں۔ ملازمت میں ترقی کرنے کے مواقع ملیں گے یا کوئی ایسی آفر ملے گی جس سے آپ کی دیرینہ خواہش پوری ہو جائے گی۔ تحریرات یا معاہدات میں قانونی مدد حاصل ہوگی۔ جو مشورہ ملے گا وہ بہتر رہنمائی کرے گا۔ یہ وقت خط و کتابت رابطے بھی لائے گا۔ دینوی علوم یا روحانیت سے متعلق علوم کا مطالعہ کرنا بہتر رہے گا۔ ان دنوں انشورنس سے متعلقہ کام کو آگے بڑھانا بہتر رہے گا۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ وہ قوسی افراد جن کی اس ماہ نسبت یا شادی کے سلسلے میں بات چیت ہو رہی ہے ان کے لئے یہ وقت نا موافقت لائے گا۔ اس وقت اپنے اعتماد کو قائم کرنا ضروری ہوگا کیونکہ آپ کی شخصیت دوسروں کی نظر میں بر بنظر آئے گی۔ اس ماہ ترقی کے معاملے میں رکاوٹ ہوگی۔ دوسروں کے ذریعے مالی فائدہ اٹھانے کے موقع ضائع ہوں گے۔ لوگوں کی مہربانیاں خاص مقاصد لیے ہوئے ہونگی۔

زہرہ تیسرے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۱ تاریخ کو چوتھے گھر میں داخل ہوگا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی رشتہ دار اس ماہ کے دوران کسی وقت سیر و تفریح اور خوشی کا موقع فراہم کرے گا۔ شاید کسی ایسے رشتہ دار سے ملنے کا موقع ملے گا جس سے ملاقات ہوئے کافی عرصہ ہو چکا ہے۔ یعنی کوئی ایسی بات ہوگی جو خوشی اور تقریب کا موقع فراہم کرے گی۔ اگر حال ہی میں قریبی رشتہ دار، پڑوسیوں یا قریبی افراد سے اختلافات پیدا ہوئے ہیں تو انہیں دور کرنے میں بھی زہرہ آپ کی مدد کرے گا اور ماحول میں امن و سکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد کرے گا۔ اختلافات اور اسی نوعیت کی دوسری مشکلات اب جلد دور ہونے لگیں گی۔ زہرہ ۵، ۱۱، ۱۶، ۲۲، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہٰذا ان دنوں سیر و تفریح، کسی شادی میں شریک ہونا یا اپنے شریک کا ساتھ سفر کرنے میں یہ وقت خوشگوار رہے گا۔

۲۲ تاریخ کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی۔ ایسے لوگوں سے واسطہ پڑے گا جو آپ کو سرمایہ کاری یا شراکتی بنیادوں پر روپیہ لگانے کے لئے مشورہ دیں گے۔ معلومات اکٹھی کر کے کاروبار میں حصہ لیں۔ قانونی مشکلات حائل رہی ہیں ان پر پوری توجہ دیں اور اس وقت حل کرنے کی کوشش موافق ثابت ہوگی۔ والدین کی صحت کی خرابی کی وجہ سے زائد اخراجات ہونگے۔

عطارد زائچے کے تیسرے گھر میں موجود ہو

گا اور ۱۹ تاریخ کو چوتھے گھر میں آجائے گا۔ قریبی عزیز رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا زیادہ ہوگا۔ لوگ اپنے کام کے سلسلے میں آپ کا زیادہ وقت لیں گے۔ تحریری کام، تعلیمی امور، خط و کتابت اور سفر کے ذریعے لوگوں سے ملاقات کر کے فائدہ اٹھائیں۔ کسی خاص شعبے میں تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں کوششیں خاص کامیابی دیں گی۔ قریبی لوگ بھرپور مدد کریں گے۔ گھریلو مسائل اور نامکمل کاموں کو مکمل کرنے کی طرف توجہ دیں تاکہ ہر کام آسانی کے ساتھ ہو جائے۔ اخبارات اور رسائل سے مدد لیتے ہوئے ملازمت کے حصول کی کوشش کریں۔ اگر والدین کی زمین یا مکان ہے تو اس سے متعلقہ حساب چیک کریں، لوگوں سے قرضہ کی وصولیابی کی کوششیں بہتر ثابت ہونگی۔ عطارد ۴، ۱۰، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج جدی۔ ستارہ زحل

حروف:۔ ج۔ خ۔ گ

پیدائش:۔ دسمبر ۲۳ تا جنوری ۲۰

زائد سوشل زندگی اور سیر و تفریح کے ساتھ لوگوں سے ملنا جلنا اور آنا جانا رہے گا۔ یہ وقت دوستوں کے ساتھ تفریح و سفر بھی لاسکتا ہے۔ یہ ماہ محبت کے معاملات اور تعلقات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔

عطارد خانہ مال میں موجود ہوگا اور ۱۹ تاریخ کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ جہاں یہ آپ کی خواہشات کے معاملات پر مدد آور اثرات مرتب کرے گا۔ بنیادی طور پر سوشل سرگرمیوں اور دوستی کے معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ مشتری کہ سرگرمیوں والے کام لوگوں کے تعاون و مدد سے تکمیل کو پہنچیں گے۔ اگر کسی معاملے میں مدد کے خواہاں ہیں یا کسی خاص مشورے یا تعاون کی ضرورت ہے تو اب آپ کو فوری طور پر مثبت جواب ملے گا۔ نئے لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے۔ ان کی باتیں اور خیالات سے لطف اندوز ہونگے۔ اظہار خیال میں وسعت پیدا ہوگی جس سے اپنی طرف متوجہ کرسکیں گے۔ عطارد ۴، ۱۰، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا ان تاریخوں میں سوشل سرگرمیوں، سیر و تفریح، پارٹی، فنکشن، نشر و اشاعت سے متعلق کام انجام دینا بہتر رہے گا۔ قریبی کاروباری افراد کے ساتھ میٹنگ، گفت شنید یا ملاقاتیں بھی آپ کو نئی سوچ عطا کریں گی۔ تاہم ۱، ۲۳ تاریخ کو اپنے پروگراموں میں لچک رکھیں ان دنوں قریبی افراد اور دوست ناقابل بھروسہ ثابت ہونگے۔

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کی تسدیس ہوگی۔ شراکتی معاملے سے متعلق گفت شنید اور حسابات کو چک کرنا بہتر رہے گا۔ شراکت داری میں نئے معاہدات بہتر رہیں کریں۔ دوسروں کے سرمائے سے حاصل ہونے والا فائدہ کا حساب ضرور رکھیں۔ قانونی معاملات اور معاہدات بہتر رہیں گے۔ شریک زندگی کے ساتھ بیرون ملک کا سفر یا عمرہ کے لیے جانا موافق ثابت ہوگا خیالات کے گرد و غبار کو صاف کریں روحانی و قلبی سکون حاصل کریں۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ اس وقت لین دین کے معاملات میں آپ کو احتیاط رکھنی ہوگی۔ سرمایہ کاری اور پیشہ وارانہ معاملات میں تحریری امور کو زیادہ اہمیت دیں۔ زبانی بھروسہ کسی پر نہ کریں۔ قانونی معاملات اس وقت کسی قسم کی مدد فراہم نہ کریں گے۔ جن لوگوں سے تعاون کے خواہاں ہونگے وہ اس وقت مددگار نہ ہوں گے۔ والدین کے ساتھ بھی معاملات میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں اس وقت ان کی سوچ آپ کے کام پر اثر انداز ہوگی جس سے آپ میں غصہ کا عنصر بڑھ جائے گا۔ شادی اور نسبت سے متعلقہ امور میں اس وقت بات چیت موثر ثابت نہ ہوگی۔

زہرہ خانہ مال میں موجود ہوگا۔ ۱۱ تاریخ کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ اس دوران آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے۔ بہت اہم شخصیت سے ملاقات ہوگی۔ اور وسط ماہ کے بعد اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور مستحکم حالت میں پائیں گے۔ یہ وقت خریداری کے لئے بہت موافق ثابت ہوگا۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ جب آپ فیشن کے مطابق چلنے والے ہوں یا اپنی شخصیت کو پرکشش بنانے پر روپیہ صرف کرنا چاہتے ہوں تو اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ مالی معاملات کے لئے ۵، ۱۱، ۱۶، ۲۲، ۲۶ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ یہ تاریخیں ان افراد کے لئے موافق ثابت ہونگی جو بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ یا جو اپنی خاص صلاحیتوں سے نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جاہ طلب اور مہم جو ہیں تو آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے۔

۲۲ تاریخ کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی۔ اس دن کے نزدیک کاروباری معاہدات، لین دین قرضہ جات کا حصول اور باحیثیت افراد سے تعاون حاصل کریں۔ جائیداد کے عوض قرضہ حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ کام اور ملازمت میں ترقی کے سلسلے میں تبدیلی مقام بھی ہوگا یعنی دوسرے شہر ملازمت کے لئے جانا ہوگا۔ سفر مفید ثابت ہوگا ان دنوں زمین یا مکان کی خرید و فروخت کررہے ہیں تو اس میں مالی منافع حاصل ہوگا۔ روحانی و دینی علوم سے متعلق مطالعہ کر کے ذہنی سکون حاصل کریں۔ آگے بڑھنے کے لئے مثبت سوچ رکھیں۔

مریخ سارا ماہ بارہویں گھر میں موجود رہے گا۔ کاروباری امور میں نئے افراد کا اضافہ ہوگا۔ قریبی لوگوں کی آفر اور نئی دلچسپیاں ذہن کو متاثر کریں گی۔ کچھ رکاوٹوں کی وجہ سے دشمنی بھی مہنگی پڑے گی۔ اپنے اہم کام کی طرف توجہ دیں، تعمیری امور اور مالی اخراجات کو قابو میں کرنا ہوگا۔ فوری نوعیت کے فیصلے اخراجات میں اضافہ کرسکتے ہیں۔ قریبی شخص کی صحت میں پریشانی آسکتی ہے اور ہسپتال کے چکر بھی لگ سکتے ہیں۔ ایسے قانونی معاملات جن میں مشکلات حائل ہورہی ہیں مشورہ کے بغیر کوئی قدم نہ اٹھائیں۔ فلاحی امور کے کام اور ان کی سرگرمیوں کے لئے چندے کی وصولی میں آسانی ملے گی۔ مریخ ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۲، ۱۷، ۲۴ تاریخ کو محتاط رہیں۔ تلخ کلامی، جھگڑا اور حادثہ ہونے کا اندیشہ ہے۔

برج دلو۔ ستارہ زحل، یورنس

حروف:۔
س۔ش
ث۔ص

پیدائش:۔ جنوری ۲۱ تا فروری ۱۹

دلوی افراد لوگوں کے درمیان اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ کاروباری لین دین اور روپے کے معاملات میں بہتری محسوس کریں گے۔ بیرون ملک تعلیم و دیگر نوعیت کے کاموں میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کو اس ماہ اپنے ماحول کے مطابق تبدیلی پیدا کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔

عطارد طالع میں موجود ہوگا اور ۱۹ تاریخ کو خانہ مال میں داخل ہوگا۔ تحریری کام، نشر و اشاعت، پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے بہتر رہیں گے۔ مالی لین دین اور کاروباری معاملات کو اپنی مرضی کے مطابق آگے بڑھا سکیں گے۔ کام، کاروبار اور گھر کو بہتر کرنے کا فیصلہ کن اقدام کریں۔ سفر زائد ہونگے۔ تاہم جو بھی سفر ہونگے وہ لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے میں موافق ثابت ہونگے۔ رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے۔ رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں زائد حصہ لیں۔ بہن بھائیوں کے زائد مطالبات کو آسانی سے حل کر سکیں گے۔ لکھنے لکھانے، تحریری کاموں میں یاقوت سوچ کے ذریعے اعلیٰ تجزیے کر سکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں سے کچھ حاصل کرنے کی کوششیں کامیابی دے گی۔ عطارد ۴، ۱۰، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کی تسدیس ہوگی۔ یہ وقت خاص طور پر ایسے لوگوں سے متعارف کروائے گا۔ جو تخلیقی اور روحانی علوم پر آپ کی مدد کر سکیں گے۔ شریک زندگی کے ساتھ سفر زیادہ ہونگے۔ رشتہ داروں اور خاندانی سوشل سرگرمیوں میں زیادہ آنا جانا رہے گا۔ زندگی کے کئی پہلوؤں کو درست کرنے کی ضرورت ہوگی۔ ان افراد کی زندگی میں بہت جلد کوئی شخص جو قریبی عزیزوں میں سے ہوگا۔ وہ اہمیت اختیار کر جائے گا۔ کسی مقام، دفتر، میٹنگ پر ملاقات محبت کا عنصر زندگی میں داخل ہو گا۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ اپنے قریبی لوگوں کے ساتھ ہر طرح کے معاملات میں محتاط رہنا ہوگا۔ لین دین، بینک کے کام، حساب کتاب اور اہم لوگوں کے ساتھ ملاقات میں حد درجہ احتیاط کی ضرورت پڑے گی۔ کوئی بھی غلط بات یا نظریہ تعلقات کو خراب کرے گا۔ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ بھی تمام معاملات میں احتیاط رکھیں۔ سفر کے معاملات میں احتیاط رکھیں۔ اس وقت آپ کے پاس جو روپیہ موجود ہے محتاط رہ کر خرچ کریں۔

زہرہ ۱۱ تاریخ تک طالع میں موجود ہوگا پھر خانہ مال میں داخل ہوگا۔ اس کی موجودگی سے شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی مزید خوشگوار ہو جائے گی، تاہم کچھ معاملات میں ہمت سے کام لینا ہوگا جب کوئی بات ناپسندیدہ اور ناگوار ہو۔ غیر شادی شدہ افراد کو اس ماہ کسی اہم شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا۔ زہرہ ۵، ۱۱، ۱۶، ۲۲، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ یہ تاریخیں ذاتی مصروفیت والے کاموں، سیر و تفریح، سوشل زندگی اور محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہونگی اور ان معاملات میں تیزی نظر آئے گی۔ یہ وقت کپڑے خریدنے، گھریلو آرائش سے متعلق چیزیں خریدنے اور اپنی شخصیت کو بہتر بنانے کے لئے موافق ثابت ہوگی۔ نیز یہ وقت زائد مقبولیت اور ہر دلعزیزی بھی لائے گا۔ وہ افراد جو کاروباری شراکت داری میں ملوث ہیں یہ اپنے شریک کی خوش بختی کے ذریعے فائدہ اٹھائیں گے۔

۲۲ تاریخ کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی اس دن کے نزدیک بیرون ملک سرمایہ کاری، غیر ملکی کمپنی کے ساتھ تعلقات بڑھانے اور معاہدات کے لئے بہتر ثابت ہوگا۔ ان دنوں ہر قسم کی معلومات حاصل کریں۔ قانونی مشورہ، بینک سے قرضہ، گفت شنید اور اہم کاغذات بنانے کے لئے بہتر ہوگا۔ اگر آپ بیرون ملک یا دور دراز کا سفر کر رہے ہیں تو نسبتاً" بہتر سفر سے واسطہ پڑے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں کے لئے اپنی خواہش کے مطابق ان میں حصہ لیں۔ ذہنی صلاحیتیں اور تخلیقی رجحانات ہی قابلیت کو بڑھانے میں مدد ملے گی۔

مریخ سارا ماہ زائچے کے گیارہویں گھر میں رہے گا۔ چنانچہ اس ماہ دوسروں کے تعاون سے بہت کچھ حاصل کر سکیں گے وہ خاص مقاصد جن کی وجہ سے آپ کلب، گروپ یا سماجی و معاشرتی سرگرمیوں سے منسلک ہیں تو ان کی وجہ سے یہ ماہ ترقی پذیر اور سرگرم ثابت ہوگا۔ اس ماہ کسی ادارے یا کلب کا ممبر بن کر گروہی سرگرمیوں میں شرکت کریں۔ وہ افراد جو معاشرتی اصلاحات و سیاست اور انسانی فلاح و بہبود میں بہت دلچسپی رکھتے ہیں اس ماہ کچھ مثبت اقدام کرنے کا موقع ملے گا۔ چنانچہ کوئی بھی جرات مندانہ قدم اٹھاتے ہوئے بالکل نہ گھبرائیں۔ ان تمام معاملات کے لئے ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۸ تاریخ موافق ثابت ہو گی۔ تاہم یہ بات ذہن میں رہے کہ کواکب کے اثرات کا سامنا کرنا آسان نہیں ہوتا ہے اور ۲، ۷، ۱۷، ۲۴ تاریخ میں غیر موافق نظرات کے تحت یہ عموماً اختلاف اور لڑائی جھگڑے کی نشاندہی کرتے ہیں۔

رسالہ روحانی دنیا کی اشاعت میں اضافہ آپ کا علمی و دینی فریضہ ہے

برج حوت۔ستارہ مشتری، نپچون

حروف:- د۔چ

پیدائش:- فروری ۲۰ تا مارچ ۲۰

اس ماہ مالی معاملات میں تبدیلیاں آئیں گی۔ کاروبار میں ترقی ہوگی یا پھر آپ کی کوئی درخواست منظور ہوجائے گی۔ اس ماہ جو شخص آپ کی زندگی میں داخل ہوگا وہ آپ کے لئے خوش بختی لاسکتا ہے۔

عطارد ۱۹ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد طالع میں آجائے گا۔ ایسے معاملے جن کا تعلق خفیہ معاملات سے ہے اس ستارے کے سعد نظرات کے تحت اہم نوعیت کے انکشافات ہونگے۔ عطارد توجہ مرکوز کرنے کی قوت کو بڑھادے گا اور نئے و پرانے خیالات کو یکجا کرنے کی صلاحیت عطا کرے گا۔ وہ افراد جو تعلیمی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اور کوئی کورس کررہے ہیں انہیں شاندار کامیابی حاصل ہوگی۔ ان معاملات کے لئے اس ماہ کی ۴، ۱۰، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ مددگار ثابت ہوگی۔ تاہم عطارد ۱، ۷، ۲۳ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں قریبی افراد آپ کے ساتھ تعاون نہیں کریں گے۔ چنانچہ اس وقت کچھ حاسدوں کی طرف سے کوئی افواہ گردش کرے گی۔ آپ کے حق میں بہتر یہی ہے کہ اسے نظر انداز کریں۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں لیکن اب تک اس مقصد میں کامیاب نہیں ہوسکے ہیں تو اب کامیابی کی امید ہے لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ حاصل ہونے والے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے تیار رہیں۔

۳ تاریخ کو عطارد مریخ کی تسدیس ہوگی۔ اس وقت کاروباری مسائل کو گفت شنید یا رابطے کے ذریعے بہتر بنانے کی ضرورت ہوگی۔ کوئی بھی مسئلہ ہو اس کا فوری حل ضرور تلاش کریں۔ معاہدات، روپے کا لین دین یا مشینری سے متعلقہ کام کو اس وقت کرنا بہتر رہے گا۔ کاروباری امور سے متعلق گفتگو، تحریری معاملات، نشر و اشاعت، پبلشنگ کے امور بہتر رہیں گے۔ یہ وقت ذہنی و جسمانی قوتوں کو اجاگر کرنے کے لیے کسی کلب میں شمولیت اختیار کریں۔ اردگرد کے ماحول کو بہتر بنا کر سکون حاصل کرسکیں گے۔

۱۱ تاریخ کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی۔ والدین کے ساتھ حد درجہ محبت کے ساتھ پیش آنا ہوگا۔ تاہم اس وقت یہاں آپ کے خلاف ہونگے اور کوئی نہ کوئی بات بری لگے گی۔ خاندان میں اپنی عزت و وقار کو بڑھائیں اور اپنے اعتماد کو قائم رکھنے کی کوشش کریں۔ لین دین کے معاملات، قانونی معاملات یا دوسروں کے ذریعے تعاون حاصل کرنے کے لئے یہ وقت زیادہ مفید افزاء ثابت نہ ہوگا۔ سماجی سرگرمیوں میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بڑھانے کی کوشش کریں تاکہ اپنی ضرورت کے مطابق ان سے کام نکلوایا جاسکے۔

زہرہ ۱۱ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہنے کے بعد طالع میں داخل ہوگا۔ فلاحی امور، غریب و نادار افراد سے متعلق چلنے والے ادارے اس وقت آپ کی فنی صلاحیتوں اور قابلیت سے فائدہ اٹھائیں گے۔ وہ افراد جو میڈیکل سے متعلقہ امور میں تربیت حاصل کررہے ہیں یا امتحان دے رہے ہیں انہیں اپنی کوششوں کا اجر ملے گا۔ زہرہ ۵، ۱۱، ۱۶، ۲۲، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ یہ تاریخیں ذاتی مصروفیت والے کاموں، سیر و تفریح، سوشل زندگی اور محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہونگی اور ان معاملات میں تیزی پیدا ہوگی۔ یہ وقت کپڑے خریدنے، گھریلو آرائش سے متعلق چیزیں خریدنے اور شخصیت کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دینے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ نیز یہ وقت زائد مقبولیت اور ہر دلعزیزی بھی لائے گا۔ وہ افراد جو کاروباری شراکت میں ملوث ہیں یہ اپنے شریک کی خوش بختی کے ذریعے فائدہ اٹھائیں گے۔

۲۲ تاریخ کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی۔ اس دن جائیداد، میراث، املاک سے متعلقہ امور موافق ثابت ہونگے۔ کیریئر کے معاملات میں بڑے لوگوں سے تعاون حاصل کرکے فائدہ اٹھائیں۔ دور دراز علاقے کا سفر کرنا بہتر رہے گا۔ وہ افراد جو زمین، مکان کی خرید و فروخت کا کام کرتے ہیں انہیں رابطے، گفت شنید اور معاہدات کے ذریعے مالی منافع حاصل ہوگا۔ تعلقات مضبوط بنیادوں پر قائم ہونگے۔

ستارہ مریخ سارا ماہ وتد السماء پر موجود ہوگا۔ کیریئر میں ترقی اور روزگار کو بہتر طریقے سے استوار کرنے کی کوشش کریں۔ یہ وقت ذہنی صلاحیتوں کے ساتھ جسمانی قوت صرف کرنے میں پوری مدد فراہم کرے گا۔ الیکٹریکل اور میکینکل مشینری کی خرید و فروخت میں فائدہ ہوگا۔ لوگوں کے ساتھ ورکنگ ریلیشن شپ بہتر ہوگی تاکہ کاروباری سرمایہ کاری محفوظ ہو اور دیرپا منافع حاصل ہو۔ وہ افراد جو کسی خاص ٹیکنیکل یا انجینئرنگ کے شعبے میں داخلہ لے کر اپنی صلاحیتوں کو بہتر کرکے مستقبل میں جلد ترقی کرسکیں گے۔ یہ ماہ کام کے اعتبار سے زیادہ محنت اور جستجو لائے گا۔ جسمانی اور ذہن کو سکون دینے کے لیے ورزش ضروری ہے۔ مریخ ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا ان دنوں حتمی فیصلہ اور باقوت قدم اٹھانا بہتری کے آثار پیدا کرے گا۔ تاہم ۲، ۷، ۱، ۲۴ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں غصہ یا اشتعال نقصان دے گا۔

اپنی مخفی قوتوں کو قابو میں لانا

رجوع همزاد

ہر انسان کے ساتھ اس کا ہمزاد پیدا ہوتا ہے۔ یہ اس کا مخفی جسم ہے۔ اس کو بذریعہ عمل یا ریاضت بطن ظاہری میں لایا جاتا ہے اور پھر اس سے عامل اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لے سکتا ہے۔ اس جسم کے لئے وقت اور فاصلہ کوئی معنی نہیں رکھ سکتا۔ لہٰذا آن کی آن میں دور دراز سے خبریں لاسکتا ہے۔ وہاں سے چیزیں لانا۔ کوئی کام کرکے آجانا اس کیلئے منٹوں سیکنڈوں کا کام ہوتا ہے۔ دو شخصوں میں محبت یا دشمنی ڈالنا کسی جگہ کا نقشہ لانا۔ گم شدہ جانور یا آدمی یا دفینہ کا پتہ دینا۔ اس کتاب میں بیس طریقے اور عملیات ہیں۔

(قیمت =/۱۸۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

ماہ فروری کے ستارے



ذیل میں پہلی اور آخری تاریخوں میں ستاروں کے درجات دیئے گئے ہیں روزانہ مفصل رفتاروں کو برنی تقویم وکواکبی گائیڈر ۲۰۱۸ء میں ملاحظہ کریں۔

۱ — شمس

یکم کو شمس ۱۲ درجہ برج دلو پر ہوگا۔ ۱۹ تاریخ کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ ۲۸ تاریخ کو ۹ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۲ — عطارد

یکم کو عطارد صفر درجہ برج دلو پر ہوگا۔ ۲۰ تاریخ کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ ۲۸ تاریخ کو ۱۸ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۳ — زہرہ

یکم کو زہرہ ۱۷ درجہ برج دلو پر ہوگا۔ ۱۱ تاریخ کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ ۲۸ تاریخ کو ۲۱ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۴ — مریخ

یکم کو مریخ ۳ درجہ برج قوس پر ہوگا۔ سارا ماہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۲۸ تاریخ کو ۱۹ درجہ برج قوس پر پہنچ جائے گا۔

۵ — مشتری

یکم کو مشتری ۲۱ درجہ برج عقرب پر ہوگا۔ اور پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۲۸ تاریخ کو ۲۳ درجہ برج عقرب پر پہنچ جائے گا۔

۶ — زحل

یکم کو زحل ۴ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۲۸ تاریخ کو ۷ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۷ — یورنس

یکم کو یورنس ۲۴ درجہ برج حمل پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۲۸ تاریخ کو ۲۵ درجہ برج حمل پر پہنچ جائے گا۔

۸ — نپ چون

یکم کو نپ چون ۱۲ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۲۸ تاریخ کو ۱۳ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۹ — پلوٹو

یکم کو پلوٹو ۱۹ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ سارا ماہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۲۸ تاریخ کو ۲۰ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۱۰ — عقدتین قمر

یکم کو راس ۱۵ درجہ پر برج اسد پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا۔ ذنب ۱۳ درجہ برج دلو پر حرکت کریگا۔

۵ کو کشمیر ڈے، ۶ کو قمر در عقرب، ۱۱ کو زہرہ در حوت، ۱۳ کو عرس پیر سید بشیر احمد، سوہدرہ، ۱۶ کو سورج گرہن ☀، ۱۷ کو نیا چاند ☾، ۱۸ کو عطارد در حوت، شمس در حوت ♓، یکم جمادی الثانی ۱۴۳۹ھ، ۲۱ کو شرف قمر، ۲۵ کو ہبوط عطارد ہوگا۔

دیپالپور میں

رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کیلئے

طاہر بک اسٹال نیوز پیپر ایجنٹ ہے۔

نظرات کواکب بمعہ اوقات و عملی ھدایت

ماہ فروری ۲۰۱۸ء

سعد/نحس	وقت	اختصار	نظرات	عملی ہدایت ورہنمائی
				(جمعرات ۱ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۳:۴۷	D☍♀	قمر مقابلہ زہرہ	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی۔
ن	۹:۵۹	D□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین' بینک' قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں' کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
س	۱۵:۵۷	D△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
				(جمعہ ۲ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۶:۴۷	D□♂	قمر تربیع مریخ	کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی' تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔
س	۸:۲۱	D△♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں' رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
ن	۲۱:۲۹	D☍♆	قمر مقابلہ نپ چون	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
				(ہفتہ ۳ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۹:۲۲	D△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
س	۱۲:۰۶	D✶♃	قمر تسدیس مشتری	لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
س	۲۰:۵۷	☿✶♂	عطارد تسدیس مریخ	اہم مسائل حل کرسکیں گے' اظہار خیال اور بااعتمادی ترقی کی نئی راہیں کھولے گی۔
				(اتوار ۴ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۵۲	♀□♃	زہرہ تربیع مشتری	روپیہ اور محبت کے معاملات میں ذہنی سکون برباد ہوگا۔ لڑائی جھگڑا ممکن۔ اہم اور خوبصورت چیز گم ہوگی۔
ن	۱۱:۴۹	D□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
س	۱۲:۱۰	D✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
س	۱۳:۲۸	D△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
				(پیر ۵ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۷:۳۴	D△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑسکتی ہے۔
م	۱۴:۲۱	D□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
س	۲۰:۳۲	D△♀	قمر تثلیث زہرہ	ذرائع آمدنی کو بڑھانے کا موقع ملے گا۔ خوشیاں اور سیر وتفریح کے لئے وقت نکالیں۔
ن	۲۳:۴۵	D☍♅	قمر مقابلہ یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
				(منگل ۶ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۱۹:۰۴	D✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
				(بدھ ۷ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۴۴	D□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
س	۶:۳۵	♀✶♅	زہرہ تسدیس یورنس	کسی کی باتوں پر بھروسہ نہ کریں' شک ووہم زیادہ ہوگا' کھلی سوچ رکھیں۔
س	۹:۳۷	D△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
ن	۲۰:۵۳	D□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے۔
س	۲۳:۱۵	D☌♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی۔
				(جمعرات ۸ فروری ۲۰۱۸ء)
م	۲:۵۶	D☌♃	قمر قران مشتری	جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے' وہ آپ کو فائدہ دیں گے۔ کسی نیک کام میں حصہ لیں۔

ن	۱۲:۱۵	☽□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
				(جمعہ ۹ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۱۱:۳۹	☽☌♂	قمر قران مریخ	اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں' اہم فیصلے کریں' تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔
ن	۲۱:۰۴	☽□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید و فروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا۔
				(ہفتہ ۱۰ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۱:۳۱	☽✶☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
س	۱۴:۱۳	☽✶☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
س	۲۱:۳۷	☽△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
				(اتوار ۱۱ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۲۰	☉□♃	شمس تربیع مشتری	خاندانی تعلقات بنانے' کاروباری معاہدات اور لین دین کے لیے ناموافق وقت۔
س	۷:۴۲	☽✶♀	قمر تسدیس زہرہ	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
م	۱۹:۱۶	☽☌♄	قمر قران زحل	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
				(پیر ۱۲ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۱۰:۰۸	☽✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں' یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
				(منگل ۱۳ فروری ۲۰۱۸ء)
م	۰۰:۲۱	☽☌♇	قمر قران پلوٹو	کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں۔
س	۴:۴۱	☽✶♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
ن	۱۰:۴۲	☽□♅	قمر تربیع یورنس	خیالات کا انبار ہوگا' کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
				(بدھ ۱۴ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۳:۳۸	☿□♃	عطارد تربیع مشتری	کاروباری اور مالی معاہدات نہ کریں' تعمیری نوعیت کے کاموں میں رکاوٹیں ملیں گی۔
س	۷:۲۱	☽✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
س	۱۹:۲۸	☽✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
				(جمعرات ۱۵ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۱۶:۵۹	☽□♃	قمر تربیع مشتری	اہم کاغذات اور روپے کا دھیان رکھیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔
س	۲۰:۰۶	☿✶♅	عطارد تسدیس یورنس	نئے لوگوں سے واسطہ پڑے گا ذہنی اور جسمانی طور پر اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا بہتر وقت۔
س	۲۲:۴۰	☽✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
م	۲۳:۰۵	☽☌☿	قمر قران عطارد	ہر طرح کی معلومات حاصل کر کے بہتر فیصلہ کریں' تحریر و تقریر کے لئے موافق۔
				(جمعہ ۱۶ فروری ۲۰۱۸ء)
م	۲:۰۴	☽☌☉	قمر قران شمس	سوشل سرگرمیوں سے متعلق کاموں کے لئے بہتر' خاندانی تعلق بنانے کا بہتر وقت۔
س	۴:۱۸	♀✶♄	زہرہ تسدیس زحل	زمین اور مکان کے حصول اور کاروباری مشورے حاصل کرنے کا بہتر وقت۔
س	۱۹:۵۷	☽✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
م	۲۱:۳۵	☽☌♀	قمر قران زہرہ	اس وقت جذباتی ردعمل کا اظہار ہوگا۔ لوگوں میں زیادہ گھل مل جائیں گے' امیدیں پوری ہو سکتی ہیں۔
				(ہفتہ ۱۷ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۹:۱۰	☽□♂	قمر تربیع مریخ	یہ وقت انتشار' دباؤ لاتا ہے' اچانک کسی بات پر جھگڑا ہو سکتا ہے' دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔
م	۹:۳۱	☽☌♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
ن	۱۶:۳۵	♂□♆	مریخ تربیع نپ چون	معمولی بات پر جھگڑا ہونے کا امکان ہے' حادثہ یا دیگر لین دین میں دھوکہ یا فریب مل سکتا ہے۔

م	۱۷:۲۷	☿☌☉	عطارد قران شمس	ہر کام پر پوری توجہ دیں اور مکمل کرنے کی پوری لگن رکھیں، ذہنی و جسمانی طور پر بہت مفید ہونگے۔
س	۲۲:۴۸	☽✶♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں، مفاد و اشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا، نئی سمت نظر آئے گی۔
				(اتوار ۱۸ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۳:۱۳	☽△♃	قمر تثلیث مشتری	قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں، جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔
				(پیر ۱۹ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۵:۱۴	☽□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
س	۲۰:۱۷	☽△♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی، تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
				(منگل ۲۰ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۶:۴۶	☽□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے، کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
م	۱۶:۱۰	☽☌♅	قمر قران یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی، ٹینشن و ڈپریشن کا شکار ہونگے۔
				(بدھ ۲۱ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۴:۱۵	☽✶☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
س	۱۰:۱۱	☽✶☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں، قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے، سفری امور بھی بہتر۔
س	۱۲:۱۳	☽△♄	قمر تثلیث زحل	روحانی علوم کے حصول کی کوششیں بہتر ہوگی، کسی بڑے کی نصیحت پر ضرور عمل کریں۔
م	۲۳:۴۸	♀☌♆	زہرہ قران نپ چون	فنون لطیفہ و انجینئرنگ کے معاملات میں مل کر پراجیکٹ پر کام کریں تو بے مثال کامیابی حاصل کرسکیں گے۔
				(جمعرات ۲۲ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۱۹	☽✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں، یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
س	۰۰:۲۲	☽✶♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے، تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
س	۱:۲۳	☿✶♄	عطارد تسدیس زحل	زمین و مکان کی خرید و فروخت یا کسی لمبے پروجیکٹ یا سرمایہ کاری میں حصہ لینا بہتر رہے گا۔
س	۱۲:۲۹	☽△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے، کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
ن	۱۶:۴۵	☽□♃	قمر مقابلہ مشتری	قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے، ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
				(جمعہ ۲۳ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۱۳:۰۸	☽□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے فیصلہ نہ کریں، مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے، صرف دوسروں کی سنیں۔
ن	۲۲:۵۰	☽□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں، مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
				(ہفتہ ۲۴ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۲۷	☽□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا، خرید و فروخت میں ہوشیار رہیں، دھوکہ ہوگا۔
ن	۹:۲۵	☽□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی، تاہم تنقید زیادہ ہوگی، روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
ن	۱۰:۵۶	☽☍♂	قمر مقابلہ مریخ	سفر و مشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں، جلد بازی میں کام نقصان دیں۔
				(اتوار ۲۵ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۵۷	☽✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
ن	۱۷:۰۱	♀□♂	زہرہ تربیع مریخ	رقابت بہت بڑھ جائے گی۔ مخالف جنس میں کشش بڑھ جائے گی۔ ذہنی بے سکونی رہے گی۔
م	۱۷:۳۰	☿☌♆	عطارد قران نپ چون	منفی پراگندگی والے رجحان کو روکیں، غلط الزامات بے حد پریشانی لاسکتے ہیں۔
س	۱۹:۳۹	☽△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کریں، کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑسکتی ہے۔
ن	۱۹:۵۱	☽☍♄	قمر مقابلہ زحل	بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں، خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہوجائیگا۔
س	۲۲:۴۵	☉✶♄	شمس تسدیس زحل	اہم معاملات طے کرنے اور سوچ بچار کا وقت، اہم تبدیلیاں آسکتی ہیں۔

				(پیر ۲۶ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۶:۵۰	D △ ♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے- اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں-
س	۸:۴۸	D △ ☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں- تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی-
س	۱۶:۱۴	D △ ♀	قمر تثلیث زہرہ	تعلقات بنانے کا بہتر وقت' سماجی سرگرمیوں اور کلب سے متعلقہ کام بہتر رہیں گے-
ن	۱۸:۱۰	D ☍ ♇	قمر مقابلہ پلوٹو	اہم مسئلے کو حل کریں- جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی ادراکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت-
س	۲۲:۱۶	D △ ♃	قمر تثلیث مشتری	روحانی علوم کی طرف توجہ دیں' کسی بزرگ کے مشورہ پر عمل کریں' قانونی معاملات کو حل کرنے کا بہتر وقت-
				(منگل ۲۷ فروری ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۵۰	D □ ♅	قمر تربیع یورنس	غیر متوقع تبدیلی آپ کو ذہنی انتشار میں مبتلا کرے گی' مراقبہ کے لئے بہتر وقت-
س	۱۵:۱۶	♀ ✶ ♇	زہرہ تسدیس پلوٹو	خوشامد پرست افراد اس وقت فائدہ اٹھائیں گے' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا-
				(منگل ۲۸ فروری ۲۰۱۸ء)
س	۱۸:۲۸	D △ ♂	قمر تثلیث مریخ	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے-
ن	۲۳:۳۵	D □ ♃	قمر تربیع مشتری	لین دین' بینک' قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں' کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا-

لوح مشتری

اسباب و مال وحصول مال و دولت و کشائش رزق

مشتری کا دور بارہ سال کا ہوتا ہے- ہر شخص کو تو زندگی کی عام اور مالی سعادتیں دیتا ہے- کاروبار میں منافع لاتا ہے- مرد اور عورت کے لئے یکساں مفید انتہائی سعد اور پرتاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے- یہ مالی امور میں خوش بختی کو اسطرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو- اس کو پہن کر تمنا دل میں قائم کر کے دعا کیجئے پہنے رہئے انشاء اللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لئے جو اسباب بھی کریں گے- ان سے روپیہ ملے گا اور قدرت ایسے اسباب بھی پیدا کرے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی-

وقت خراب ہے- زمانہ چلتے چلتے ایسی جگہ پہنچ گیا ہے جہاں مالی تباہیاں جلد تر آتی ہیں- جہاں روزانہ مہنگائی کے ذریعہ جو کمایا ختم ہو جاتا ہے- ملازمتوں کا اندیشہ رہتا ہے- کاروبار کی بندش ہو جاتی ہے- اس وقت جو چیز کام دیتی ہے وہ صرف پیسہ ہے فالتو روپیہ! تاکہ اپنی عزت اور وقار کو دوسروں کی نظر میں قائم رکھا جا سکے- قدرت کی طرف سے بھی مواقع کم ہی رکھے گئے ہیں- انسانی امداد کے لئے ۱۲ سال بعد وقت آتا ہے مشتری کو کب مال و دولت گردانا گیا ہے اس لئے علمائے جفر اس وقت کی تاثیر سے فائدہ اٹھاتے ہیں-

دفتر سے منگوانے کے لیے نام معہ والدہ اور ہدیہ منی آڈر کریں- خاص بات معلوم کرنی ہو تو- صبح ۱۱ بجے سے دوپہر ۲ بجے تک فون کریں

کال کریں 0333-7202964 رسالہ روحانی دنیا کراچی ۷۴۸۰۰

رسالہ' کتب' منازل قمر' قمر بروج میں' عملیات کے اوقات اور بہت کچھ اب آپ ہماری ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں www.ruhanidunya.com

فالنامہ

علم الاعداد کا ایک فالنامہ دیا جاتا ہے۔ اشد ضرورت کے وقت پاک وصاف نیت سے نیت باندھ کر صدق دل سے کسی خانہ میں انگلی رکھیں۔ اب اس خانہ سے آخری خانہ تک جس میں ۷۲ ہے۔ کل ہندسوں کو سطور کے لحاظ سے جمع کرلیں۔ اور کل کو ۲۵ پر تقسیم کریں۔ جو باقی بچے اس سے ذیل کا حال معلوم کریں۔

۸۰	۵۴	۴۲	۱۶	۱۳
۴۸	۳۷	۸۷	۲۷	۲۹
۲۶	۵۰	۶۴	۵۲	۶۲
۳۳	۳۶	۱۴	۲۲	۳۹
۷۲	۲۴	۴۱	۲۵	۱۱

(۱) کامیابی میں دیر ہے۔ (۲) احتیاط غور وفکر سے کام لوگے تو کامیابی ہوگی۔ (۳) خیال اچھا نہیں۔ (۴) کام دیر سے ہوگا۔ (۵) کامیابی ہوگی۔ (۶) نفع سے نقصان زیادہ ہے۔ (۷) کامیابی کی پوری امید نہ رکھو۔ (۸) اپنی سستی سے نقصان اٹھائے (۹) جھگڑا ہو بات خراب ہو (۱۰) اس خیال کو ترک کردو۔ (۱۱) ابھی توقف کرو۔ جلدی سے کام بگڑ جائے گا۔ (۱۲) کسی شخص کی وجہ سے رکاوٹ ہے۔ (۱۳) خیال اچھا ہے۔ کامیابی یقینی ہے۔ (۱۴) تجویز اچھی ہے۔ مگر ذرا توقف کرو۔ (۱۵) رکاوٹ پڑ جائے گی۔ (۱۶) کامیابی ہوگا۔ (۱۷) تھوڑی دیر مزید کوشش کی ضرورت ہے۔ (۱۸) ارادہ پورا ہوگا۔ (۱۹) کوئی خاص فائدہ نہیں۔ (۲۰) ذرا توقف کی ضرورت ہے۔ (۲۱) ایک شخص کی مدد سے کام ہوگا۔ (۲۲) ارادہ نیک ہے۔ کامیابی ہوگی۔ (۲۳) کوئی فائدہ نہیں۔ (۲۴) خیال کو ترک کردو۔ (۲۵) کامیابی ہوگی وقت آ پہنچا ہے۔

المختصر

یہ ایک مختصر اسلامی تاریخ ہے۔ جس سے ہر مسلمان کا آگاہ ہونا ضروری ہے۔ پیدائش رسول مقبول ﷺ سے لے کر دور امیہ تک کے ہر سال کی ہر تاریخ کے واقعات بیان کئے گئے ہیں اور خلفائے راشدین کے دور کے متعلق پوری تفصیل دی گئی ہے۔ آخر میں اہم شجرے ہیں۔ جن سے ہمیں مذہب کے فرقوں کی اصلیت کا پتہ چلتا ہے۔

(قیمت =/۱۸۰ روپے) اوراق پبلشرز کراچی

بد قسمت زندگی کو بدلیے

۱۔ حب جاہ، لیڈیری، شجاعت کے اسباب پیدا کرتی ہے۔

۲۔ یہ لوح دشمنوں اور مخالفوں کے عملی اقدام کو روکتی ہے۔ مخلفانہ حرکتوں کو ناممکن اور مخالف کا کوئی حربہ کامیاب نہیں ہوتا۔

۳۔ غیر متوقع نقصانات اور ترقی کے راستوں میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سریع التاثیر ہے۔

۴۔ ذرائع آمدن، سرمایہ کاری، گورنمنٹ سیکیورٹیز اور سرٹیفکٹ، ڈالر، پاونڈ، یورو، لاٹری، بانڈز و شیئرز میں وسیع نفع دیتا ہے۔

۵۔ وہ لوگ جو ہر دفعہ کام یا روزگار میں ناکام رہتے ہیں ان کی زندگی میں تبدیلی لاتا ہے۔ ناکامی کو کامیابی میں بدل دیتا ہے۔

۶۔ قلبی امراض، وجع المفاصل (گٹھیا)، دل کی دھڑکن کی تکلیف میں شفایابی دیتی ہے۔

حضرت کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور محققانہ تصنیفات

۱- عامل کامل حصہ اول	جفری قواعد کے سریع التاثیر عملیات' اسماء' موکلات' دعوات	قیمت ¦ ۳۶۰ روپے
۲- عامل کامل حصہ دوم	علم النقوش اور علم الالواح' علم تکسیر' علم الاعداد	قیمت ¦ ۵۵۰ روپے
۳- حل المقاصد	مستحصلہ عربی' اردو زبان میں سوال و جواب	قیمت ¦ ۱۴۸ روپے
۴- الساعت حصہ اول	روزانہ کام کرنے کی سعد اور نحس اثرات کا ساعتی نظام	قیمت ¦ ۴۵۰ روپے
۵- الساعت حصہ دوم	ساعتی نظام کی تفصیل معہ اعمال' اسماء' عزیمتیں' طلسم	قیمت ¦ ۳۶۰ روپے
۶- رموز الجفر	تسخیر' شرفات کواکب' اسمائے الٰہی' جفر کے حصہ آثار پر عظیم کتاب	قیمت ¦ ۴۲۵ روپے
۷- عددوں کے حکومت حصہ اول	علم الاعداد کے تجربات' نظریات نام کے اعداد سے قسمت' غیبی نمبر	قیمت ¦ ۴۵۰ روپے
۸- عددوں کی حکومت حصہ دوم	کل امور ہائے زندگی کے علاوہ کی نسبت و زائچہ اعداد کی تشریح	قیمت ¦ ۳۶۰ روپے
۹- قواعد عملیات	عملیات کرنے والوں کے لئے جملہ معلومات	قیمت ¦ ۳۴۰ روپے
۱۰- اسباق النجوم	نجوم کی ابتدائی معلومات' برجوں کی تفصیل معہ زائچہ بنانا	قیمت ¦ ۳۸۰ روپے
۱۱- رجوع ہمزاد	ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے اور عملیات	قیمت ¦ ۱۸۰ روپے
۱۲- جذب القلوب	اعداد متحابہ کا نظریہ و عملیات محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال	قیمت ¦ ۱۵۰ روپے
۱۳- پتھروں کے سحری خواص	حصول برکات کے لئے جواہرات کا پہننا اور حقائق	قیمت ¦ ۲۸۰ روپے
۱۴- آثار النجوم حصہ اول	اصطلاحات و تشریحات' مکمل زائچے کی تفصیل	قیمت ¦ ۸۵۰ روپے
۱۵- آثار النجوم حصہ دوم	زائچہ کے پڑھنے کا طریقہ' کردار' شادی' روپیہ' تعلیم' پیشہ	قیمت ¦ ۳۸۰ روپے
۱۶- روح قرآن حصہ اول	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ¦ ۳۵۰ روپے
۱۷- روح قرآن حصہ دوم	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ¦ ۳۵۰ روپے
۱۸- المختصر	عہد رسالت سے قرون اولی کی تاریخ	قیمت ¦ ۱۵۰ روپے
۱۹- بچے اور ستارے	بچوں کی پرورش' تعلیم اور پیشہ کی رہنمائی	قیمت ¦ ۲۸۰ روپے
۲۰- تعلقات	زن و شوہر کی مزاجی اور مقسومی کیفیت جاننا	قیمت ¦ ۱۸۰ روپے
۲۱- تقویم المومنین	شرعی نقطہ نظر سے تاریخوں کا نیک و بد	قیمت ¦ ۱۵۰ روپے
۲۲- برنی تقویم برائے سال	جاری سال کے ستاروں کی رفتاریں' ہر شخص کے حالات' گرہن' سفر' سعد و نحس اوقات' کلینڈر	قیمت ¦ ۲۰۰ روپے
۲۳- برنی روزانہ کواکبی گائیڈ	سرمایہ کاری' قمر سے متعلقہ کام' نظرات' ۱۸۰ صفحات پر مشتمل روزانہ کام کی اہم ڈائری	قیمت ¦ ۲۰۰ روپے
۲۴- تسویۃ البیوت	۲۴ گھنٹے پر مشتمل (ہر ۴ منٹ کا وقفہ) زائچے کے گھروں کے درجات۔ پاکستان کے سو شہروں	قیمت ¦ ۹۵۰ روپے
۲۵- اٹلس	دس ہزار (چھوٹے و بڑے شہر و گاؤں) پر مبنی پاکستان کی پہلی کتاب جس میں ہر شہر و گاؤں کا تفاوت وقت موجود ہے	قیمت ¦ ۱۲۰۰ روپے
۲۶- برنی کواکبی رفتاریں	۵۰ سال (۱۹۵۰ تا ۲۰۰۰ء) کی مکمل کواکبی رفتاریں' گرہن' رجعت و استقامت' اسلامی مہینے و تاریخ	قیمت ¦ ۱۲۵۰ روپے
۲۷- کواکبی کلینڈر	کواکب کی معلومات' نظرات' ستاروں کی رفتاریں' گرہن' منازل قمر' کواکب و قمر کا داخلہ معہ اوقات	قیمت ¦ ۱۰۰ روپے
۲۸- ضوء قمر	ہلال قمر (۱۹۰۰ تا ۲۰۲۵ء) عیسوی و ہجری کلینڈر	قیمت ¦ ۱۰۰ روپے
۲۹- تاشون (ناول)	حضرت کاش البرنیؒ کی روحانی اور علمی کاوشوں کو کہانی میں ڈھال کر خوبصورت انداز میں لکھا ہے۔	قیمت ¦ ۵۰۰ روپے

رسالہ روحانی دنیا کا نمونہ مفت منگوائیں اس کا سالانہ چندہ =/۹۶۰ روپے بذریعہ رجسٹری ہے۔ رقم بذریعہ منی آڈر کریں یا رسالہ وی پی سے منگوائیں۔

حارث عثمانی پبلشرز نے بااہتمام اوراق پبلشرز سے چھپوا کر دفتر رسالہ روحانی دنیا' پی آئی بی کالونی' کراچی ۷۴۸۰۰ سے شائع کیا


برنی اٹلس آف پاکستان
پاکستان کے تقریباً ۹ ہزار شہروگاؤں کے نام
شہر کا طول بلد اور عرض بلد
ہر مقام کا معیاری وقت (GMT سے فرق)
منطقہ وقت
گورنمنٹ نے کن سالوں میں اپنی گھڑیوں کو GMT سے تبدیل کیا
کسی بھی دو شہروں کے درمیان وقت کا فرق آسانی سے معلوم کریں
دیگر ممالک کے شہروں کے نام طول بلد اور عرض بلد اور
GMT سے ہر مقام کے وقت کا فرق
PUNJAB
BALOCHISTAN
تحریر و ترتیب: حارث عثمانی
اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

پتھروں کا سحر
آپ کی شخصیت پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے
درجہ اول درجہ دوم اور درجہ سوم کی وسیع ورائٹی
پتھر کی تشخیص کے لیے فارم منگوائیں

عملیات سے دلچسپی لینے والوں اور علم نجوم کے جاننے والوں

برنی تقویم 2018 کے لئے

میں آپ کی تمام ضروریات اور وقت کے حسابات دیئے گئے ہیں

اعلیٰ معیار، مستند اوقات

اس میں ہندوانہ حساب
نہیں ہوتا اور نہ ہی ہندوانہ
اصطلاحات دی جاتی ہیں

استخراج طالع
نقشہ تحویلات سیارگان
ستاروں کے سعد ونحس اثرات
نقشہ تفاوت وقت
اسٹینڈرٹائم
بروج طالع اور کواکب
نظرات کے اثرات
کواکب کا سعد ونحس اثر
بارہ ماہ کے نظرات
مدت اثرات کواکب
تحویل آفتاب
سیارگان کے مراتب کے اثرات
اختیارات قمر
زائچے کے بارہ گھروں کے منسوبات
ساعات سیارگاں
چاند اور سورج گرہن کے اوقات
قمری حرکات
تعطیلات وتہوار
منسوبات کواکب
عملیات کے اوقات
طلوع وغروب وقت
نیا چاند
منازل قمر

برنی تقویم ممتاز درجہ رکھتی ہے جس میں

- ہر شخص کے سال بھر کے مکمل حالات معہ ان کی تقدیری اندازوں کی۔
- دنیا کے ممالک کے حالات وواقعات اور وقت کے مدوجزر۔
- آپ کا جو ستارہ ہے وہ کن وقتوں اور کن سالوں میں خوش قسمتی یا بدقسمتی لائے گا۔
- ہجری، عیسوی، بکرمی تاریخیں معہ ہر دن کے اثرات وواقعات
- سال بھر کے قریباً ۱۵۰۰ نظرات جو روزانہ زندگی میں دن بھر کی سعادت ونحوست کے اوقات کا اظہار کرتے ہیں
- جملہ کواکب کی روزانہ رفتار، رجعت واستقامت، طلوع وغروب، اوخال اور شرف ہبوط معہ اوقات
- عاملین، منجمین، کاروباری افراد، ملازمین، دوکاندار، مزدور ہر طبقہ کے افراد کے لئے ایک سال کی مکمل معلومات

دفتر سے برنی تقویم 2018 حاصل کریں یا قریبی بک سے طلب فرمائیں۔ آرڈر آج ہی لکھیں

قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

Phone: 021-34949944
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com

اوراق پبلشرز، ابراہیم مارکیٹ، پی آئی بی کالونی، کراچی کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰